جلد: ۱۱ شمارہ: ۱ - ۲
جنوری - جون ۲۰۲۴

ISSN: 2394-5567
S.No. 26

# دبیر

UGC Care Listed

مدیر
احمد نوید یاسر ازلان حیدر

DABEER January - June 2024 S.No. 26

ISSN: 2394-5567
S.No. 26

Vol: 11, Issue: 1-2
January - June 2024

# DABEER

UGC Care Listed

Editor:
Ahmad Naved Yasir Azlan Hyder

ISSN:- 2394-5567 (UGC Care Listed) S.No. 26

بخواندم یکی مرد هندی دبیر سخن گوی و گوینده و یادگیر (فردوسیؔ)

# دبیر

(بین الاقوامی پییر ریویوڈ ریفیر یڈ سہ ماہی ادبی و تحقیقی جریدہ)


جلد:۔۱۱ شمارہ:۔۱- ۲

جنوری۔جون ۲۰۲۴ء



☆ایڈیٹر☆

احمد نوید یاسر ازلان حیدر

Mob. no. 09410478973

☆مراسلت کا پتہ☆

دبیر حسن میموریل لائبریری

۱۲۔چودھری محلّہ (جنوبی)،کاکوری،لکھنؤ۔۲۲۶۱۰۱

**dabeerpersian@rediffmail.com**

**website: www.dabeerpersian.co.in**

## ☆ریویو کمیٹی☆

**پروفیسر آذرمی دخت صفوی**، علی گڑھ

**پروفیسر شریف حسین قاسمی**، دہلی

**پروفیسر مسعود انور علوی کاکوروی**، علی گڑھ

**پروفیسر عمر کمال الدین کاکوروی**، لکھنؤ

**پروفیسر طاہرہ وحید عباسی**، بھوپال

**پروفیسر مظہر آصف**، نئی دہلی

## ☆مجلس ادارت☆

**پروفیسر سید حسن عباس**، شعبہ فارسی، بی ایچ یو، وارانسی

**پروفیسر سید محمد اسد علی خورشید**، شعبہ فارسی، اے ایم یو، علی گڑھ

**پروفیسر علیم اشرف خان**، شعبۂ فارسی، دہلی یونیورسٹی، دہلی

**پروفیسر سید محمد اصغر**، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

**پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی**، ڈائرکٹر، مرکز مطالعات اردو ثقافت، مانو، حیدر آباد

**ڈاکٹر محمد عقیل**، شعبہ فارسی، دانشگاہ ھندوی، بنارس

**ڈاکٹر محمد احتشام الدین**، مرکز تحقیقات فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

**ڈاکٹر افتخار احمد**، شعبۂ فارسی، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدر آباد

**ڈاکٹر محمد قمر عالم**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

**ڈاکٹر انجمن بانو صدیقی**، شعبہ فارسی، کرامت کالج لکھنؤ

## ☆معاون مدیر☆

**ڈاکٹر محمد توصیف خان کاکر**

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

**ڈاکٹر عاطفہ جمال**

پی ایچ ڈی، شعبۂ فارسی، لکھنؤ یونیورسٹی، لکھنؤ

## فہرست مندرجات


| | عنوان | مقالہ نگار | صفحہ |
|---|---|---|---|
| | اداریہ | ازلان حیدر | ٤ |
| ۱ | علوم وفنون اور تہذیب وثقافت کا مرکز: چریا کوٹ | پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی | ٥ |
| ۲ | ہندوایران روابط: تاریخ کا سنہرا باب | ڈاکٹر زرینہ خان | ۱۹ |
| ۳ | مولانا جلال الدین رومی اور پیغام انسانیت | ڈاکٹر محمد قمر عالم | ۲٤ |
| ٤ | علم النغمات یا قرآن کریم کے لہجات کا فن | حامد میاں | ۳۱ |
| ٥ | اشعار نظامی میں سبک وروش | ڈاکٹر محمد اقبال بابا | ۳۸ |
| ٦ | اقبال کا نظریہ فنون لطیفہ | ڈاکٹر حنا کوثر | ٤٧ |
| ۷ | خط نستعلیق: ابتداء وارتقاء | ڈاکٹر محمد توصیف | ٥٥ |
| ۸ | فلسفہ خودی اسرار ورموز کے آئینہ میں | ڈاکٹر سید مزمل مرتضی | ٦۲ |
| ۹ | محمود شیرانی بحیثیت فارسی تنقید نگار: ایک طائرانہ نظر | حبیب الرحمٰن | ٦۹ |
| | **میراث خطی** | | |
| ۱۰ | کلیلہ ودمنہ کا ایک قدیم ترین فارسی ترجمہ | ڈاکٹر شبیب انور علوی | ۸۰ |
| | **شخصیات** | | |
| ۱۱ | پروفیسر حبیب المرسلین شیدا | پروفیسر رضوان اللہ آروی | ۸۷ |
| | **دکنیات** | | |
| ۱۲ | ڈاکٹر رضیہ اکبر: جامعہ عثمانیہ کی پہلی فارسی استاد | ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں | ۱۰٥ |
| | **چشم بینش** | | |
| ۱۳ | رفیق العارفین: تصوف کا ایک قدیم اور اہم ماخذ | محمد ابرار رضا | ۱۱٤ |

# اداریہ

۲۰۲۴ء میں جریدہ کا پہلا شمارہ بڑی تاخیر سے آخرکار اللہ رب العزت کے فضل وکرم کے ساتھ اشاعت کے لئے تیار ہوا۔ مضامین کی تعداد ہمیشہ کی طرح لمبی فہرست پر مبنی ہے، اردو وانگریزی دونوں زبانوں میں ایک سے بڑھ کر ایک مضامین اپنی تحقیق، تنقید اور نوعیت کے اعتبار سے موصول ہوئے اور جریدہ کی رونق بنے۔ البتہ ایک حیرت انگیز طور پر ایک مسئلہ پچھلے کئی شماروں سے ذہن میں کہیں نہ کہیں ابھر رہا ہے اور وہ مسئلہ فارسی ادب کے مضامین کی کم آوری ہے۔ شروعاتی دور میں انگریزی کے دو چار مضمون ہی اشاعت کے لئے آتے تھے اب اردو مضامین اس ضمرے میں پہنچ گئے ہیں۔ سرکار نے مجلوں اور جریدوں کے معیار کے لئے ایک فہرست ''یو جی سی کیئر لسٹ'' بنائی جس میں الحمدللہ یہ جریدہ بھی شامل ہوا، جریدہ میں اشاعت کے لئے تحقیق کے جن میدانوں کی فہرست بنی اس میں فارسی ادب، سنسکرت سے فارسی تراجم، تاریخ، فلسفہ اور تصوف ہیں۔ کیئر لسٹ میں یہی تفصیلات چسپاں کی گئیں اور اس کا اثر یہ ہوا کہ تاریخ اور فلسفہ سے متعلق مقالات کا سیلاب آنے لگا جن کو اب جریدہ کے آئندہ شماروں کے فولڈرس کے حساب سے ترتیب دیا جانے لگا۔ البتہ ایک طرف جہاں انگریزی زبان میں بہت زیادہ مقالات موصول ہورہے ہیں وہیں اردو زبان میں کچھ ایک مقالات ہی موصول ہوتے ہیں۔ جس کی وجہ سے اردو کا حصہ ہر شمارے کے ساتھ کم ہوتا جارہا ہے، جبکہ اس حصہ کو کئی تحقیقی میدانوں کے تحت منقسم بھی کیا گیا ہے مثلاً مقالات، دکنیات، میراث خطی، شخصیات اور چشم بینش۔ شروعات میں ایک یا ایک سے زاید مقالات کی شکل میں مختلف دانشگاہوں میں تکمیل پانے والے تحقیقی مقالات کی فہرست بھی شامل ہوا کرتی تھی جو بند ہوگئی یا کسی فہرست بنانے والے کے نہ ملنے کی وجہ سے بند کرگئی۔ لیکن اس جریدہ کی اصل خوبصورتی اردو زبان میں فارسی ادب کے مقالات کی اشاعت ہے۔ جس میں دھیرے دھیرے کمی آتی جارہی ہے۔ لہٰذا فارسی زبان وادب کے تمام اساتید و ریسرچ اسکالرس سے گزارش ہے کہ اپنے مقالات ارسال فرماتے رہیں تاکہ اردو کے حصہ میں بھی پہلے کی طرح مضامین کی خاطرخواہ تعداد بنی رہے۔

دبیر ۲۶ (جنوری۔جون ۲۰۲۴ء) میں مختلف نوعیت کے ۹ مقالات، خطی نسخوں سے متعلق ا مقالہ، شخصیات پر ا مقالہ، دکنیات میں ا مقالہ اور چشم بینش میں ا مقالہ شایع ہوا رہا ہے۔ انگریزی کے حصہ میں مختلف موضوعات پر شائع ہونے والے مقالات کی تعداد ۲۲ ہے۔ اشاعت کے ساتھ ہی یہ جریدہ آپکو ویب سائٹ پر موصول ہوجائے گا۔ بہت شکریہ

ازلان حیدر

پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی
مرکز مطالعات اردو ثقافت
مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

# علوم وفنون اور تہذیب وثقافت کا مرکز: چریا کوٹ

خلافت عباسیہ کی تاریخ بہت ہی باوقار با کمال اور پر جلال رہی ہے۔اسی دور میں ہی مسلمانوں نے اسلامی علوم وفنون کی تدوین اور دیگر تمام زبانوں سے علوم وفنون وفلسفہ اور حکمت کے صرف تراجم ہی نہیں کیے، بلکہ ان علوم کے رموز ونکات ابتدا وارتقا مراحل ومسائل پر روشن خیالی کے ساتھ غور وخوص کر کے ان کا تحقیقی وتنقیدی تجزیہ بھی کیا ساتھ ہی ساتھ مختلف علوم و فنون کی تدریس واشاعت کے لیے مکاتب، مدارس، دانشکدے اور دانشگاہیں بھی قائم کیں۔علمی کاموں اور کارناموں کے دوش بدوش صنعت وحرفت، فن تعمیر اور شعروادب کو بھی ترقی کی معراج پر پہنچا دیا۔ بلا تفریق مذہب وملت اور مرد وزن علم کو عام کر دیا ان کے کتب خانے مختلف علوم وحکمت اور فلسفہ ومنطق کے کتب سے بھرے پڑے تھے جہاں نہ جدید وقدیم کی کشمکش تھی اور نہ ہی تقلید کی روش بلکہ تحقیق تاویل اور ترویج کے دریچے وا تھے۔دنیا کے تمام علوم ان کی مٹھی میں سمٹ آئے تھے، یہ علاقہ علما ادبا محققین محدثین اور مہندسین کا مرکز ومسکن ہو گیا تھا۔تصوف، گوشہ نشینی اور خود گریزی خود فریبی ثابت ہو رہی تھی حرکت حرارت حریت اور حرمت کا دور دورہ تھا۔قلم کی طاقت نے علم وہنر کے چمن میں تلاش وجستجو کے بے شمار لالہ وگل کھلائے تھے۔ ان کی تہذیب وتمدن دنیا کو خیرہ کیے ہوئے تھی کہ اچانک تاتاریوں کا طوفان آیا اور ایک ہی پل میں سب کچھ غارت کر کے رکھ دیا علما پابند زنجیر ہوئے، حکما دار پر چڑھا دیے گئے اور علم ودانش کا گلا گھونٹ دیا گیا محققین معتوب ہوئے اور قتل عام کا حکم صادر ہوا۔دریا علما کے خون سے سرخ اور ادبا کی کتب سے سیاہ ہو گیا، دانائی جرم قرار پائی علم وفضل کا مسکن مقتل میں تبدیل ہو گیا، زمین تنگ ہو گئی اور ہجرت ہی واحد ذریعہ بچا، ایسے حالات میں جو لوگ بچ گئے انہوں نے دیگر ممالک کا سفر اختیار کیا انہیں میں ابو اسمعیل یوسف مخدوم زادہ بھی تھے۔

مخدوم زادہ عدن کے حاکم ابو جلال فخر الدین کے پوتے اور ابو الاعلا اعز الدین کے بیٹے تھے۔مخدوم زادہ عدن سے بعہد تغلق ہندستان آئے۔ بادشاہ کو جب ان کے آنے کی خبر ملی تو علما ومشائخ اور اراکین سلطنت کے ساتھ دہلی سے باہر جا کر پالم کے مقام پر ان کا استقبال کیا اور انتہائی ادب واحترام کے ساتھ ان کی پذیرائی کی۔مخدوم زادہ عباسی کے لقب سے انکو ملقب کیا اور بے شمار زمین اور جائدادیں انہیں عطا کیں جس کے متعلق ضیاالدین برنی نے تاریخ فیروز شاہی کے صفحہ ۴۹۶ میں اور ابوالقاسم فرشتہ نے تاریخ فرشتہ کے صفحہ ۱۳۹ پر لکھا ہے کہ 'دولک تنکہ پرگنہ کوشک سیری وتمام محصول زمین داخل حصار و باغات نذر کیا' اور ڈاکٹر حبیب اللہ نے اپنی تحقیق میں صفحہ ۴۲ پر ان الفاظ کو اس طرح تحریر کیا ہے۔'اور تمام پرگنہ سسری بطور جاگیر اور آذوقہ خیل وخدم کے مرفوع القلم دے دیا' اور معتصم عباسی نے علمائے چریا کوٹ میں اسے ان الفاظ میں بیان کیا ہے

۔دُس لاکھ تنکہ قنوج کا علاقہ کوشک سیری وحصار سیری کے تمام محصلات بے شمار زمینیں حوض اور باغات مخدوم زادہ کی نذر کی۔

تغلق کے انتقال کے بعد سارے معاملے یکسر تبدیل ہو گئے کیونکہ فیروز شاہ تغلق کی شخصیت علاوہ مذہب سیاست قیادت فلسفہ ومنطق اور انتظامی صلاحیت سے پوری طرح عاری تھی اس لیے فیروز شاہ تغلق اور مخدوم زادہ میں بہت سی باتوں پر اختلاف کھل کر سامنے آ گیا جس کا ذکر متعدد حوالوں تذکروں اور تاریخوں میں ملتا ہے۔محمد نبی عباسی ، احسن الانساب بنوالعباس چریا کوٹ، جو کہ ایک قلمی نسخہ ہے کے صفحہ ۱۸-۱۹ پر اس اختلاف اور تعلقات میں خرابی کے متعلق لکھتے ہیں:

مخدوم زادہ اس علاقہ میں اپنی زمینداری کے ساتھ ساتھ قضا کی خدمت بھی بخوبی انجام دیتے ہوئے چریا کوٹ میں ہی وفات پائی اور یہیں سپرد خاک بھی ہوئے مخدوم زادہ کے تین فرزند تھے۔

اسما گرامی عاشق محی الدین نور،محمد مبارک اور عبداللہ یوسف تھے۔

لیکن افسوس کہ عبداللہ یوسف کی زندگی نے وفا نہیں کی وہ چریا کوٹ پہنچنے کے چند دن بعد ہی عین جوانی میں انتقال کر گئے۔مخدوم زادہ نے انہیں کے نام پر چریا کوٹ کا نام یوسف آباد رکھا تھا،جس کی شہادت مولوی نجم الدین چریا کوٹی کے یہ اشعار دے رہے ہیں:

چریاکوٹ خوانندش عوامش    ولیکن یوسف آباد ست نامش

فلك تا طرح این آباد بنهاد    ز خاك پاك جنت كرد بنیاد

چراغ آسمان روشن ز دودش    ز جنت میرسد هر دم درودش

محمد مبارک بھی ابواسمٰعیل یوسف مخدوم زادہ کے ایک بیٹے تھے وہ اولاد نرینہ سے محروم رہے صرف مخدوم زادہ کے بڑے صاحبزادے عاشق محی الدین نور،صاحبِ اولاد ہوئے انہیں کی نسل سے مخدوم زادہ کی نسل چلی اور اطراف میں شہرت و دولت کے ساتھ ساتھ علم وفضل میں بھی مشہور ومعروف ہوئی یہ خطہ انہیں کے فضل وکرم اور فیوض وبرکات سے یونان وروما کے برابر جا پہنچا ایک طرف یہ علم وفضل اور تعلیم وتدریس کے فرائض انجام دے رہے تھے دوسری جانب چیرو اور بھر قوم مسلسل ان کے وجود کو ختم کرنے کے درپے تھیں، چونکہ یہ علاقہ مخدوم زادہ کی آمد سے قبل راجپوتوں اور چیرا قوم کا مسکن تھا اس لیے یہ قومیں اس علاقہ کو دوبارہ حاصل کرنے کے لیے بھرپور کوشش کر رہی تھیں بھر اور چیرا قوم کے متعلق ایک انگریز محقق مسٹر ٹی ڈبلیو ایچ ٹامبورٹ اسسٹنٹ کمشنر ضلع ڈیرا اسمٰعیل خاں نے اپنی کتاب خلاص الحال اقوام الہند میں جو ۱۸۷۰ء میں جیل ڈیرا اسمٰعیل خاں سے شائع ہوئی کے صفحہ ۸ پر لکھا ہے:

''یہ لوگ نہ یکجا نہ یکساں نہ خالص ہیں لیکن صمغ (گوند) کے مانند جو پانی میں گھل جاتی ہے جابجا یعنی کوہستان یا جنگل میں منتشر پراگندہ ہیں ثابت ہوتا ہے کہ یہ اقوام گاہے گاہے زمانِ عنقریب بیلی پہاڑ سے اتر کر زمین ہموار پر متصرف ہوئے مثلاً بھورا (بھر)اور چیرو علاقہ کثیر اودھ وبنارس وبہار میں تصرف کیا۔''

چیرو قوم چریا کوٹ میں قدیم زمانہ سے آباد تھی ان کا پیشہ رہزنی اور ڈکیتی تھا،اس وقت چونکہ اطراف میں چھوٹے

چھوٹے راجا ہوا کرتے تھے اوران کے علاقے بھی ایک دوسرے سے الگ الگ ہوا کرتے تھے جس میں باہم تصادم بھی ہوا کرتا تھا اس لیے زیادہ تر راجا ایک دوسرے کے لیے ان کا استعمال بھی کیا اور سرپرستی بھی کرتے رہے، جس کی وجہ سے ان کی طاقت مسلسل بڑھتی گئی۔ان کا نہ کوئی مذہب تھا اور نہ ہی کوئی ذات بلکہ دبنگ اور سرکش لوگوں کی ایک جماعت تھی۔ان کی شادیاں بھی آپس میں بلاتفریق ہوا کرتی تھیں۔ان کی تعداد طاقت اور علاقہ اتنا وسیع ہوگیا تھا کہ انہوں نے اپنا ایک قلعہ بھی بنا لیا تھا جہاں ان کا دربار بھی لگتا تھا ان کی ایک فوج بھی تھی ان کے فوجی آفیسر کا نام چیرس تھا جسے وہ لوگ چیرو کہا کرتے تھے۔چیروقوم اور چریا کوٹ کے متعلق کلیم صفات اصلاحی شبلی میگزین ۲۰۰۷ء کے صفحہ ۱۱ پر لکھتے ہیں:

> ''تاریخ وتذکرہ کی کتابوں میں مذکور ہے کہ چریا کوٹ کے گردونواح میں پہلے چیرو قوم آباد تھی۔ممکن ہے اس نام کی نسبت اسی قوم کی جانب ہو آئین اکبری مصنفہ ابوالفضل میں چریا کوٹ کا تذکرہ ہوا ہے۔''

جب مخدوم زادہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ چریا کوٹ پہنچے تھے تو راجپوتوں اور چیرو قوم سے سخت مقابلہ ہوا جس کے متعلق ڈاکٹر معتصم عباسی اسلام اور عصر جدید اپریل ۱۹۷۳ء کے صفحہ ۱۴۱ پر لکھتے ہیں کہ:

> ''مخدوم زادہ اپنے خیل وحشم کے ہمراہ جو نوسوافراد پر مشتمل تھا جب یہاں پہنچے تو مقامی راجپوت آبادی نے مزاحمت کی محاصرہ ومقابلہ تین روز تک طرفین میں جاری رہا کئی لوگ مارے گئے اسی دوران جونپور اطلاع پہنچی وہاں سے تازہ دم فوج مدد کو آئی اور اس نے سرکشوں کا قلع قمع کردیا۔''

چروقوم اپنی تمام تر قوت وطاقت کے باوجود مخدوم زادہ نے اپنی صلاحیت تدبر اور فوج کی کمک سے اس قوم کو شکست فاش دیا بیشتر آبادی نے اسلام قبول کیا اور کچھ نے راہ فرار اختیار کی راہ فرار اختیار کرنے والوں نے مخدوم کی خدمت میں حاضر ہوکر چریا کوٹ کے نام کو باقی رکھنے کی گزارش کی یہ التماس کیا کہ ہم اس علاقہ کو خالی کردیں لیکن چریا کوٹ کے نام کو باقی رکھا جائے مخدوم زادہ نے انکی درخواست قبول فرمائی اور اس نام پر رضامند ہوگئے جس کے متعلق مولوی محمد نبی عباسی چریا کوٹی احسن الانساب بنوالعباس قلمی نسخہ کے صفحہ ۲۲ پر لکھتے ہیں کہ:

> ''قوم چیرا چنین اخراج خودھا بحضور حضرت مخدوم درخواست ابقائی نام خود ھا کردند عرض شان بغرض پذیرائی در آمدہ باسم یوسف آباد عرف چریاکوٹ موسوم ساخت۔''

مخدوم زادہ نے اس علاقہ کو درس وتدریس کا مرکز بنا دیا اصلاح وفلاح درس وتدریس اور فیوض وبرکات کا یہ سلسلہ ایسا شروع ہوا کہ تقریبا چھ صدیوں تک اس خاندان میں متواتر قائم رہا ہندستان کی اہم علمی وادبی دینی وذہنی ارتقا میں اس خاندان کا رول انتہائی اہم رہا اور مخدوم زادہ کو ہند میں علما کرام کے ایک مستقل سلسلے کے مورث اعلی کی حیثیت حاصل ہے جن کی عبقری شخصیت نے آئندہ صدیوں کو علم کے خزانے سے بھر دیا اسلامی معاشرے کی ذہنی وفکری تشکیل اور علمی وثقافتی بیداری میں

ان خاندان نے سپہ سالاری کا کردارادا کیا اور یہ کفرستان اسلامی ضیا باشیوں سے منور ہوا تھا مخدوم زادہ کا سلسلہ نسب نبی کریم ﷺ کے چچا حضرت عباس سے ملتا ہے اسی خاندانی نسب کی وجہ سے یہ عباسی کہلاتے ہیں اور اس خاندان کا ہر فرد اپنے نام کے ساتھ عباسی لکھتے ہوئے فخر محسوس کرتا ہے۔ اسلامی درس وتدریس کا سلسلہ اعظم گڑھ میں مخدوم زادہ سے ہی شروع ہوا اور پہلا مدرسہ چریا کوٹ میں قائم ہوا اس کے بعد شیخ مشید نے چریا کوٹ کی طرز پہ ہی سلطان پور بھیرا میں مدرسہ قائم کیا اس طرح کہا جا سکتا ہے کہ مخدوم زادہ کا مدرسہ چریا کوٹ اعظم گڑھ میں دارالارقم کی حیثیت رکھتا ہے۔

پوری زندگی درس وتدریس میں مصروف رہے انہوں نے اپنے علم وفضل درس وتدریس اور تصنیف وتالیف سے قوم کی گراں قدر خدمت انجام دی مختلف موضوعات پر انکی متعدد کتابیں تھیں جن میں بیشتر نادرالوجود ہیں چند تصانیف ہی بادو باراں سے محفوظ رہ سکیں جن میں تفسیر میں التفسیر المحمدی، ادب میں الجواہر العربیہ فی فنون الادبیہ، اصول فقہ میں حاشیہ التلویح، علم المواریث میں الکواکب الدری، وغیرہ بہت ہی مشہور ومقبول ہوئیں اور یہی تصانیف آج کے محققین کے لیے ماخذ کا کام دے رہی ہیں محمد بن عاشق کے بعد ملا حمید عباسی نے علم وفضل کے جوہر دکھائے یہ انتہائی ذہین وفطین تھے سترہ سال کی عمر میں ہی انہیں تمام علوم میں دسترس حاصل ہو گئی تھی۔ آپ کی دانائی وبینائی دیدہ وری ومعاملہ فہمی کی بہت شہرت تھی اور فن لغت میں تو وہ امام کا درجہ رکھتے تھے جب آپ کی شہرت مغلیہ دربار تک ہوئی تو شاہجہاں نے آپ کو نہایت ادب واحترام کے ساتھ مغلیہ دربار میں مدعو کیا۔ اور میر عدل کے منصب پر فائض کیا لیکن افسوس کہ صحت نے ساتھ نہ دیا زندگی نے وفا نہ کی اور یہ بہت جلد بیمار ہو کر چریا کوٹ رخصت ہو لیے۔ چند دن بعد ہی انکا انتقال ہو گیا شاہجہاں نے ان کی موت پر بہت ہی رنج وغم کا اظہار کیا۔ آپ کے فرزند مولانا عبدالحئی عباسی بھی جامع الکمالات اور مجمع الصفات تھے یہ جس قدر قابل لائق اور فائق تھے اسی قدر خوددار اور حساس بھی تھے زبان وقلم کے دھنی تھے شخصیت پر جلال تھی ذہانت کا یہ عالم تھا کہ کوئی چیز دوبارہ پڑھنے کی ضرورت زندگی بھر نہیں محسوس ہوئی جو بھی پڑھ لیتے تھے حفظ ہو جاتا تھا سیاست شہرت اور دولت سے ہمیشہ گریزاں رہے درس وتدریس اور تحقیق وتصنیف انکا مرغوب مشغلہ تھا ان کی تصانیف کی طویل فہرست ہے چند دنوں اردوئے معلائے شاہ جہاں میں خدمت احتساب پر مامور رہے علما عصر انکی قابلیت صلاحیت اور بے نیازی سے خائف رہتے، جس کی وجہ سے ان کے خلاف بے بنیاد قصے گڑھتے رہے، تاکہ ان کی شاہی دربار سے چھٹی ہو جائے اسی چال اور فریب کا نتیجہ ہوا اسد اللہ خاں وزیر سے آپ کی ناچاکی ہو گئی اور آپ خودداری اور وقار کے ساتھ ملازمت ترک کر کے چریا کوٹ چلے آئے اور درس وتدریس میں محو ہو گئے۔ قدما کی کتابوں پر حواشی لکھنے کا شوق پیدا ہو گیا اور وہ اسی میں مصروف ہو گئے۔ اورنگ زیب عالمگیر ان کی شرافت صلاحیت صاف گوئی اور سنجیدگی کا معتقد تھے۔ انہوں نے اپنے ہاتھ سے خط لکھ کر ان کو بار بار مدعو کیا، لیکن انہوں نے ضعیفی اور صحت کا حوالہ دے کر جانے سے معذرت کر لی، البتہ اپنے صاحبزادے مفتی محمد یحیی کو بھیج دیا۔ جنہیں بادشاہ نے قضا کی خدمت تفویض کی اور موضع بھیکن پور کی زمینداری بھی عطا کی بھیکن پور کو انہوں نے چک مفتی یحیی کے نام سے آباد کیا۔

اسی خانوادے کی ایک عظیم شخصیت مولانا الفتاح عباسی کی بھی تھی علم وادب کے ساتھ ساتھ یہ فقہ کے دقیق مسائل پہ گہری نظر رکھتے تھے فقہ کی بیشتر کتب کا انہوں نے مطالعہ کر لیا تھا اور اس میدان میں انہیں مہارت حاصل ہو گئی تھی جو بھی لکھتے

بہت ہی مدلل اور مفصل آپ کا شمار چند بڑے فقیہوں میں ہوتا تھا آپ نے چند کتابیں بھی تصنیف کیں اور بزبان نظم فارسی ایک میراث نامہ بھی لکھا جس میں میراث کے رموز ونکات اور شریعت کے احکامات کو بہت ہی آسان اور دلچسپ انداز میں بیان کیا ہے اس رسالہ کی ابتدا درج ذیل شعر سے ہوتی ہے ۔

خدا را شکر که تحریر نامه

مهذب گشت این میراث نامه

مولانا فیض اللہ عباسی نے بھی خاندانی روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے علم وفضل کی آبیاری کی اور ان کے فرزند ملا محمد حامد عباسی چریا کوٹی پر بچپن سے ہی علم کی طلب حاوی رہی وہ مسلسل علمی تشنگی بجھانے میں سرگرداں رہے علم کے عشق نے انہیں پیہم موسفر رکھا وہ عنفوان شباب میں ہی گھر بار چھوڑ کر اہل علم وصاحب کرامات سے کسب علم کرنے لگے۔ دربار مغلیہ میں جب ان کے علم وعمل کی خبر پہنچی تو ان کا وظیفہ شاہی خزانے سے مقرر ہوا۔ فتاویٰ عالمگیری کی ترتیب وتالیف میں بھی پیش پیش رہے یہ چند ایسی خدمات تھیں، جو کبھی بھی فراموش نہیں کی جا سکتی ہیں ۔ترتیب وتالیف کے علاوہ تعلیم وتربیت کے لیے بھی شاہی خاندان نے ان کا سہارا لیا شہزادوں میں اکبر ثانی کی تعلیم وتربیت انہیں کے ذمہ تھی عمر کے آخری ایام میں یہ چریا کوٹ آ گئے یہیں سپرد خاک ہوئے مفتی محمد عباسی چریا کوٹی کے فرزند مجتبیٰ عباسی کو بھی خدا نے علم کی دولت سے مالا مال کیا تھا بہت کم عمری میں ہی فضل وکمال کے بیشتر زینے طے کر چکے تھے۔ بہت ہی مذہبی پرہیزگار اور متقی تھے اورنگ زیب ان کی بہت قدر کرتے تھے۔ان کے علم کے معترف اور عمل کے معتقد تھے۔ دربار عالمگیری میں عہدۂ میر سامانی کے ساتھ ساتھ شہزادہ معظم کے اتالیق پر بھی مامور تھے۔ روزینہ کے علاوہ ایک لاکھ روپیہ منافع کی معافیات بھی شاہ آباد میں عطا ہوئی ۔رضوانی، سیف مسلول، نسخہ تعلیقات اور میراث نامہ آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔

مولوی محمد یحیٰ کے فرزند مولانا شکر اللہ عباسی چریا کوٹی بھی آباو اجداد کی طرح صاحب فن وماہر کمالات تھے ان کے علم و فضل اور زور قلم کا شہرہ سن کر محمد شاہ نے زادہ سفر بھیج کر دہلی بلایا اور ندیم انجمن خاص بنایا مرتضیٰ عباسی قاضی ابوالحسن عباسی قاضی عبدالصمد عباسی مولانا حاکم عباسی نے بھی چمنستان ادب میں بے شمار لالہ وگل کھلائے اور گراں پایہ خدمات انجام دیں قاضی عبدالصمد چریا کوٹی فقہ علوم معقول ومنقول میں یکتا ویگانہ تھے محمد شاہ بادشاہ نے انہیں پرگنہ چریا کوٹ اور دیگر مقامات کا قاضی مقرر کیا تھا۔ محمد حاکم عباسی چریا کوٹی قاضی ابراہیم عباسی چریا کوٹی کے فرزند تھے۔ اپنے وقت کے بلند پایہ علما میں شمار ہوتے تھے۔ بلند فکری گرمی طبع میں آپ کی کوئی نظیر نہیں ملتی تمام علوم میں مہارت تامہ رکھتے تھے پوری زندگی تدریس کے مقدس پیشے سے وابستہ رہے اور چریا کوٹ میں ہی مقیم رہے بڑے بڑے علما فقہا اور اولیا دور دور سے آپ کے درس میں شریک ہونے آتے رہے۔ سلطان علما اور روز رانے انہیں اپنے دربار سے وابستہ کرنے کی کوشش کی لیکن وہ مدرسہ کے گوشہ سے باہر نہ نکلے ان کی عظمت بلندی اور بزرگی کا اندازہ اس واقعہ سے لگایا جا سکتا ہے، جو آپ کے شاگرد ابوالحسن کو دہلی میں پیش آیا تھا۔ ابوالحسن چریا کوٹی جب اپنے استاد حاکم عباسی کے لیے ان کا موروثی حق عہدۂ قضا لینے دہلی گئے تو وہاں ایک مناظرہ ہوا شاہ نے عہدۂ قضا کا فرمان محمد حاکم کے بجائے ابوالحسن کے نام لکھ دیا۔ اس واقعہ کا ذکر معتصم عباسی رسالہ اسلام اور عصر جدید

جولائی ۱۹۷۳ء کے صفحہ ۸۳ پر اس طرح بیان کرتے ہیں:

"قاضی ابوالحسن عباسی چریا کوٹی مولانا محمد حاکم کے ارشد تلامذہ میں تھے مولانا حاکم اپنے والد کے انتقال کے بعد اپنا موروثی حق عہدۂ قضا حاصل کرنے خود دہلی نہ جا سکے تو انہوں نے ابوالحسن کو بھیج دیا وہ نواب قمرالدین خاں وزیر سے ملے اور اظہار مدعا کیا وزیر موصوف نے کہا کہ محمد حاکم کو خود آنا چاہئے تھا تا کہ ان کی لیاقت اور قابلیت پرکھی جاتی ابوالحسن نے جواب دیا کیا کہ چونکہ دہلی میں علما کا قحط ہے ان کی لیاقت کا پرکھنے والا کوئی نظر نہیں آتا لہٰذا انہوں نے اپنے حقیر شاگردوں میں سے مجھے بھیجا ہے وزیر موصوف کو غصہ آیا اس نے ابوالحسن کی رضامندی سے بزم مناظرہ منعقد کرایا جس میں علما دہلی جمع ہوئے لیکن کوئی بھی بحث میں ابوالحسن سے پیشنہ لے جا سکا نواب باوجود ناراضگی کے بہت متاثر ہوا ابوالحسن کے انکار کے باوجود اس نے عہدۂ قضا کا فرمان محمد حاکم کے بجائے ابوالحسن کے نام لکھ دیا۔ اسی وقت سے قضا کا عہدہ محمد حاکم کے خاندان سے ابوالحسن کے خاندان میں منتقل ہوا۔"

قاضی عبد الصمد عباسی چریا کوٹی کی اولاد میں قاضی غلام مخدوم عباسی انتہائی اہمیت کے حامل تھے۔ قرانیات، اسلامیات، اور فقہ و اصول کے علاوہ پراکرت، پالی، سنسکرت اور ویدک سنسکرت میں بھی مہارت رکھتے تھے عربی و فارسی کے صاحب دیوان بھی تھے۔ پنڈتوں سے مسلسل بحث کیا کرتے تھے۔ سنسکرت اہل زبان کی طرح روانی سے بولتے تھے جلالی اور شدت پسند تھے انتقال سے چند روز قبل اپنی تمام تصانیف کو نذر آتش کر دیا ان کے آثار میں صرف ایک غزل ہی باقی رہ گئی ہے چند شعر پیش خدمت ہیں :

بہ باغ دھر نہ گل ماندہ نے سمن باقیست — نہ عندلیب پری چند در چمن باقیست
دلم بسوخت تنم سوخت استخواں ھم سوخت — تمام سوختم و ذوق سوختن باقیست
ز فیض خان مکرم خوشم نیم محتاج — درون سینہ ولی حسرت وطن باقیست

مولوی محمد احسن عباسی چریا کوٹی کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں وہ علم و ادب کے ایک آفتاب تھے جس کی شعاؤں نے نہ صرف ادبی دنیا بلکہ علمی دنیا کے ہر گوشے کو بھی منور کیا۔ ملا نظام الدین فرنگی بانی مدرسہ نظامی کے حلقہ درس سے استفادہ کیا۔ ان کی شخصیت سے علم کا دریا رواں رہتا تھا علم و فضل اور دلائل و تاویل کی وجہ سے کبھی کسی مناظرہ میں شکست نہیں کھائی۔ اس دانائی و بینائی کا شہرہ جب حاکم وقت کے کانوں میں پڑا تو ان کی قدر افزائی اور پذیرائی کے لیے شاہی پیغام بھیجا تھا۔ یہ بھی اتفاق ہی تھا کہ پیغام شاہی پروانہ موت اور پیغام خانہ تقریبا ایک ہی ساتھ ملا۔ مناظرہ میں شکست کھانے والے حاسدوں نے انہیں زہر دے دیا۔ موت و حیات کی کشمکش میں ہی تھے کہ گھر سے بلاوے کا پیغام بھی آ گیا انہوں نے یہ شعر پڑھا۔ خطوط کو چاک کیا اور روح پرواز کر گئی۔

از حیاتم رمقی بود که یادم کردی

بهر تشخیص نفس آئینه شد نامه تو

یہ فارسی کے صاحب دیوان شاعر تھے احسن الانساب میں ان کا یہ شعر بھی درج ہے:

ای که سر زلف سیاهست بلا

هر دو لب تست بلا هست بلا

مولانا محمد احسن چریا کوٹی اور مولوی کرامت اللہ چریا کوٹی کے متعلق سید سلیمان ندوی حیات شبلی کے صفحہ ۴۱ پر لکھتے ہیں کہ:

''ان اطراف میں موجود ان تمام ہستیوں مثلاً مولانا محمد احسن چریا کوٹی مولوی کرامت اللہ چریا کوٹی کے بوریائے فقر مسند شاہی کی بلندی سے کسی طرح کم نہ تھے۔''

کواکب چریا کوٹ میں ایک روشن ترین نام مولانا علی عباسی کا بھی ہے علوم عقلیہ ونقلیہ، عربی و فارسی، تاریخ و ثقافت، سائنس وریاضی، میں مکمل دستگاہ حاصل تھی۔ قضیہ عباسی کے نام سے انہوں نے ایک رسالہ بھی شائع کیا جس میں قضیہ شرطیہ کی مشہورہ تقسیم متصلہ ومنفصلہ پر جدید تحقیق تھی منطق وفلسفہ کے اصول وضوابط پر بھی انہوں نے تحقیق کر کے موجودہ اصول قوانین پر اعتراضات بھی کیے۔ سو سے زائد کتابیں تحریر کیں شعروشاعری کا ذوق بھی رکھتے تھے۔ عملی سائنس میں بھی مہارت تھی ۔انہوں نے ایک ایسا چرخہ ایجاد کیا تھا، جو بھاپ کے ذریعہ خود بخود حرکت کرتا تھا جس کے متعلق حبیب الرحمٰن جگدیش پوری نے تذکرہ علمائے اعظم گڑھ کے صفحہ ۵۲ پر لکھا ہے:

''مولانا احمد علی عباسی چریا کوٹی بن غلام حسین چریا کوٹی ۱۲۵۱ھ میں ایک چرخہ ایجاد کیا تھا، جو بخار کے ذریعہ خود بخود حرکت کرتا تھا آپ اکثر فرماتے تھے کہ اگر زر کثیر مساعدت کرتا تو بزور دانش ایسا آلہ ایجاد کرتا جس پر پانچ آدمی سواری کر سکتے اور ایک روز میں سوفرسخ راہ طے کرتے۔''

مولوی نجم الدین عباسی اور مولوی مکرم عباسی بھی کثیر التصانیف محقق گزرے ہیں مکرم عباسی اعظم عباسی کے فرزند تھے مستند عالم معتبر تاریخ داں اور بلند پایہ ادیب تھے چریا کوٹ کے مدرسہ سے فراغت حاصل کی یہ مدرسہ اس زمانے میں تمام دانشگاہوں پر اپنے نصاب، ناظمین و معلمین کی وجہ سے فوقیت رکھتا تھا مکرم عباسی کی چند کتابیں بہت ہی مشہور ہوئیں جن میں حکمت بالغہ، تین جلدوں میں، اسمع الاسمع، چراغ حکمت، رحل الغنا اور رسالہ شطرنج خصوصیت کے ساتھ لائق ذکر ہیں۔ مولوی نجم الدین عباسی مولوی احمد علی کے صاحبزادے تھے ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی فارسی ادب کی طرف ان کا خاص رجحان تھا۔ سرسید سے قربت تھی۔ علی گڑھ مشاورتی کمیٹی کے ممبر بھی تھے ان کی بہت سی تصانیف نے شہرت ومقبولیت حاصل کی جس میں ہفت اقسام حسینی، صرف میں اور اعراب عربہ نحو میں سند کی حیثیت رکھتی ہیں۔ کتاب عروض وقافیہ مثنوی فیض الٰہی مثنوی چہار ضرب فسانہ سیلاب خمسہ محمدیہ کے علاوہ انہیں شاعری میں بھی استاد کی حیثیت حاصل تھی یادداشت چریا کوٹ بھی

آپ ہی کی تحقیق ہے،جس میں انہوں نے چریا کوٹ کی تاریخ اوراس کے علماوادبا کا ذکر کیا ہے۔

ان اساتذۂ علم وفن نے یونان ہندیعنی چریا کوٹ میں بزم علم آراستہ کررکھی تھی اسلامیات،قرآنیات ودینیات کے دوش بدوش معقولات فلسفہ،ریاضی،ہیئت۔

جغرافیہ،سائنس،لغت اورفن تدریس کا ایسا معیارقائم کیا کہ عہدعباسیہ کی یادتازہ ہوگئی۔ان علمانے اپنے عہدکی علمی ادبی وثقافتی زندگی پرگہرے اورلائق تقلیداثرات چھوڑے ہیں۔جس کی روشنی میں نسلاً بعدنسل علم وحکمت کا کارواں چلتا رہا ،ان علما کی اہم خصوصیت یہ تھی کہ ان میں سے بیشتر نے درس وافادہ کی مسندیں بچھائیں دانش جویان علم وتشنگان ادب وفلاسفہ کواپنے دریائے علم خزانہ ہنروسیلہ منطق کے ساتھ ساتھ تجربات ومشاہدات سے بھی فائدہ پہنچانے کی حتی الامکان کوشش کی جن کے درس سے بے شمارائمہ علوم نے استفادہ کیااوررجال عصربن کرنہ صرف اٹھے،بلکہ جہان علم وفن پرچھا بھی گئے اس ابر کرم نے بلاتفریق مذہب وملت اوربلاامتیاز ملک وسلطنت ہرخطہ اورہرعلاقہ کوسیراب کیاعلم کی وادیاں لہرااٹھیں امن وامان و عدل وانصاف نہ صرف قائم ہوابلکہ دائم بھی رہا۔

قاضی عطارسول عباسی،قاضی احمدملیح چریاکوٹی،رکن الدین عباسی،قاضی عنایت اللہ عباسی،ملاجلال عباسی،مولانا شیخ منصورعباسی اورمولانا محمد ماہ عباسی نے بھی اپنی استعدادوصلاحیت سے ترویج علم،تشریح علم،تحفظ علم،اورترسیل علم کا کردارادا کیا۔عطارسول نے فقہ اورفرائض میں پایہ اختصار حاصل کیا ملیح عباسی تفقہ فی دنیا اورمسائل عصریہ کے راز کی اہلیت سے سرفراز تھے قاضی عنایت اللہ عقلی ونقلی علوم کے کمال زکاوت وذہانت،فصاحت وبلاغت میں اپنے تمام معاصرین سے ممتاز تھےان کی تفسیر کی فصاحت اورتحریر کی بلاغت کی بھی بہت شہرت تھی ان کی دقت طبع،جدت فہم،کثرت فراست،اوردریافت حقائق سے ہم عصرعلماوحکماواقف تھے۔یہ دنیاوی حیثیت سے بھی بلندمقام رکھتے تھے۔قاضی کے معززعہدہ پرفائض تھے روز بروز ان کا اقبال بڑھتا گیاانہوں نے تصنیف وتالیف کے ذریعہ علم کی اشاعت بھی کی،لیکن دیگرمصروفیات نے انہیں زیور طباعت سے آراستہ نہ ہونے دیاان کی تصانیف میں صرف ایک رسالہ تذکرالسیر کا ہی نام باقی ہے مولانا شیخ منصورعباسی ملا جلال چریاکوٹی کے بیٹے تھے فقہ اوراصول فقہ میں مہارت تامہ رکھتے تھے مشاہیر علماوفضلا میں شمار ہوتے تھے معتصم عباسی نے یادداشت چریاکوٹ کے حوالے سے لکھا ہے کہ جملہ علوم میں ماہر تھے امرازمانہ آپ کی علمی صحبتوں کے طلبگار رہتے تھے عربی و فارسی شاعری میں مشہور تھے۔تمام عمراعلی مناصب پرفائز رہے۔منصورعباسی کے فرزند ماہ عباسی علم ریاضی کیمیا اورفن حساب میں بے مثل تھے۔

مولوی محمدمحسن عباسی چریاکوٹی گوہرعباسی کے پوتے اورشیخ گداحسین عباسی کے صاحبزادے تھے وہ ۱۸۵۷ء میں گورکھپور میں پیداہوئے عربی،فارسی،اردو،ہندی،ترکی پرمکمل دسترس رکھتے تھے عمر کا بیشتر حصہ تعلیم وتدریس اورمطالعہ میں گزاراان کے مطالعہ کے شوق نے ان کے گھرکوکتب خانہ میں تبدیل کردیا تھااس کتب خانہ کی دیکھ بھال کے لیے محمدمنیراورمحمد نصیرمقررہوئے تھے،چونکہ محسن عباسی کی ماں اکیلی تھیں اوران کا کوئی بھائی نہ تھا،جس کی وجہ سے انہیں نانیہال کی ساری جائداد مل گئی تھی۔انہوں نے چریاکوٹ کی تمام ملکیت چھوٹے بھائی کودے کرگورکھپورکا رخ کیااورپھرکبھی بھی چریاکوٹ کی زمین و

جائداد کے بارے میں ذکر تک نہ کیا۔اس طرح یہ پوری زمین چھوٹے بھائی کے حصہ میں چلی گئی انہوں نے گورکھپور جا کر وکالت کا پیشہ اختیار کیا۔ان کی شادی مولوی محمد کامل صاحب صدر الصدور قصبہ ولید پوراعظم گڑھ کی صاحبزادی سے ہوئی تھی اس طرح یہ فاروق چریاکوٹی کے ہم زلف بھی تھے۔پھر ان کی دوسری شادی عبدالعلیم عاصی غازی پور کے خانوادہ میں ہوئی اتفاق سے فاروق چریاکوٹی کی دوسری شادی بھی وہیں ہوئی تھی اس طرح یہ فاروق چریاکوٹی پھر ہم زلف ہوئے۔مولوی محمد محسن عباسی چریاکوٹی بہت ہی کامیاب وکیل اور پایہ کے بزرگ تھے۔کچہری کے اوقات کے علاوہ بقیہ تمام وقت تصنیف و تالیف اور عبادت میں بسر کرتے تھے۔ان کی تصانیف میں ترتیب القرآن،عربی و ہندی لغت،مجموعہ کلام اقوال غم،ملتی ہیں یہ سب کی سب غیر مطبوعہ ہیں۔ابوالفضل احسان اللہ عباسی چریاکوٹی منشی عزیز الدین کے صاحبزادے تھے بچپن میں ہی یتیم ہو گئے تھے۔ابتدائی تعلیم اپنے چچا عنایت رسول اور فاروق چریاکوٹی سے پائی انتہائی ذہین وفطین تھے علی گڑھ کے پہلے بیچ کے طالبعلموں میں شامل تھے۔اس کے بعد انہوں نے گورکھپور سے وکالت پاس کی اور وہیں وکالت شروع کی گورکھپور بار ایسوسی ایشن کے بانی بھی یہی ہیں۔اس علاقہ میں سرسید کی تحریک کو انہوں نے ہی تقویت پہنچائی تھی۔ان کی شادی شیخ گدا حسین کی صاحبزادی سے ہوئی تھی تخلیقی زندگی کا آغاز بچپن ہی سے ہو گیا تھا غازی پور اور بنارس قیام کے دوران ریاضی کے موضوع پر متعدد کتابچہ لکھے چوتھی جماعت میں تھے تو انہوں نے Lamb's Tales کا ترجمہ فسانہ دلپزیر کے نام سے کیا تھا جو نول کشور پریس سے شائع ہوا اور یہ تخلیقی کارنامہ زندگی بھر جاری وساری رہا۔ان کی تصانیف کی بدرالدین طیب نے بہت تعریف کی تھی تاریخ اسلام،تاریخ حکما یونان،زاہدہ،المجاہد،حسنۃ الارامل،نشتر سخن،فکر دنیا،زبان اردو،شرح ایکٹ ہائے قبضہ آراضی و مال گزاری،سوانح عمری حضرت مجدد الف ثانی ان کی مشہور تصانیف ہیں،جس میں الاسلام،فلسفہ کے موضوع پر ہے زاہدہ ایک ناول ہے جس کے بارے میں اخبارات صدائے ہند اور مشیر ہند نے لکھا تھا کہ زاہدہ کے مصنف نذیر احمد سے بازی لے گئے،المجاہد ایک ناول ہے جو عورتوں کے حقوق پر ہے،محسن الارامل بیوہ کی شادی کے متعلق ہے،نشتر سخن ان کی اردو و فارسی شاعری ہے،فکر دنیا صنعت وحرفت کے موضوع پر ہے اور شرح ایکٹ ہائے قبضہ آراضی و مال گزاری قانون کی ایک کتاب ہے،اس موضوع پر انہوں نے متعدد کتابیں بزبان انگریزی بھی تصنیف کی تھیں انہوں نے گورکھپور سے ایک اخبار الوقت نام سے بھی نکالا تھا۔یہ اخبار جدت پسندی اور علی گڑھ تحریک کا ترجمان تھا اس علاقہ میں اس اخبار نے ہی لوگوں کو علی گڑھ تحریک سے روشناس کروایا۔انہوں نے ۱۹۲۸ء میں وفات پائی اور وہیں سپرد خاک ہوئے۔

قاضی علی اکبر چریاکوٹی کی شخصیت ہندستان کی علمی ادبی مذہبی تعلیمی اور تحریکی حیثیت سے انتہائی اہم تھی آپ محقق، مؤرخ،مبصر،اور مبلغ ہونے کے ساتھ ساتھ قانون داں بھی تھے غازی پور ہی میں نہیں بلکہ پورے مشرقی یوپی میں آپکی شہرت ومقبولیت بحیثیت وکیل کے بھی تھی مولانا عنایت رسول عباسی اور مولانا فاروق چریاکوٹی آپ کے صاحبزادے تھے ان دونوں لائق وفائق اولادوں نے بیک وقت ہندستان کی تمام تحریکوں کو تقویت بخشی مولانا عنایت رسول نے سرسید کو جدت اور مستقبل کا نسخہ عطا کیا تو مولانا فاروق چریاکوٹی نے شبلی کو شریعت وحمیت کا درس دیا اس طرح ہندستان کے ان دونوں علمی میناروں نے خاک وطن میں پھیلی ہوئی گمراہی،تاریکی،اور بے راہ روی کو نہ صرف راہ راست دکھائی بلکہ منزل مقصود تک پہنچایا۔

مولانا عنایت رسول ۱۲۴۴ھ میں پیدا ہوئے علوم معقول وریاضی وحساب وہیئت مولوی احمد علی چریا کوٹی سے اور علوم منقول ملا فضل رسول بدایونی سے حدیث مولانا حیدر علی رامپوری شاگرد شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی سے ٹونک جا کر پڑھی۔ ٹونک سے واپس کلکتہ گئے اور یہودیوں سے عبرانی زبان سیکھی۔ تورات، انجیل، زبور اور دوسرے صحف بنی اسرائیل پر مکمل عبور حاصل کیا اور وطن واپس آ گئے سرسید اسی وقت بنارس اور غازی پور میں منصف کے عہدہ پر مامور تھے جب انہوں نے مولانا کے علم کا شہرہ سنا تو مولانا سے ملاقات کی۔ مولانا نے زبور، تورات، انجیل اور دیگر صحیفوں کے بارے میں سرسید کو روشناس کرایا۔ سرسید ان کے علم کے قائل ہو گئے۔ تورات، زبور اور انجیل کے مباحث کو حل کرنے میں نہ صرف ان سے مدد لی بلکہ مختلف مسائل پر متعدد رسائل بھی تحریر کروائے تا کہ اہل کتاب کی حقیقت اور ان قوموں کی قربت کو ثابت کیا جا سکے جو صاحب کتاب ہیں۔

مولانا عنایت رسول چریا کوٹی کو قرآن، زبور، توریت، انجیل کے ساتھ ساتھ علم ہندسہ اور ہیئت میں مہارت کاملہ حاصل تھی۔ معقولات عضدیہ کے نام سے ایک کتاب اقلیدس پر بھی تحریر کی یہ کتاب بہت ہی معتبر اور ضخیم ہے جو تین جلدوں پر مشتمل ہے۔ انکی بہت سی تصانیف ہنوز غیر مطبوعہ ہیں، جس میں ایک کتاب فن موسیقی پر سات جلدوں میں ہے، جس کا نام الملاہی ہے۔ کتاب الحساب اور جبر مقالہ بھی ان کی غیر مطبوعہ کتابیں ہیں جس میں انہوں نے کتب متوادلہ کے برخلاف آٹھ مقالات کا اضافہ کر کے چودہ مقالات سے بحث کی ہے اس طرح انہوں نے آسمانی صحیفوں اور زمینی کتابوں کے تمام علوم و فنون میں جو رموز ونکات تھے انہیں آشکارہ کیا۔ ان کا شمار اس زمانے کے مشاہیر علما میں ہوتا تھا کوئی ان کے ہم پایہ یا ہم پلہ نہ تھا موصوف کا انتقال چریا کوٹ میں ۱۳۲۰ھ میں ہوا اور یہیں سپرد خاک بھی ہوئے۔

مولانا فاروق چریا کوٹی ۱۸۳۸ء میں چریا کوٹ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم والدین اور بڑے بھائی مولانا عنایت رسول چریا کوٹی سے پائی۔ ہیئت کا فن مولانا رحمت اللہ سے، ہدایہ اصول فقہ مفتی محمد یوسف سے، اور خاشیہ زاہدیہ بر شرح ملا جلال مولوی ابوالحسن منطقی سے، اور چند دیگر علوم ملا نعمت اللہ صاحب سے پڑھے۔ علوم معقول ومنقول ریاضی وادبیات تمام علوم پر انہیں مکمل عبور حاصل تھا۔ موسیقی کے فن میں بھی انہیں دسترس حاصل تھی۔ وہ تا عمر علم اور تدریس علم سے جڑے رہے، علم حاصل کرتے اور اسے سینہ بہ سینہ منتقل کرتے رہے۔ ان کا تدریس کا طریقہ منفرد ہی نہیں بلکہ ممتاز تھا۔ وہ درس دیتے ہوئے تدریس میں غرق نظر آتے تھے ان کی شخصیت صلاحیت اور سلسلہ تدریس کے متعلق سید سلیمان ندوی حیات شبلی کے صفحہ ۳۷ پر رقمطراز ہیں:

> ''ان کے طرز تعلیم کی خصوصیت یہ تھی کہ وہ کتاب سے علحدہ ہو کر نفس مسلہ کی ایسی تعلیم دیتے تھے کہ اس کا ہر گوشہ طالب علم کے سامنے روشن ہو جاتا تھا مختلف مدرسوں میں مدرس رہے سب سے پہلے وہ چشمہ رحمت غازی پور میں مدرس ہوئے، پھر اعظم گڑھ کے مدرسہ میں آئے، کانپور کے کسی مدرسہ میں بھی مدرسی کی، سہرام پور کے مدرسہ خانقاہ میں (جواب بھی قائم ہے) کچھ دنوں رہے۔ الہ آباد کے مدرسہ احیا العلوم میں بھی قیام

رہا ۱۳۱۷ھ میں جب ندوالعلما نے لکھنو میں اپنا دارالعلوم قائم کیا تو موصوف اس میں بھی مدرس اعلی مقرر ہوئے اسکے بعد ۱۹۰۴ء میں جب مولانا شبلی نعمانی مرحوم دارالعلوم ندوہ کے معتمد مقرر ہوئے موصوف نے ترک ملازمت کر کے بلیا میں وکالت شروع کی اور بعض شائق انگریز حکام کو عربی پڑھائی آخر میں مولانا شبلی مرحوم نے پھر ان کو دارالعلوم میں ادیب اول کے عہدہ پر بلایا چندروز رہ کر غازی پور گئے تھے کہ اسباب وسامان یہاں لے آئیں کہ وہیں ۲۸/اکتوبر ۱۹۰۹ء مطابق رمضان ۱۳۲۷ھ کو وفات پائی۔''

مولانا فاروق چریاکوٹی کی دوشادی ہوئی تھیں ان کی پہلی بیوی مولانا محمد کامل ولید پوری کی صاحب زادی تھیں جن سے دو بیٹے تھے پہلی اولاد شمس العلما محمد امین صاحب تھے۔ یہ صاحب دیوان شاعر تھے اور کیفی چریاکوٹی تخلص کرتے تھے۔ان کا شعری مجموعہ ہندستان کے بیشتر کتب خانوں میں آج بھی محفوظ ہے۔

مولانا فاروق چریاکوٹی کی دوسری شادی غازی پور میں ہوئی تھی جن سے کئی اولادیں ہوئیں جن میں محمد یٰسین صاحب نے ہی صرف عربی تعلیم پائی اور اجداد کی روش اختیار کی باقی اولادیں عربی اور اعلی دونوں تعلیم میں ان کے برابر نہ پہنچ سکیں، فاروق چریاکوٹی کے علم کا سفینہ ان کی اولادوں کے سینہ میں منتقل ہوتا رہا اس طرح علمی وادبی کارواں کا یہ سلسلہ سینہ بہ سینہ چلتا رہا فاروق چریاکوٹی جہاں ایک طرف عربی فارسی اور اردو نثر نگاری میں یدطولی رکھتے تھے، وہیں شعری ذوق بھی رکھتے تھے ان کی شاعری کے بھی مستند ثبوت ملتے ہیں نثری مہارت اور شعری ذوق کے متعلق سید سلیمان ندوی حیات شبلی کے صفحہ ۷۳ پر لکھتے ہیں کہ:

''مولانا فاروق صاحب کو علوم عربیہ کے علاوہ فارسی نظم ونثر میں بھی یدطولی حاصل تھا اور اس زمانہ کے کمالات کے مطابق صنائع وبدائع کا خاص شوق رکھتے تھے مثلا غیر منقوط قصائد اور خطبے مولانا کی تصنیفات میں سے عربی وفارسی نظم ونثر کے بعض رسائل یادگار ہیں۔مثلا منظومہ نحویہ، فارسی خالق باری، کشف الاقناع عن وجوہ الامتاع، اور تطلیقات ثلاثہ کی بحث پر ایک رسالہ جس کا قلمی نسخہ خود انکے ہاتھ کا لکھا میرے پاس ہے اردو شاعری بھی کرتے تھے چنانچہ ان کے دو اردو مسدس چھپے ہیں ایک مسدس فاروقی جس میں اعظم گڑھ کے ۱۸۹۳ء کے ہنگامہ گاؤکشی کا واقعہ نظم ہے۔دوسرا مسدس عوالی ہے جو مسدس حالی کے جواب میں ہے۔''

مولانا فاروق چریاکوٹی کی علمی تشنگی اور خوب سے خوب تر کی تلاش نے انہیں کسی ایک مقام پر ٹھہرنے نہ دیا وہ سعدی شیرازی کی طرح کتابوں سے زیادہ مشاہدات تجربات اور حالات سے سیکھتے اور سکھاتے تھے مزاج میں سخت وارستگی بے فکری اور بے تکلفی تھی، جس کی وجہ سے نہ وہ کسی بڑے عہدہ پر رہے اور نہ ہی کوئی مستقل تصنیف تحریر کی مختلف موضوعات پر متعدد

چھوٹے چھوٹے رسائل تحریر کیے، لیکن افسوس کہ وہ بھی زیور طباعت سے محروم رہے مولانا کی تصانیف سے دستر خوان علم وادب پر جو کمی رہ گئی تھی اسے ان کے شاگرد عزیز علامہ شبلی نے پوری کرنے کی کامیاب کوشش کی شبلی مولانا فاروق چریا کوٹی کی تدریس شاعری اور شخصیت کے متعلق اکتوبر ۱۹۰۹ء میں رسالہ الندوہ میں لکھتے ہیں:

''میں نے معقولات کی تمام کتابیں مثلاً میر زاھد، ملا جلال مع میر زاہد، حمد اللہ، شرح مطالع صدرا، شمس بزندا انہی سے پڑھیں اور میری تمام تر کائنات انہی کی افادات ہیں، فارسی کا مذاق بھی انہی کا فیض ہے اکثر اساتذہ کے اشعار پڑھتے اور ان کے ضمن میں شاعری کے نکتے بتاتے'' چونکہ ان کی کوئی علمی تصنیف شائع نہیں ہوئی اس لیے ہم چند اشعار درج کرتے ہیں مشت نمونہ از خروار۔

رسیدی در بودی دین و دل در جنبش چشمی | به یك گردش چو جام باده کارم ساختی رفتی
به گلشن آمدی، غنچه را در خوں جگر کردی | نسیم آسا سمند ناز بر گل تاختی رفتی
نه دارد دل دگر تاب طپیدن | نگاه خویش را رحم آشنا کن

مولانا فاروق صاحب چریا کوٹی علم وادب کی بساط پر ماہ تمام بن کر چمکے اور دنیا کو اپنے علمی فیوض و برکات سے بھر دیا سر سید فاروق چریا کوٹی کے علم وفضل جدت فہم اور کثرت فراست کو مدنظر رکھتے ہوئے تعظیم کے ساتھ انکی شخصیت کا اعتراف کرتے ہیں اور ان کے وجود پر فخر ہی نہیں بلکہ غرور کرتے ہوئے انہیں ایک خط اس طرح لکھتے ہیں:

جناب مولانا مخدوم ومکرم من مولانا فاروق صاحب

آپ کا عنایت نامہ معہ خطبہ عربی پہنچا ہمارے اعزاز کا باعث ہوا در حقیقت آپ جیسے بزرگ فرد زمانہ کا اس محبت سے پیش آنا ہمارے فخر کا باعث ہے میں تو اس لائق نہیں ہوں کہ اس خطبہ کی داد دوں مگر اس قدر عرض ہے کہ ہم کو آپ کی ذات پر نہایت فخر ہے کہ ابھی ہماری قوم میں اسلاف کے نمونہ موجود ہیں اور ہم خوش ہیں بلکہ مغرور ہیں کہ جس طرح اپنے گزشتہ بزرگوں پر فخر کرتے ہیں اسی طرح آپ کی ذات کے سبب موجودہ بزرگوں پر بھی فخر کرتے ہیں۔ خدا آپ کو خوش وخرم رکھے سردی ختم ہوئی آپ ضرور تشریف لائیے اور ہمارے مخدوم مولانا عنایت رسول کو ضرور ساتھ لائیے۔

سر سید اور شبلی کے ان الفاظ سے مولانا فاروق چریا کوٹی اور عنایت رسول چریا کوٹی کی اہمیت وافادیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے یہی وہ علمی سائے تھے جنہوں نے قوم کو عذاب الٰہی سے محفوظ رکھا اور محفوظ رکھنے کی حتی الامکان کوشش کی ماضی کی حمیت اور مستقبل کی امامت پر یکساں نظر رکھی فاروق چریا کوٹی کے بعد ان کے صاحبزادے کیفی چریا کوٹی امین چریا کوٹی اور یٰسین عباسی چریا کوٹی نے علمی وادبی کاروان کی امامت کی ذمہ داری سنبھالی۔

مولوی محمد امین عباسی چریا کوٹی مولانا فاروق چریا کوٹی کے صاحبزادے تھے ۱۸۸۰ء میں اپنے آبائی وطن میں پیدا ہوئے عنایت رسول اور فاروق چریا کوٹی سے ابتدائی تعلیم حاصل کی عربی، فارسی، عبرانی، ترکی، سنسکرت، ہندی، اور انگریزی زبانوں پر انہیں مکمل عبور حاصل تھا۔ بریلی، باندہ، علی گڑھ، کلکتہ، چٹاگانگ اور ڈھاکہ کے گورنمنٹ اسکولوں کے ہیڈ ماسٹر بھی رہے ڈھاکہ کالج اور ڈھاکہ یونیورسٹی میں عربی کے پروفیسر بھی مقرر ہوئے۔ بنگال حکومت نے انہیں شمس العلما کا خطاب دیا

تھا ڈھاکہ یونیورسٹی سے وظیفہ یاب ہونے کے بعد گورکھپور میں سکونت اختیار کی تصنیف وتالیف میں جواہر خسروی اردو رسم الخط اور اس کی اہمیت ،فن موسیقی ،اور تصوف پر ایک طویل مضمون تحریر کیا جو سبحان گورکھپور سے قسط وار شائع ہوا ۱۹۷۰ء میں آپ کا انتقال ہوا۔

محمد مبین چریا کوٹی محمد امین چریا کوٹی کے چھوٹے بھائی فاروق چریا کوٹی کے فرزند اور عنایت رسول چریا کوٹی کے بھتیجے تھے مبین نام رکھا اور کیفی تخلص کرتے تھے اس لیے کیفی چریا کوٹی کے نام سے ہی مشہور ہوئے ۔عربی ، فارسی ، ہندی ، سنسکرت ، فلسفہ ، منطق ،فقہ ، حدیث ،اور ریاضی کی تعلیم فاروق چریا کوٹی سے حاصل کی ترکی ،عبرانی ،اور سریانی عنایت رسول صاحب نے پڑھائی جرمن ،فرنچ ،اور لاطینی دیگر اساتذہ فن سے سیکھی ۔ان تمام زبانوں میں دسترس حاصل کرنے کے بعد انہوں نے صحافت کا میدان اختیار کیا ۱۹۱۴ء میں چریا کوٹ سے 'العلم' جاری کیا۔ ۱۹۱۸ء میں انسٹی ٹیوٹ گزٹ علی گڑھ کے ایڈیٹر ہوئے گورکھپور سے سبحان جاری کیا۔'روز نامہ کلکتہ' اور 'روز نامہ انقلاب زمانہ' کے مدیر کے فرائض بھی انجام دیے۔ ۱۹۲۷ء میں ہندستانی اکیڈمی الہ آباد سے وابستہ ہوئے اور جواہر سخن سات جلدوں میں مرتب کیا۔ پھر ۱۹۴۳ء علی گڑھ یونیورسٹی کی لائبریری میں ان کا تقرر ہو گیا۔ان کی چند تصانیف حسب ذیل ہیں۔فلسفہ سیاسیات اسلام ، فلسفہ عمر ، ترجمہ قانون مسعودی ، ان کی تصانیف کو شہرت ومقبولیت نہیں حاصل ہو سکی ان کی شاعری نے ہی انہیں زندہ رکھا ہے۔میکدہ کیفی ان کے مجموعہ کلام کا نام ہے۔جسے انجمن ترقی اردو ہند نے شائع کیا ۱۹۵۶ء میں ان کا انتقال ہوا۔

محمد یٰسین چریا کوٹی بھی مولانا فاروق چریا کوٹی کے بیٹے تھے ،لیکن ان کا ننہال ولید پور نہیں تھا ، بلکہ غازی پور تھا یہ فاروق صاحب کی دوسری بیوی سے تھے عربی فارسی اور اردو پر انہیں مکمل عبور حاصل تھا۔منطق ،فلسفہ اور فلسفیانہ تحقیق کی طرف طبیعت مائل تھی خلافت راشدہ پر ان کی ایک کتاب گورکھپور سے شائع ہوئی۔وہ سبحان کے مدیر بھی تھے اس میں آپ کے مسلسل مضامین شائع ہوتے رہتے تھے۔یٰسین چریا کوٹی کے ہمراہ اس خانوادہ میں علم وفضل کی شمع روشن کرنے والوں میں ابوالفضل احسان اللہ عباسی ، اعظم عباسی ، مولوی محسن عباسی ، مکرم عباسی ، نصیر عباسی ، خلیل عباسی ، جلیل عباسی ، اسعد عباسی ، منیر عباسی ، معصوم عباسی ، ڈاکٹر معتصم آزاد عباسی ، ڈاکٹر متیع اللہ عباسی ، اور زبیدہ عباسی چریا کوٹی کا نام خصوصیت کے ساتھ لائق ذکر ہے۔ جو میر کارواں رہے ہیں اور ہیں۔ زبیدہ حبیب اس کل جگ میں بھی علم کی شمع روشن کیے ہوئے آبائی خدمات کو بخوبی انجام دے رہی ہیں۔یہ چریا کوٹ میں پیدا ہوئیں ابتدائی تعلیم بستی میں ہوئی اور اعلی تعلیم کے لیے انہوں نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کا رخ کیا تعلیم سے فراغت کے بعد کچھ دنوں تک وہیں معلم بھی رہیں اس کے بعد جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی میں شعبہ تعلیم وتدریس میں تدریس کے فرائض انجام دے رہی ہیں موصوفہ میں تمام خاندانی اوصاف اور علمی روایات بدرجہ اتم موجود ہے۔عظمت آدم ،خدمت آدمیت اور درس انسانیت آپ کا نصاب زندگی ہے جس پر خود بھی کار فرما ہیں اور اسی کا درس بھی دے رہی ہیں۔ زبیدہ عباسی شعری ذوق بھی رکھتی ہیں۔ان کی متعدد نظمیں ملک کے مختلف معیاری رسائل وجرائد میں مسلسل شائع ہوتی رہتی ہیں موصوفہ جب سے ٹونک (راجستھان ) کے نواب جاوید حبیب سے منسوب ہوئی ہیں زبیدہ عباسی سے زبیدہ حبیب ہو گئی ہیں ان کی شاعری اخلاقی اصلاحی نسائی اور تعلیمی تحریک ہے جس میں زندگی کے نشیب وفراز ، وقت کی اہمیت ، تعلیم کا مقصد ، یتیم

کے آنسو، بیوا کی فریاد، مظلوم کے گریہ اور نسائی کردار پر کثرت سے شعر ملتے ہیں سوز، کسک، تڑپ، دید، تشنگی اور خواہشات جیسے الفاظ ان کی شاعری میں بار بار دستک دیتے ہیں۔ بندش، تشبیہ اور استعارہ کا بھی بہترین استعمال ہے ان کے شعر نسائی درد کی بھرپور عکاسی کرتے ہیں وہ چونکہ جدید تعلیم یافتہ خاتون ہیں اس لیے ان کے خیالات بھی روشن ہی نہیں بلکہ روشن تر ہیں۔ انہیں عورت ہونے پر شرم نہیں فخر ہے۔ وہ قوم کی عورتوں کے صبر و سکون اور پاکیزگی پر فخر کرتی ہیں۔ وہ موجودہ طرز زندگی اور فرنگی سماج پر طنز ضرور کرتی ہیں، لیکن نوحہ کناں نہیں ہیں اور نہ ہی راہ فرار کے لیے تیار کیونکہ راہ فرار کو وہ خودکشی کے مترادف سمجھتی ہیں ۔مغربی تعلیم اور کلچر سے واقفیت کے باوجود ان کی شاعری کے سر پر مشرقیت کا آنچل ہی دکھائی دیتا ہے، وہ آزادی کی خواہاں ضرور ہیں لیکن عریانیت کی نہیں آنچل ان کی ڈھال اور تعلیم تلوار ہے جس کے سائے میں وہ زندگی کے ہر محاذ پر برسر پیکار ہیں نسائی درد ان کی شاعری کا مرکز و محور ہے وہ یہ کہتی ہوئی نظر آرہی ہیں کہ:

یہ جبر جبر کب تلک، یہ صبر صبر کب تلک　　اسی زمیں کے فرد ہیں ،ہمیں بھی صبح چاہیے
یہ شام شام اداسیاں ،یہ رات رات کہانیاں　　یہ جھوٹھی دلنوازیاں، یہ بیوی بہن باندیاں
یہ جبر جبر کب تلک، یہ صبر صبر کب تلک　　کبھی تو ہیں یہ دیویاں، کبھی تو ہیں پریتیاں
گھر میں ہیں یہ داسیاں، اوڑھ کے اداسیاں　　یہ فرق فرق کب تلک، یہ درد درد کب تلک
اصول خام کب تلک، یہ تلخ جام کب تلک　　اسی زمیں کے فرد ہیں ، ہمیں بھی صبح چاہیے

چریا کوٹ کی مردم خیزی معارف پروری اور دانشوری کے متعلق اقبال سہیل، اسد عباسی کے مجموعہ کلام شمیم عشرت کے دیباچہ کے صفحہ ۴۷ پر رقمطراز ہیں کہ:

> ''چریا کوٹ اعظم گڑھ کے مشرقی حصہ میں ایک چھوٹا سا قریہ ہے مگر سچ پوچھیے تو سرکار جونپور شمالی سے اس کو وہی نسبت حاصل ہے جو دماغ کو جسم انسانی کے دوسرے اعضا سے۔ واقعہ یہ ہے کہ اگر سرکار جونپور کو علم و دانش کا نظر فریب چمنستان قرار دیا جائے، تو اس کا سب سے نزہت آفریں اور سرمایہ ناز چمن یہی خطہ قرار پائے گا۔ ہندستان کا کون سا گوشہ ہے جو فضل و کمال کے اس سرچشمہ سے سیراب نہیں ہوا حضرت مولانا احمد علی، حضرت مولانا علی عباسی، فخر الادبا والہندسین حضرت مولانا عنایت رسول اور استاذ المتاخرین مولانا فاروق جیسے ائمہ فن جس خاک سے اٹھے ہوں اس کا مجد و شرف کسی دلیل کا محتاج نہیں۔''

ثنائے انجم و تسبیح کہکشاں کے لیے
یہ وہ زمیں ہے بنی تھی جو آسماں کے لیے

☆☆☆☆☆

**ڈاکٹر زرینہ خان**
اسسٹنٹ پروفیسر (فارسی)، ویمنس کالج
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

## ہندوایران روابط: تاریخ کا سنہرا باب

ہندوستان اور ایران کے روابط قدیم زمانے سے ثابت ہیں۔تاریخی اعتبار سے پانچ ہزار سال پر محیط تعلقات کے شواہد ملتے ہیں۔ ہندوستان اور ایران کے درمیان قدیم زمانے سے تجارتی رابطے قائم تھے۔اس زمانے میں تاجروں کے قافلے ہندوستان سے ایران جاتے اور ایران کے کارواں ہندوستان آتے تھے۔ ہندوستان سے گرم مصالحے اور دیگر اشیائے خوردنی ایران جاتی تھیں اور ایران سے مشہور اشیاء تجارت کی غرض سے ہندوستان آتیں۔ یہ سلسلہ دراز رہا۔

ہندوایران کے مابین ادبی، فرہنگی اور ثقافتی اور لسانی روابط کے شواہد قدیم زمانے سے ملتے ہیں۔ساسانی دور میں ہندوستان میں لکھی گئی کتاب پنچ تنتر مصنف وشنوشرما کی شہرت پہنچ چکی تھی اور بادشاہ نوشیرواں نے دانائے عصر برزویہ طبیب کو ہندوستان بھیجا اس کتاب کو لانے کے لیے۔ برزویہ نے یہ کتاب نوشیرواں کی خدمت میں پیش کی اور اس کا اولین ترجمہ پہلوی زبان میں ہوا اور اس کا نام کلیلہ ودمنہ تھا۔محمود غزنوی کی ہندوستان میں آمد کے بعد فرہنگی ادبی اور ثقافتی رشتے بتدریج مضبوط ہوتے گئے۔مشہور شاعر مسعود سعد سلمان کا قیام بیشتر لاہور میں رہا۔اس کے کلام میں ہندوستان کی تعریف وتوصیف ملتی ہے۔ وقت کی گزران کے ساتھ یہ رابطے استوار ہوتے گئے۔ دہلی سلطنت کے قیام کے بعد فارسی زبان ہندوستان میں پھلنے پھولنے لگی۔عہد مغول آتے آتے فارسی زبان وادبیات اپنی معراج کو پہنچی۔

بابر جو ماں اور باپ دونوں خاندانوں کی طرف سے علمی حیثیت سے متمول تھا اور اعلیٰ استادوں اور اتالیقوں کی تعلیم وتربیت کی بدولت علم وادب کا پروانہ تھا۔اگرچہ بابر کی زبان ترکی تھی اور ترکی زبان میں ''تزک بابری'' کی ادبی اور تاریخی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔لیکن ہندوستان میں پہلے سے رائج فارسی زبان جو یہاں کی ادبی زبان کی حیثیت اختیار کرچکی تھی، اس نے فارسی زبان ہی کو بڑھاوا دیا اور یہ زبان اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ شعراء اور ادباء کی تخلیقات میں جلوہ فگن ہوئی اور علم وفن کی انجمن آرائی کا باعث بنی۔

زیر نظر مقالے میں راقم الحروف نے ادبی روابط کو مورد بحث قرار دیا ہے۔دسویں صدی ہجری میں ایران میں صفوی بادشاہوں کی مذہب کی بنیاد پر تعصب کی سیاست اور شیعیت کو قومی مذہب قرار دینے کی وجہ سے اور دربار میں قصیدہ اور مدح گوئی کو متروک قرار دیا گیا۔ان وجوہات سے ایران کے اہل ہنر دلبرداشتہ ہوکر فکر معاش کی تلاش میں سینکڑوں کی تعداد میں شعراء، ادبا، حکما اور دانشمندان ہجرت پر مجبور ہوئے اور ہندوستان میں بادشاہ اکبر کی فیاضیوں اور زرپاشی کا غلغلہ سن کر عازم ہند ہوئے۔اکبر کے دربار میں پذیرائی ملی اور انھیں منصب ومرتبہ ملا۔اکبر کے دور میں عبدالرحیم خانخاناں اور شہزادہ سلیم کے

درباروں میں ہنر پرور فضا قائم تھی۔ ہندوستان آنے کے لیےاس وقت شعرا کس قدر بیتاب تھے یہ صائب کی زبان سے سنیے:

همچو عزم سفر هند که در هر دل هست

رقصِ سودای تو در هیچ سری نیست که نیست

علی قلی سلیم، صائب سے کئی قدم آگے بڑھ کر کہتے ہیں:

نیست در ایران زمین سامانِ تحصیل کمال

تا نیاید سوئے هندوستان، حنا رنگین نشد

ہندوستان ہی ہنر پرور فضا میں ایرانی اہل ہنر کے جوہر کھلنے لگے اور انھوں نے شعر و ادب کے میدان میں سنگ میل قائم کیے۔ ہندوستان میں جو ایرانی شعراء اور ادباء نے لکھا اس پر مقامی رنگ غالب آ گیا اور یہاں لکھی جانے والی فارسی ،ایران کی فارسی سے مختلف ہوگئی اور ایک جداگانہ رنگ اور سبک اختیار کر لیا جو'سبک ہندی' کہلایا۔

نامور شعراء میں عرفی شیرازی، نظیری نیشاپوری ،قاسم کاہی ،قدسی مشہدی، کلیم کاشانی، ابو طالب کلیم، طاہر وحید، صائب تبریزی، ظہوری ترشیزی، نوعی خبوشانی، علی قلی سلیم، غزالی مشہدی وغیرہ کی ایک طویل فہرست ہے جنھوں نے اپنی شاعرانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا اور اکبر کے دربار میں معزز و محترم ہوئے۔

علماء وفضلاء میں مولانا مقصود علی تبریزی، ملا فتح اللہ شیرازی، مرزا محمد قاسم گیلانی، میر عبدالباقی نہاوندی، میر عبدالباقی تبریزی، قاضی نصیر الدین، مرزا شکر اللہ شیرازی، حکیم محمد باقر، مولانا محمد تقی کاشانی، حکیم کمال الدین حسین شیرازی، شیخ جمال الدین، مولانا ولی تالش، غازی خان بدخشی، میر عبداللطیف قزوینی، شیخ حسن علی موصلی، مولانا نوراللہ شوستری وغیرہ کی ایک طویل فہرست موجود ہے۔ زیر نظر مقالے میں راقم الحروف نے چند ایرانی علماء وفضلاء کا ذکر کیا ہے جو اکبر کے دور میں ہندوستان آئے اور اپنی گوناگوں صلاحیتوں کی بدولت دربار سے وابستہ ہوئے اور انعام واکرام کے حق دار ہوئے۔ ان میں سے اکثر اپنے وطن لوٹ کر نہیں گئے اور خاک ہند کا پیوند ہوئے۔

**١- میر عبدالباقی نہاوندی:**

یہ'مآ ثر رحیمی' کے مصنف تھے۔ مآ ثر رحیمی ہندوستان کی ادبی تاریخ میں زبردست اہمیت کی حامل ہے۔ عبدالباقی نہاوندی ہمدان کے رہنے والے تھے۔ وہ اکبر کے دور میں ہندوستان آئے۔ انھیں علم دبیری وحساب میں مہارت حاصل تھی۔ ان کے اجداد کرد قبیلے کے سرداروں میں تھے۔ شعر و شاعری کا چرچا ان کے خاندان میں رہا تھا۔ عبدالرحیم خان خاناں کی علم دوستی، اور ادب نوازی کی شہرت سن کر عازم ہندوستان ہوئے اور ١٠٢٠ھ میں برہان پور آ کر عبدالرحیم خان خاناں سے ملے اور خان خاناں نے انھیں اپنے ملازمین میں شامل کر لیا۔ اس طرح خان خاناں کی نوازشات سے بہرہ ور ہوئے۔

اگرچہ عبدالباقی شاعر تھے اور خانخاناں کی مدح میں قصیدے اور قطعات لکھے ہیں لیکن وہ بہترین نثر نگار تھے اور ان کے قلم سے نکلا ہوا شاہکار ''مآ ثر رحیمی'' ہے۔ مآ ثر رحیمی انھوں نے خان خاناں کی فرمائش پر لکھی اور اس معرکۃ الآرا تصنیف نے انھیں ہندوستان کی ادبی تاریخ میں ناقابل فراموش مقام دلایا۔ مآ ثر رحیمی کی تکمیل ١٠٢٥ھ/ ١٦١٦ء میں ہوئی۔ یہ

تین جلدوں میں تقریباً۳۲۹۱صفحات پر مشتمل ہے۔پہلی جلد میں خان خاناں کے آباواجداد کے قبیلے کے متعلق معلومات فراہم کی ہیں۔اس کے بعد غزنوی، سلاطین بنگالہ وغیرہ کا ذکر ہے۔اس کے علاوہ مالوہ، مندو، کشمیر، ملتان، سندھ، گجرات اور سلاطین دہلی کا بیان ہے۔ بابر سے لے کر جہانگیر کے عہد تک کے حالات تفصیل سے نقل ہیں جو تاریخی اعتبار سے نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔

مآثر رحیمی کی اصل قدروقیمت، خانخاناں کی ذاتی زندگی کے احوال اور اس کی ادب نوازی، ہنر پروری اور اوصاف سینہ کے بیان کی وجہ سے ہے۔خان خاناں کی شخصیت کے تمام روشن پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا ہے اور اس کی ذات کی رنگارنگی اور بوقلمونی کو عبدالباقی کے قلم نے وہ مقام دلایا جو ہندوستان میں مغل بادشاہوں کے کسی امیر کو حاصل نہیں ہوا۔

مآثر رحیمی خان خاناں کے دربار کی ہنر پرور فضا، شعراء کی کثیر تعداد کا ذکر ملتا ہے۔ بیشتر شعراء کا ذکر نہایت تفصیل کے ساتھ کیا ہے۔ان کے قصائد کے نمونے نقل کیے ہیں۔ کچھ شعرا کا ذکر نہایت مختصر بھی کیا ہے لیکن ایسے گمنام شعراء کا ذکر کر کے عبدالباقی نے انھیں کتاب بند کر دیا ہے۔

مآثر رحیمی کا طرز نگارش پختہ اور متین ہے، تکلف و آورد کو زیادہ دخل نہیں ہے۔عبدالباقی کی علمی اور ادبی صلاحیتیں سرزمین ہند کی سحر انگیز اور ہنر پرور فضا کی بدولت اجاگر ہوئیں اور ان کو ادبیات فارسی ہند میں ناقابل فراموش مقام نصیب ہوا۔

### ۲- امیر فتح اللہ شیرازی:

اکبر کے دور میں ہندوستان آئے اور شاہی دربار سے وابستہ ہوگئے اور صدارت کے منصب پر فائز ہوئے۔انھیں الہیات، ریاضیات اور طبعیات کے علاوہ عقلی و نقلی علوم میں مہارت حاصل تھی۔عربی زبان میں اچھی صلاحیت رکھتے تھے۔وہ شیراز کے سادات میں سے تھے۔

اکبر بادشاہ کی صحبت پر ناز کرتے تھے اور اقرار تھا کہ اگر وہ یہاں نہ آتے اور اکبر کی صحبت انھیں میسر نہ ہوتی تو ان کی شخصیت کو جلا نہیں ملتی۔فیضی اور ابوالفضل انھیں نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔انھیں علم نجوم میں مہارت حاصل تھی۔وہ پیشین گوئیاں بھی کرتے تھے۔اکبر کا زائچہ انھوں نے تیار کیا تھا۔۹۹۲ھ/۱۵۸۴ھ میں ہلالی ہجری کلنڈر کے بجائے تاریخ الٰہی کا اجراء کیا۔میر فتح اللہ شیرازی کو ۹۱۳ھ/ ۱۵۸۵ء میں امین الملک مقرر کیا گیا اور تین ہزاری منصب عطا ہوا۔اکبر کے مشیروں اور صلاح کاروں میں ان کا مرتبہ بلند تھا۔وہ اکبر کے ہمراہ سفر میں بھی شریک ہوتے تھے۔

میر فتح اللہ شیرازی کی وفات ۹۹۷ھ/ ۱۵۸۸ھ میں ہوئی اور کشمیر میں مدفون ہوئے۔فیضی نے ان کا مرثیہ لکھا تھا۔

میر فتح اللہ کی علمی یادگاروں میں 'تاریخ الفی' ہے جس کی ترتیب میں اکبر کی فرمائش پر حکیم ہمام، حاجی ابراہیم سرہندی، مرزا نظام اور عبدالقادر بدایونی کے ساتھ شامل ہوئے۔ایک قرآن کی تفسیر بھی ان سے منسوب کی جاتی ہے۔

### ۳- میر عبداللطیف قزوینی:

حسینی سیفی سادات میں سے تھے۔معقولات اور منقولات میں عالم بے بدل تھے۔ایران میں شاہ طہماسپ کے

زمانے میں سنیوں کے خلاف تعصب کی جو مہم شروع ہوئی، میر عبداللطیف دلبرداشتہ ہو کر ترک وطن پر مجبور ہوئے اور ہندوستان آئے۔ ہمایوں نے ان کو نہایت اعزاز و اکرام سے نوازا۔ اکبر بھی ان کا بڑا قدردان تھا۔ انھیں شاہی نوازشات سے بہرہ ور کیا۔ ان کی وفات ۹۸۱ھ/۷۴-۱۵۷۳ء میں ہوئی اور خاکِ ہند کا پیوند ہوئے۔

**۴- مرزا غیاث الدین علی:**

میر عبداللطیف قزوینی کے فرزند تھے۔ ملا عبدالقادر بدایونی کے ہم مکتب تھے۔ اکبر کے دربار سے وابستہ ہوئے۔ اکبر ان کا گرویدہ تھا اور ان کی صحبت کو پسند کرتا تھا۔ علم سیر، تاریخ اور اسماء الرجال میں اس زمانے میں یکتائے روزگار تھے۔ اکبر نے ان کو نقیب خاں کا خطاب دیا تھا۔

**۵- شیخ حسن علی موصلی:**

میر فتح اللہ شیرازی کے شاگرد تھے۔ اکبر کے دور میں ملازمت میں داخل ہوئے اور شہزادہ سلیم کی تعلیم و تربیت پر مقرر ہوئے۔ وہ علم حکمت اور فارسی زبان کی تعلیم دیتے تھے۔ شیخ کو ریاضی، طبیعات اور حکمت میں دستگاہ حاصل تھی۔

شیخ فتح اللہ شیرازی جیسے عالم و فاضل شخص کی وفات کے بعد دربار میں جو خلاء پیدا ہوا تھا اس کو حسن علی موصلی نے پُر کیا۔ لیکن زیادہ دنوں تک وہ دربار سے وابستہ نہیں رہے اور اپنے وطن واپس چلے گئے۔

**۶- مولانا نوراللہ شوستری:**

شیعہ عالم تھے اور 'مجالس المومنین' کے مصنف کی حیثیت سے انھیں بہت شہرت اور دوام حاصل ہے۔ وہ نہایت منصف مزاج، عدل پرور، باحیا، متقی اور پرہیزگار تھے۔ شعر و سخن میں بھی دخل رکھتے تھے۔

حکیم ابوالفتح گیلانی کے وسیلے سے شاہی ملازمت میں داخل ہوئے۔ اکبر بادشاہ نے انھیں لاہور کا قاضی القضاۃ مقرر کیا۔ انھوں نے قاضی کی حیثیت سے اصلاحات کیں اور انتظامات کو درست کیا۔ تذکرہ ''مخزن الغرائب' میں بہ حیثیت شاعر ان کا ذکر ہوا ہے اور ان کا قصیدہ بھی نقل کیا ہے۔

مجالس المومنین میں شیعہ عالموں اور فقیہوں کی سوانح عمری اور ان کے دینی اور ادبی کارنامے نقل ہیں۔ جہانگیر کے دور میں انھیں اپنے عقائد کی بنا پر موردالزام ٹھہرایا گیا۔ ان کی کتاب 'احقاق الحق' ان کے عقائد کی بنا پر متنازع ہوئی اور انھیں جہانگیر نے سزائے موت دی اور اکبر آباد میں دفن ہوئے۔

**۷- میر عبدالباقی تبریزی:**

آذربائیجان سے ہندوستان آئے۔ علم و فضل میں بے بدل تھے۔ ہندوستان آ کر خان خاناں کے دربار سے وابستہ ہوئے، جاگیردار مقرر کیا گیا۔ خان خاناں ان کی علمی صلاحیتوں سے بہت مرعوب تھا۔ انھیں خط نستعلیق میں مہارت حاصل تھی۔ خان خاناں نے انھیں جہانگیر کے دربار میں بھیجا۔ انتظامی امور میں ان کی مہارت دیکھ کر جہانگیر نے انھیں دیوانی کے عہدے پر فائز کیا اور افضل خان کا خطاب ملا۔

**۸- مولانا مقصود علی تبریزی:**

یہ عالم وفاضل شخص تھے۔ ہندوستان ہجرت کر کے آئے اور خان خاناں کے دربار میں ملازمت سے سرفراز ہوئے۔ خان خاناں ان کو بے حد پسند کرتا تھا اوران کے اوصاف حمیدہ کا گرویدہ تھا۔ انھیں میر بخشی کے عہدے پر فائز کیا۔ اس عہدے پر پہنچ کر انھوں نے مخلوق کی خدمت کی۔

**۹- مرزا محمد قاسم گیلانی:**

مشہد سے ہندوستان آئے۔ عالم و فاضل تھے اور فقہ وحدیث میں مہارت تھی۔ ایران میں شاہی عتاب کا شکار ہوئے اور محبوس ہوئے۔ اس کے بعد ہندوستان آئے اور بیجاپور میں عادل شاہی دربار سے وابستہ ہوئے۔ وہاں کی بڑی تعظیم وتکریم ہوئی۔ انھیں ہر قسم کی مراعات حاصل تھیں۔ پھر انھوں نے شمالی ہند کا رخ کیا اور جہانگیر سے ملے اور دربار کی ملازمت حاصل ہوئی۔ یہاں اپنی خدمات سے فیضیاب کرتے رہے۔

**۱۰- مولانا محمد رضای تاج مشہدی:**

یہ امام موسیٰ کے مزار کے خادم تھے۔ ایران کی سیاسی ہنگامہ آرائی سے پریشان ہوکر عازم ہند ہوئے۔ اس وقت ہندوستان سکون وعافیت کی جگہ تھی جہاں مغل بادشاہوں کی زرپاشی اور فیاضی کا چرچا تھا۔ مولانا محمد رضا خان خاناں سے ملے اوران سے مالی مدد طلب کی۔ خان خاناں نے ان کی مالی مدد کی۔ وہ حج بیت اللہ اور زیارت کربلا سے سرفراز ہوئے اور قُم واپس لوٹ گئے۔

ہندوستان میں آنے والے علماء اور شعراء کی ایک طویل فہرست ہے جن کی آمد سے ہندوستان میں فارسی زبان میں ادب، تاریخ، فقہ، سنسکرت، عربی وغیرہ سے تراجم فارسی میں ہوئے اور ایک عظیم علمی ذخیرہ وجود میں آیا جس نے تشنگان علم وادب کے محققین اور طالب علموں کے لیے تحقیق کے نئے باب وا کیے۔

**مآخذ:**


۱- صنادید عجم، مولف مولوی مہدی حسین ناصری، چاپ لالہ رام دیال اگروِل بک سیلر و پبلشر، کٹرہ، الہ آباد، ۱۹۸۹ء

۲- ادب نامۂ ایران، مرزا مقبول بدخشانی، یونیورسٹی بک شاپ، لاہور

۳- بزم تیموریہ، جلد اول، صباح الدین عبدالرحمٰن، دارالمصنفین، اعظم گڑھ، ۱۹۹۵ء


(یہ مقالہ راقم الحروف نے دوروزہ انٹرنیشنل سمینار "Persian Foundation of Inida -IGNCA" آزادی کا مہوتسو، ICSSR-ARC میں ۱۵-۱٦ مارچ ۲۰۲۲ء کو پیش کیا تھا۔)

☆☆☆

ڈاکٹر محمد قمر عالم
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

# مولانا جلال الدین رومی اور پیغام انسانیت

مولانا جلال الدین رومی کا شماران انسان گرا شعراء میں سرفہرست ہوتا ہے جنہوں نے ادبیات تعلیمی و اخلاقی کے آسمان کو اپنی فکر اور عمل سے پرنور کیا تھا، اور وہ نور ۸۰۰ سال گزرنے کے بعد آج بھی اسی تابانی کے ساتھ روشن ہے بلکہ روز افزوں اس کی چمک اور نور میں اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے۔ مولانا حقائق و معارف کے وہ آفتاب تھے جو تمام دنیا پر جلوہ گر ہوا اور ہر کس و ناکس کو منور و فیضیاب کیا۔ انہوں نے تمام عمر وحدت یکرنگی کی آنکھوں سے عالم و عالمیان کا مشاہدہ کیا اسی وجہ سے ان کے پیغام کی آفاقیت زمان و مکان کی حدود سے آگے نکل گئی۔ بے خویشی، انسان دوستی، ادنیٰ ترین مخلوق سے بھی محبت کو اپنا مستقل شیوہ بنایا۔ رومی کا شمار اسلامی تصوف اور فارسی ادب کے عظیم شعراء میں ہوتا ہے۔ آپ کی شاعری کی بنیاد عشق حقیقی، معرفت نفس، روحانی ارتقا اور انسانیت کے عالمگیر پیغامات پر مشتمل ہے۔ مثنوی معنوی اور دیوان شمس تبریز میں وہ خیالات اور فلسفے پوشیدہ ہیں جو ہر سور میں انسانیت کے لیے روشنی کا مینار ثابت ہوتے رہے ہیں۔ موجودہ معاشرے کی پیچیدہ صورتحال میں بھی مولا رومی کے افکار کی معنویت نہ صرف برقرار ہے بلکہ وقت کت ساتھ مزید واضح ہوتی جارہی ہے۔

آج کی مادہ پرستی میں جہاں بھائی بھائی کا دشمن بنا ہوا ہے، لوگ ایک دوسرے سے محبت سے کم لڑائی جھگڑے اور غصہ میں زیادہ ملوث رہتے ہیں انسان کو اپنے غصہ پر قابو رکھنے کا تو بالکل شعور ہی نہیں رہ گیا ہے، جبکہ مذہب اسلام میں غصہ نہ کرنے کی سخت ہدایت کی گئی ہے قرآن کریم میں غصہ کو پی جانا بنی نوع انسان کا سب سے بہترین عمل قرار دیا گیا ہے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی غصہ پر قابو کرنے والے شخص کو سب سے سمجھدار، عقلمند، اور ہوشیار بتایا ہے۔ کیونکہ غصہ دنیا کے اندر بڑی بڑی تباہیوں اور بربادیوں کا سبب بنا ہے۔ اگر ہم اپنے اس غصہ کو قابو کر سکیں تو آج کے معاشرے میں آسانی سے امن و سلامتی سے گزر بسر کیا جا سکتا ہے۔ مولانا روم بھی غصہ نہ کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔ غصہ کو قابو میں رکھنے کی جگہ جگہ ہدایت فرماتے ہیں:

گفت دشمن را همی بینم به چشم
روز و شب بر وی ندارم هیچ خشم
باد خشم و باد شهوت باد آز
برد او را کو نبود اهل نماز
خشم بر شاهان شه و ما را غلام

خشـــم را هـــم بستـــــه ام زیـــر لـــگـــام
تیـــغ حـــلـــم گـــردن خشـــم ز دســـت
خشـــم حـــق بـــر مـــن چـــو رحـــمـــت آمـــد ســـت
چـــونك حـــرم خشـــم کـــی بـــنـــدد مـــرا
نیســـت ایـــنـــجـــا جـــز صـــفـــات حـــق در آ

موجودہ معاشرہ میں محبت ختم ہوتی جارہی ہے۔لوگ ایک دوسرے پر سبقت حاصل کرنے کی کوششوں میں لگے رہتے ہیں۔لوگوں کا دل دکھاتے ہیں، زمین، مال ودولت کو چھیننے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔ان تمام برائیوں کوروکنے کے لئے مولانا کے پیغام کو عام کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ظاہر پرستی اور ریاکاری کو ترک کرکے ہم لوگوں کوانسان سے میل جول بڑھانا چاہئے، دلوں کوخوش کرنا چاہئے، آپسی تعلقات قائم کر کے گلے شکوے دور کر کے اپنے ملک اور دنیا کی ترقی میں ہاتھ بٹانا چاہئے۔انسان سے میل جول رکھنا، دلوں کوخوش کرنا ہی اصل عبادت ہے،مولانا فرماتے ہیں،اس دنیا میں کوئی شخص چاہے بادشاہ ہو یا گدا،اسیر ہو یا فقیر، جوان ہو یا پیر، اگر پسندیدہ طبیعت کا مالک ہےتو کامیابی اسی کوحاصل ہوتی ہے:

دل بـــدســـت آور کـــه حـــج اکبـــر اســـت
از هـــزاران کـــعبـــه یك دل بهتـــر اســـت
کـــعبـــه بـــنیـــاد خـــلیـــل آذر اســـت
دل گـــذر گـــاه جـــلیـــل اکبـــر اســـت
اختـــلاف خـــلـــق از نـــام اوفتـــاد
چـــون بـــه مـــعـــنـــی رفـــت آرام اوفتـــاد

دنیا میں ہر ملک کی اپنی اپنی زبان بولی جاتی ہے، ہر شخص اپنی اپنی زبان میں خداے تعالیٰ کو یاد کرتا ہے،اس کی اطاعت کرتا ہے،سلامتی دیتا ہے، دنیا میں امن وسکون کی خواہش کرتا ہے،سب کے سب اپنی اپنی زبان میں خدا کو پکارتے ہیں،سب کا مقصد ایک ہی ہوتا ہے صرف اورصرف زبان کا فرق نظر آتا ہے،اگر آج کے اس دور میں ہم بھی زبان کی وجہ سے پیدا ہونے والے اس فرق کو دور کرنے پر غور کریں کہ ہم سب کا مقصد تو ایک ہی خدا کی رضا حاصل کر کے سلامتی چاہنا ہے تو اس دنیا سے فساد، جھگڑا،لوٹ مار،قتل وغارت گری دور ہوجائے۔مولانا روم نے زبان کے اسی فرق کو دور کرنے کے لئے ہی مثنوی معنوی کے دفتر دوم میں ایک دلچسپ واقعہ نظم کیا ہے۔واقعہ اس طرح ہے کہ چار شخص ہوتے ہیں اور چاروں الگ الگ زبان کو جاننے والے تھے،ایک شخص ان کو ایک روپیہ دیتا ہے کہ آپ لوگ اپنے لئے کوئی چیز خرید لیں، پہلا شخص جو کہ فارسی زبان جانتا تھا بولا:''اس روپیہ سے انگور خریدتے ہیں''، دوسرا شخص عربی زبان میں بولا:''انگور نہیں مجھے تو عنب کی خواہش ہے''، تیسرا شخص رومی زبان میں بولا:''ہمیں نہ انگور نہ عنب بلکہ استافیل خریدنا چاہئے''،آخر میں چوتھا شخص ترکی زبان میں بولا:''سب چیز کو چھوڑ واور ازوم خریدلو ہم سب اس کو کھالیں گے''،اس بات پر چاروں آپس میں جھگڑنے لگتے ہیں۔آخر کار

وہاں ایک ایسا شخص آ جاتا ہے جو چاروں زبانوں کا علم رکھتا تھا اس نے ان چاروں کو سمجھایا کہ آپ سب ایک ہی چیز کی خواہش کر رہے ہو مگر الفاظ الگ الگ ہیں، مولانا کی اس حکایت سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ دنیا میں لوگوں کے درمیان زیادہ تر اختلاف لفظی ہیں:

چــــار کــــــس را داد مــــــردی یك درم
آن یــــکــــی گــــفــــت ایــــن بــــه انــــگــــوری دهــــم
آن یــــکــــی دیــــگــــر عــــرب بــــد گــــفــــت ل
مــــن عــــنــــب خــــواهــــم نــــه انــــگــــور ای دغــــا
آن یــــکــــی تــــرکــــی بــــد و گــــفــــت ایــــن بــــنــــم
مــــن نــــمــــی خــــواهــــم عــــنــــب، خــــواهــــم ازم
آن یــــکــــی رومــــی بــــگــــفــــت ایــــن قیــــل را
تــــرك کــــن خــــواهیــــم استــــافیــــل را
در تــــنــــازع آن نــــفــــر جــــنــــگــــی شــــدنــــد
کــــه ز ســــر نــــام هــــا غــــافــــل بــــدنــــد
صــــاحــــب ســــری عــــزیــــزی، صــــد زبــــان
گــــر بــــدی آنــــجــــا بــــدادی صــــلــــحشــــان

موجودہ معاشرے میں جہاں مادیت اور نفسا نفسی کا دور دورہ ہے، رومی کا پیغام عشق حقیقی انسانوں کو روحانی سکون اور محبت کے جذبے سے روشناس کرواتا ہے۔ مولانا کی لوگوں کو یاد دلاتی ہے کہ زندگی کی اصل خوشی اور کامیابی اللہ سے محبت اور دوسروں کے ساتھ حسن سلوک میں مضمر ہے۔ مولانا رومی کا مرکزی تصور 'عشق' ہے۔ یہ عشق صرف مادی دنیا سے متعلق نہیں بلکہ ایک بلند و بالا، خالص اور الٰہی عشق ہے جس کا مقصد بندہ کو اس کے خالق سے مربوط کرنا ہے۔ ان کی شاعری میں عشق کو ایک ایسی قوت کے طور پر پیش کیا گیا ہے جو دلوں کو پاکیزہ کرتی ہے اور روحانی ترقی کی راہ ہموار کرتی ہے۔ مولانا کے نظام فکر و فن میں عشق اولیت اور مرکزی حیثیت کا حامل ہے، اس لئے کہ عشق راہ کی دشواریوں اور رکاوٹوں کو خاطر میں نہیں لاتا ہے، ان کے یہاں عشق ایک زبردست محرک عمل ہے جو ایک طرف تسخیر فطرت میں انسان کی مدد کرتا ہے اور دوسری طرف اسے کائنات کے ساتھ متحد رکھتا ہے، انسان اسی عشق کی بنا پر اتنی بلندی اور قوت حاصل کرتا ہے، فقیروں کو بھی خود آگاہی سکھا کر شہنشاہیت کے اعلیٰ منصب پر فائز کرتا ہے۔ عشق کو عملی طور پر ایمان کی حرارت اور گرم جوشی ہی سے تعبیر کرنا چاہئے جس کا مقصد حیات کو فعال بنا کر دنیائے انسان میں انقلاب پیدا کرنا ہے، مولانا ظلم و عداوت سے معاشرے کو پاک دیکھنے کے خواستگار تھے۔ وہ دنیا کے گوشے گوشے میں عشق کو بھر دینا چاہتے تھے۔ مولانا مختلف انداز اور مختلف پیرائے بیان میں اپنے اس پیغام محبت کو عام کرتے رہے۔ ان کا کہنا ہے کہ محبت چیزوں کی اصلیت کو بدل دیتی ہے:

از محبت تلخھا شیرین شود
از محبت مسّ ھا زرین شود
از محبت دردھا صافی شود
وز محبت دردھا شافی شود
از محبت خارھا گل می شود
وز محبت سرکھا مل می شود
از محبت دار تختی می شود
وز محبت بار بختی می شود
از محبت سجن گلشن می شود
بی محبت روز گلخن می شود
از محبت نار نوری می شود
وز محبت دیو حوری می شود
از محبت سنگ روغن می شود
بی محبت موم آھن می شود

مولانا روم اپنے علم وفضل میں یکتای روزگار ہونے کے ساتھ نہایت منکسر المزاج اور متواضع تھے۔ وہ نہ صرف مسلمانوں کے ساتھ اپنی ہمدردی عنایت فرماتے تھے بلکہ غیر مسلموں، یہودی، عیسائیوں اور مجوسیوں کے ساتھ بھی ان کا یہی برتاؤ تھا۔ مناقب العارفین میں ایسا ہی ایک اہم واقعہ درج ہے: ایک مرتبہ استانبول کا ایک بڑا پادری عالم مولانا کی خدمت میں حاضر ہوا، مولانا کی علمی جلالت وہیبت شان کو دیکھ کر اس پادری پر ایک وارفتگی طاری ہوگئی اور آپ کے سامنے زمین پر سجدہ ریزی شروع کردی، جب اس کو ہوش آیا اور حالت کچھ بہتر ہوئی تو اس نے دیکھا کہ مولانا بھی اس کے سامنے اسی طرح زمین پر سر رکھ رہے ہیں، یہ دیکھ کر اس کی حالت میں تبدیلی آ گئی اور اس نے کپڑے پھاڑنا، چیخنا چلانا شروع کردیا اور کہنے لگا کہ سلطان السلاطین ایک معمولی پادری کا یہ اعزاز اور آپ کی یہ انکساری وتواضع، مولانا نے فرمایا، ہمارے آقا رسول ﷺ کا ارشاد ہے کہ اس بندے پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی انعام ہے جس کو اس نے دولت، عزت، شہرت، حسن وجمال اور طاقت عطا کیا اور اس نے اس دولت کو دوسروں پر خرچ کیا، عزت کی حفاظت کی، اپنی شہرت ونا موری کے باوجود دوسروں کے ساتھ تواضع وانکساری کا رویہ اختیار کیا۔ جب میں ایسے نبی کی امت کا ایک ادنیٰ فرد ہوں تو بندگان خدا کے ساتھ تواضع وانکساری کیوں نہ کروں، یہ سن کر وہ پادری عالم اور اس کے ہمراہی مشرف بہ اسلام ہوگئے۔

خدای تعالیٰ تمام مذاہب سے متعلق ہے کسی ایک خاص مذہب یا دین پر اس کا انحصار نہیں ہے اسلئے کہ ''آئین ھا ھمه حقیقت جو ھستند و خدای یگانه را می جویند ''۔ مولانا تمام مذاہب کو متحد اور ہم جہت جانتے ہیں،

کہتے ہیں کہ ان کے رنگ اور زبان ظاہری ہیں مگر ان کی حقیقت ایک سے زیادہ نہیں جو کہ تمام مذاہب و ادیان میں مشترک ہے، مولانا کی نظر میں تمام جامدات صرف اور صرف ندای حق کو ہی سنتے ہیں اور اسی سے راز و نیاز کی باتیں کرتے ہیں اور اسی حقیقت کے متلاشی ہیں:

آن ندای کامل هر بانگ و نواست
خود ندا آن است و این باقی صداست
ترك و كرد و پارسی گو و عرب
فهم کردن آن ندای گوش و لب
خود چه جای ترك و تاجیك است و زنگ
فهم کرده آن ندا را چوب و سنگ
هر دمی از وی همی آید الست
جوهر و اعراض می گردند هست
گر نمی آید بلی ز ایشان ولی
آمدن شان از عدم باشد بلی

مولانا رومی کا پیغام نہ صرف مسلمانوں کے لیے بلکہ پوری انسانیت کے لیے ہے۔ ان کی شاعری میں محبت، برداشت اور بھائی چارے کا جو درس ملتا ہے وہ ہر زمانے میں اہم رہا ہے۔ موجودہ معاشرہ جہاں تعصّبات، فرقہ واریت اور نفرت انگیزی عام ہے، مولانا رومی کا علمگیر پیغام ہمیں انسانیت کی جانب متبذل ہونے اور ایک دوسرے کے ساتھ محبت اور خیر خواہی کا سلوک کرنے کی تلقین کرتا ہے۔ ان کی شاعری میں بھائی چارے، محبت، انصاف اور مساوات کا درس ملتا ہے۔ وہ انسانوں کے درمیان اختلافات کو ختم کرنے اور سب کے ساتھ عدل و احسان کے ساتھ پیش آنے کی تعلیم دیتے ہیں۔

عہد حاضر میں دنیا کے اندر ہر طرف پانی کے بچاؤ کے لئے نئے نئے قدم اٹھائے جا رہے ہیں۔ ہر ملک کی حکومت اپنے یہاں پانی کو کم خرچ کرنے اور ضرورت کے وقت ہی استعمال کرنے پر زور دے رہی ہیں چونکہ انسان کی بقاء اور زندگی کا انحصار پانی پر ہی ہے۔ دنیا میں آج بھی بہت سے علاقے پانی سے بالکل محروم ہیں، کچھ جگہوں پر پانی تو ملتا ہے لیکن گندا اور کثیف جو کہ انسانی صحت کے لئے بہت زیادہ مضر ہے، جہاں پر پانی کی فراوانی ہے، جن علاقوں میں پانی خوب ہے اور آسانی سے دستیاب ہو جاتا ہے ان کو چاہئے کہ پانی کی قدر کریں، بے ضرورت پانی کا استعمال نہ کیا جائے:

آب دریا را اگر نتوان کشید
هم بقدر تشنگی باید چشید
وقت تنگ و میرود آب فراخ
پیش از آن کز هجر گردی شاخ شاخ

شھری کاریزیست پر آب حیات
آب کش تا بر دمد از تو نبات
عقل تحصیلی مثال جویھا
کان رود از خانہ ای در کویھا
راہ آبش بستہ شد شد بینوا
تشنہ ماند و زار و با صد ابتلا

مولانا نے اپنی شاعری کے ذریعہ اخلاقی مسائل کی تعلیم وترویج ،کردار سازی، آدمیت کوانسانیت سے ہم کنار کرنے کے ضروری واہم نکات کی تفہیم کے طریقے کواوج کمال پر پہنچادیا۔اس کے ضمن میں نفس انسانی کے عیوب اور پوشیدہ اسرار اپنے لطیف پیرایہ میں پیش کئے اورموجودہ زمانے کے لئے ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل وتعمیر کے واسطے بیش نعمت نصیحتیں کی ہیں۔مولانا لوگوں کونصیحت کرتے ہوئے روزمرہ کی زندگی میں پیش آنے والی چند معمولی نصیحتوں پر عمل پیرا ہونے کی تلقین کرتے ہیں کہ ہرانسان کواپنی زبان کوحرف بد سے محفوظ رکھنا چاہئے ،فرماتے ہیں کہ:

این بان چون سنگ و ھم آتش وش است
و آنچہ بجھد از زبان چون آتش است
ای زبان ھم گنج بی پایان تویی
ای زبان ھم رنج بی درمان تویی
نکتہ ای کان جست ناگہ از زبان
ھمچو تیری دان کہ آن جست از کمان
وا نگردد از رہ آن تیر ای پسر
بند باید کرد سیلی را ز سر

مولانا ہرشخص کوحلال روزی کھانے پرزوردیتے ہوئے نصیحت کرتے ہیں کہ وہ شخص جومحنت ومشقت سے حلال روٹی کھاتا ہےتواس کی دنیاایک نور سے روشن ومنور رہتی ہے۔وہ دنیا میں بڑے آرام واطمینان سے گزربسرکرتا ہے،تمام آفات،بلاؤں،مصیبتوں،اور پریشانیوں سے محفوظ رہتاہےاس لئے کہ،’’لقمہ حرام بہ مثل دام است کہ جہل وغفلت زاید‘‘:

لقمہ ای کہ نور افزود و کمال
آن بود آوردہ از کسب حلال
چون ز لقمہ تو حسد بینی و دام
جھل و غفلت آید آن را دان حرام

مولانا رومی اپنی شاعری کے ذریعہ خودشناسی کی بھی مکمل تلقین کرتے ہیں،خودشناسی ان کی شاعری کا اہم موضوع

ہے، ان کے مطابق انسان کو اپنی اصل حقیقت کو پہچاننا ضروری ہے، کیونکہ اس کے بغیر روحانی ترقی ممکن نہیں۔ مولانا کے مطابق جو زیادہ بیدار ہوتا ہے، اس پر زیادہ پردے پڑ جاتے ہیں اور جو زیادہ آگاہ ہوتا ہے وہ زیادہ مضطرب ہوتا ہے۔ رومی کہ اس فلسفے کے مطابق موجودہ معاشرہ کے مسائل کا حل انسان کے اندر موجود ہے، بشرطیکہ وہ خود کو پہچان لے اور اپنی کمزوریوں کا ادراک کر کے خدا کی جانب رجوع کرے۔ آج کے دور میں جہاں انسان مختلف ذہنی و جذباتی مسائل کا شکار ہے مولانا کی خودشناسی اور خدا سے تعلق جوڑنے کی تعلیمات بہت اہم ہیں۔

آخر میں بس یہی کہنا چاہوں گا کہ مولانا حقائق و معارف کے وہ آفتاب تھے جو تمام دنیا پر جلوہ گر ہوئے اور ہر کس و ناکس کو منور و فیضیاب کیا۔ مولانا روم نے اپنی شاعری کے ذریعہ تمام بنی نوع انسان کے لئے دنیا میں رہنے کا اصلی سلیقہ بتایا، زندگی کو صحیح اسلامی عقاید کے ساتھ بسر کرنے کی ہدایت فرمائی، انسان کو انسان سے محبت کرنے کا درس دیا، بلاتفریق مذہب و ملت تمام انسانوں پر عنایتیں اور شفقتیں کرنے کی تعلیم دی، برابری، بھائی چارہ، امن و سلامتی، رواداری، معاشرے کو ظلم و عداوت سے پاک رکھنا، حلال روزی کھانا، انسان سے میل جول رکھنا، لوگوں کے دلوں کو خوش کرنا وغیرہ افکار کو پیش کیا۔ موجودہ معاشرے میں ہم اگر مولانا روم کی ان تمام نصیحتوں پر عمل پیرا ہو جائیں تو اس دنیا میں ہر طرف امن و سلامتی، بھائی چارگی اور خوشحالی نظر آنے لگے گی۔

☆☆☆

**حامد میاں**
اسسٹنٹ پروفیسر، خلیق احمد نظامی مرکز علوم القرآن
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

# علم النغمات یا قرآن کریم کے لہجات کا فن

پوری دنیا میں قرآن کریم کی تلاوت کرنے والے قاری کی قراءت سات لہجات میں سے کسی بھی لہجے سے باہر نہیں ہوتی، یعنی اس کی قراءت سات لہجوں میں سے کسی ایک لہجے کے مطابق ضرور ہوگی۔ وہ سات لہجات اہل فن نے اس جملے میں جمع کئے ہیں: صنـع بسـحر، ص سے صباء، ن سے نہاوند، ع سے عجم (چہارگاہ) ، ب سے بیات، س سے سیگاہ، ح سے حجاز اور ر سے رست۔

اس فن کو علم النغمات کہتے ہیں، اس کا دوسرا نام علم المقامات ہے، اسے ترانیم قرآنی بھی کہتے ہیں اور اس کو لہجات کا علم بھی کہا جاتا ہے۔ بلادِ عرب یعنی مصر، امارات، سعودیہ، شام، عراق اور دیگر ممالک جیسے: ایران، انڈونیشیا وغیرہ میں اس علم کو سیکھنے کا کافی اہتمام کیا جاتا ہے اور بعض ممالک میں تو اس کا اس قدر اہتمام ہے کہ قراء کے علاوہ عام لوگ بھی اس فن کو جانتے ہیں، لیکن برصغیر یعنی پاکستان، ہندوستان، بنگلہ دیش، افغانستان اور دیگر وہ ممالک جہاں کی آبادی کی اکثریت عجمی افراد پر مشتمل ہے، وہ اس فن سے ناواقف ہیں۔ بلکہ افسوس کا مقام یہ ہے کہ ان ممالک کے اکثر خواص، مشہور قراء اور علماء کو بھی اس فن سے کوئی مناسبت نہیں۔ راقم الحروف بذات خود اس فن کا طالب علم رہا ہے، اس لیے دل میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ اس علم اور فن کے متعلق کچھ بنیادی باتیں تحریر کردی جائیں، تاکہ اس فن کو بھی سیکھنے کا اہتمام کیا جائے۔

علم النغمات اور قرآن کریم کے لہجات کو سیکھنے سے پہلے جو چیز سب سے اہم اور ضروری ہے، وہ ہے قرآن مجید کو اچھی طرح تجوید سے پڑھنا اور اس کی تلاوت کے دوران تجوید کے تمام قواعد کا مکمل خیال رکھنا۔ اگر کوئی شخص قرآن مجید کی تجوید سے ادائیگی میں کمزور ہے تو وہ پہلے تجوید سیکھے، قرآن کے حروف کی ادائیگی میں درستگی اور پختگی پیدا کرے، اس کے بعد نغمات اور لہجات سیکھے۔

علم النغمات کا تعلق قرآن مجید کے جمالیاتی پہلو سے ہے۔ خوبصورت اور اچھی آواز میں قرآن مجید کی تلاوت کا شریعت مطہرہ بھی حکم دیتی ہے۔ حدیث شریف میں آتا ہے، حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے:

**لیس منا من لم یتغنّ بالقرآن.** (۱)

''وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو قرآن مجید کو اچھی آواز اور خوبصورت انداز میں نہ پڑھے''۔

حضور ﷺ نے فرمایا:

**ونعم النعمة الصوت الحسن.** (۲)

''بہترین نعمت اچھی آواز کا ہونا ہے''۔
اور حضور ﷺ کا ارشادگرامی ہے:
**زينوا القراٰن باصواتكم ، فإن الصوت الحسن يزيد القراٰن حسناً .** (۳)

''قرآن مجید کو اپنی آوازوں سے زینت دو، مزین کرو، اس لیے کہ اچھی آواز قرآن کے حسن اور خوبصورتی کو بڑھاتی ہے''۔
اسی طرح آپ علیہ السلام کا ارشاد ہے:
**إقرؤا القرآن بلحون العرب واصواتها .** (۴)

''قرآن مجید کو عربوں کے طرز اور لہجوں میں اور عربوں کی آواز میں پڑھو''۔
یعنی ان کی آوازوں کی نقل اتارتے ہوئے ان کی تقلید کرو۔ ان احادیث سے پتا چلتا ہے کہ اچھی آواز اور اچھے انداز سے تلاوت کرنا نہ صرف مستحسن اور بہترین عمل ہے، بلکہ شریعت مطہرہ کا حکم بھی ہے اور قرآن مجید میں بھی ٹھہر ٹھہر کر تلاوت کا حکم دیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا:
﴿وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلاً﴾ (۵)

''قرآن مجید کو ٹھہر ٹھہر کر ترتیل کے ساتھ پڑھو''۔
علم النغمات بھی اچھے انداز سے قرآن کی تلاوت کو کہتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ یہ بھی علم شرعی ہے اور شریعت میں بھی اس کی اپنی حیثیت اور اہم مقام ہے۔ البتہ اس فن کے اپنے قواعد اور ضوابط ہیں، جن کے دائرے میں رہتے ہوئے اس فن کو استعمال کیا جاسکتا ہے، مثلاً مقصود اصلی صرف اور صرف لہجات اور نغمات نہ ہوں اور نہ ہی ساری توجہ ایک لہجے سے دوسرے لہجے کی طرف منتقل ہونے میں ہو، یہ بھی نہ ہو کہ لہجات کا اس قدر خیال رکھا جائے کہ تجوید کے قواعد کی خلاف ورزی کرنی پڑے اور قرآن مجید کے معانی اور مفاہیم میں جو غور کرنا ہو، وہ بھی نظر انداز ہو کر ساری کی ساری توجہ لہجات پر لگ جائے۔

سب سے اہم اور بنیادی سوال یہ ہے کہ اس فن کو ہم کیوں سیکھیں؟ اس فن کا مقصد کیا ہے؟ اس فن کے سیکھنے کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ ہم قرآن مجید کی آیات کے معانی ومفاہیم کی گہرائی میں اتر کر ان کو اس انداز سے پڑھیں کہ گویا ہمارا رب ہم سے مخاطب ہے، یعنی ہم ان آیات کو مجسم انداز میں پیش کردیں، مثلاً : قرآن مجید میں بہت سی آیات عذاب اور کفار وفساق کے لیے سزاؤوں پر مشتمل ہیں تو ان آیات کو ہم انتہائی حزن اور غم کے انداز میں پڑھیں یا قرآن مجید میں جنتیوں کے لیے بشارتوں کا ذکر ہے تو ان کو ہم خوشی کے طرز اور لہجے میں پڑھیں، یہی اس فن کا مقصد ہے۔ کل سات لہجات ہیں، جو ہم نے ابتدا میں ذکر کر دیے اور یہی سات لہجات اصلی ہیں، باقی ان لہجات کی فروعات اور شاخیں ہیں جو انہی اصلی لہجات کو ملا کر بنائی جاتی ہیں، جن کو آیندہ سطور میں ہر لہجہ کے ساتھ ضمناً ذکر کیا جائے گا۔ ان لہجات کی مشق کسی ایسے مشاق قاری سے کی جائے جو اس فن کو جانتا ہو اور اس فن میں ماہر ہو، ورنہ مضمون پڑھنے سے آپ کو صرف لہجات کے نام معلوم ہوں گے یا زیادہ

سے زیادہ لہجات کے موارد کا پتہ چلے گا کہ کن آیتوں میں کونسا لہجہ استعمال ہوتا ہے۔قرآن کریم کی آیات میں استعمال کے وقت ان لہجات کی ترتیب مختلف ہے، بلکہ ہر قاری کے لہجات کے پڑھنے کی ترتیب دوسرے سے اکثر مختلف ہوتی ہے،لیکن اکثر قراء ابتدا میں بیات ہی کو استعمال کرتے ہیں۔"صنع بسحر" کی عبارت کی ترتیب پر ہر لہجے کا تعارف مندرجہ ذیل ہے:

صباء لغت میں صباء مطلع شمس یعنی مشرق سے چلنے والی ہوا کو کہتے ہیں۔یہ غم اور حزن کا لہجہ ہے اور جب انسان اس لہجے کو سنتا ہے تو اس کی طبیعت میں غم ،حسرت اور خوف کی کیفیت کو یہ لہجہ اجاگر کرتا ہے۔یہ انتہائی خوبصورت لہجہ ہے کہ اس میں بیک وقت حزن اور جمال دونوں کیفیتیں پائی جاتی ہیں۔قرآن کریم کی وہ آیات جو حزن،غم،حسرت اور الم پر مشتمل ہیں،وہ اس لہجے میں پڑھی جاتی ہیں۔وہ آیات جو جنت اور اس کی نعمتوں کے ذکر پر مشتمل ہوں،وہ اس لہجہ میں نہیں پڑھی جائیں گی، وہ آیات جن میں جہنمیوں کا ذکر ہو یا فساق وفجار پر عذاب کا ذکر ہو یا وہ آیات جو حسرت اور ندامت کے مضمون کو بیان کرتی ہوں،ان کو صباء لہجہ میں پڑھنا زیادہ مناسب ہے۔ جاننا چاہیے کہ ہر لہجہ میں قراءت کے تین درجات ہوتے ہیں : قرار، جواب،جواب الجواب۔

قرار:ابتدائی درجہ ہوتا ہے،جس میں آواز ذرا پست اور نچلے درجے کی ہوتی ہے۔ جواب: دوسرا درجہ ہوتا ہے، جس میں آواز کا درجہ پہلے کی بہ نسبت ذرا بلند ہوتا ہے اور جواب الجواب : تیسرا اور آخری درجہ ہوتا ہے،جس میں آواز کو بہت زیادہ اٹھایا جاتا ہے اور لہجات کے ان تینوں درجوں کی رعایت قراء کے ہاں متداول ہے۔صباء کی کئی شاخیں ہیں،جن میں مقام منصوری ہے،مقام الحدیدی ہے اور بعض قراء کے نزدیک رمل بھی صباء کی شاخ ہے۔اس مختصر مضمون میں فروعی مقامات پر بحث مقصود نہیں ہے۔

مختصراً یوں سمجھیں کہ مقام منصوری کو حزن الرجال بھی کہتے ہیں،یعنی اس کو ادا کرتے ہوئے گویا قاری روتا ہے یا رونے والے کا انداز اختیار کرتا ہے۔اسی طرح صباء کی اور بھی شاخیں ہیں: صباء زمزم،صباء عشاق۔مقام حدیدی کو مدِّ عوض پر پڑھا جاتا ہے،یعنی جہاں تنوین منصوب ہو۔شام،عراق،مصر وغیرہ ممالک میں صباء کو پڑھنے کے الگ طریقے ہیں۔اصل لہجہ میں سب متفق ہیں،صرف ناموں کی حد تک کچھ اختلاف پایا جاتا ہے۔صباء کے بعد عموماً عجم لہجہ پڑھا جاتا ہے۔صباء غم کی آیتوں میں پڑھا جاتا ہے اور جب غم کی آیتیں ختم ہو جائیں اور غم اور عذاب سے چھٹکارے کا ذکر شروع ہو تو ان کو عجم میں پڑھا جاتا ہے،اسی طرح قرآن کی وہ آیتیں جو تذکیر اور تنبیہ پر مشتمل ہوں،وہ بھی اسی صباء کے لہجے میں پڑھی جاتی ہیں۔عجم کی دو شاخیں ہیں: عجم عشیران،عجم خلوتی۔

نہاوند: یہ نہاوند علاقے کی طرف منسوب ہے۔ یہ لہجہ اصل میں خوشی کا ہے،لیکن کچھ درجہ اس میں غم کی آمیزش بھی ہے،اس لیے اس لہجہ کو صرف خوشی میں منحصر کرنا درست نہیں ہے۔ یہ لطیف مقامات میں سے ہے اور نرمی،شفقت اور محبت کا عنصر اس لہجہ میں زیادہ پایا جاتا ہے۔علم النغمات کے اساتذہ کہتے ہیں کہ نہاوند لہجہ گلاب کے خوش رنگ اور صاف پھول کی طرح ہے،جس کی پتیاں پانی سے تر ہوں، یہ لہجہ انسان کی طبیعت میں محبت،فرحت،خوشی اور تر و تازگی کی کیفیت کو اجاگر کرتا

ہے اور جوش وجذبہ والے اشعار اکثر اس لہجے میں پڑھے جاتے ہیں۔کبھی اس لہجہ میں اذان بھی دی جاتی ہے، لیکن اس لہجہ میں اذان غیر معروف ہے۔قرآن مجید کی وہ آیات جو جنت اور جنتیوں کے ذکر پر مشتمل ہوں، جن آیات میں نعمتوں کا ذکر ہو، خوشی اور فرحت کے مضمون پر مشتمل ہوں، یا وہ آیتیں جن میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی انسانوں یا بشریت پر احسانوں اور مہربانیوں کا ذکر ہو یا جنت اور اس کے بالا خانوں، حور وغلمان کا تذکرہ ہو، ان آیات کو اس لہجہ میں پڑھنا زیادہ مناسب اور زیادہ افضل ہے۔کچھ درجہ اس میں ذرا سا غم کا پہلو بھی پایا جاتا ہے، اس لیے وہ آیات جو قیامت کے دن اور اس کے احوال کے ذکر پر مشتمل ہوں، وہ بھی اس لہجہ میں پڑھی جا سکتی ہیں۔اس فن کے بعض علماء کے نزدیک وہ آیات جن میں اللہ تعالیٰ کے اوصاف کا ذکر ہو یا اخلاق واحکام اور عبادات اور دعا کا ذکر ہو، وہ بھی اس لہجہ میں پڑھی جا سکتی ہیں۔یہ ٹھہراؤ اور سکون والا لہجہ ہے، اسی لیے بعض قراء اس کو فجر کے اوقات میں زیادہ پڑھتے ہیں۔قصص قرآنی بھی اس لہجے میں پڑھے جا سکتے ہیں۔نہاوند لہجہ سے پہلے اور بعد میں حجاز، صباء، جہارکاہ (چہارگاہ) پڑھے جا سکتے ہیں اور اکثر نہاوند کے بعد رست لہجہ پڑھا جاتا ہے اور بیات بھی اس سے پہلے اور بعد میں پڑھ سکتے ہیں۔اس لہجہ کو صدیق منشاویؒ، مصطفیٰ اسماعیلؒ اور شحات انورؒ بہت اچھے انداز میں پڑھتے تھے۔مقامِ نہاوند کی بہت سی شاخیں ہیں، جیسے: نوا ہے، خَنَبَات ہے، عُشّی ہے۔یہ سب اہل عراق کے نزدیک ہیں۔بعض اہل فن کے ہاں نکریز (نگریز) بھی نہاوند کی شاخ ہے اور نہاوند کے جواب الجواب میں جو آواز انتہائی درجہ تک اٹھائی جاتی ہے، یہی نکریز ہے اور بعض اہل فن نکریز کو جہارکاہ اور صباء کا مجموعہ سمجھتے ہیں اور یہی نکریز (جو جہارکاہ اور صباء سے بنے) اس کی ادائیگی مشکل بھی ہے اور یہ قلیل الاستعمال بھی ہے۔

عجم یا چہارگاہ یا جہارکاہ: لغت میں عجم عرب کے علاوہ لوگوں کو کہا جاتا ہے، لیکن ایسا نہیں ہے کہ یہ لہجہ کسی اور زبان والوں کا ہے، یہ عرب ہی کا لہجہ ہے اور اصلی مقام ہے۔قراء مصر کے ہاں عجم صباء کی شاخ ہے اور چہارگاہ اس کی شاخ ہے، صحیح یہی ہے کہ چہارگاہ ہی اصلی لہجہ ہے، لہٰذا ہم یہاں چہارگاہ پر بحث کریں گے اور اسی کے متعلق بتائیں گے۔عجم جو صباء کی شاخ ہے، اس پر بحث ہو چکی ہے۔عجم اور چہارگاہ میں اختلاف صرف لفظوں کی حد تک ہے، ایک ہی لہجہ پڑھا جاتا ہے، نام اس کے دو رکھ دیے گئے ہیں، کوئی اُسے عجم کہتا ہے، کوئی چہارگاہ، البتہ میری ناقص معلومات کے مطابق اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ بعض قراء چہارگاہ کے ابتدائی دو درجوں یعنی قرار اور جواب کے بعد جواب الجواب میں عجم پڑھتے ہیں، جو صباء کی شاخ ہے اور اس عجم کی وجہ سے قرار اور جواب دونوں درجوں کو بھی عجم کہہ دیتے ہیں، جو درحقیقت چہارگاہ ہی کے لہجے میں پڑھے جاتے ہیں۔مقام چہارگاہ قوتِ جلال اور عظمت کا لہجہ ہے، اسی لیے قرآن کی وہ آیات جو اللہ تعالیٰ کے جلال وکبریائی اور عظمت پر مشتمل ہوں، ان کو چہارگاہ میں پڑھنا زیادہ مناسب ہے۔اس لہجہ میں کچھ درجہ غم اور حزن بھی ہوتا ہے، لیکن اس لہجہ میں مرکزی اور اساسی نکتہ قوت، عظمت، استقامت اور جلال کا ہے اور چہارگاہ کے جواب الجواب کو بعض قراء لحن الہندی کا نام دیتے ہیں اور چہارگاہ عموماً رست کے بعد پڑھا جاتا ہے اور صباء اور حجاز کے بعد بھی اس کو پڑھ سکتے ہیں۔

بیات: یہ عراق کے ایک قبیلے کی طرف منسوب ہے، خلاصہ یہ ہے کہ اس لہجہ میں تین امتیازی صفات پائی جاتی ہیں: (۱) اس کی ادائیگی بہت آسانی اور سہولت سے ہوتی ہے اور (۲) اس کا سیکھنا بھی بہت آسان ہے کہ اکثر قراء اسی لہجہ

سے اپنی تلاوت کی ابتدا کرتے ہیں۔(۳) یہ لہجہ ہر مقام کے قریب اور مناسب ہے، یعنی اس لہجہ کے بعد ہر ایک لہجہ پڑھا جاسکتا ہے۔

یہ ایسا لہجہ ہے جسے سن کر سامع اکتاہٹ کا شکار نہیں ہوتا ہے، اسی طرح حدر میں اس کو پڑھا جائے تو اس کی ادائیگی الگ انداز سے ہوتی ہے اور ترتیل میں الگ انداز سے اور ہر قاری اس کو الگ خوبصورتی سے پڑھتا ہے۔ یہ لہجہ عراق سے حجاز منتقل ہوا، اہل حجاز نے اس میں مزید اضافے کیے اور پھر ترکی، شام، اور دیگر ممالک میں پھیلا اور ہر علاقے والوں نے اس میں مزید خوبصورتی کا اضافہ کیا۔اس لہجہ کو ام المقامات یعنی تمام لہجات کی اصل یا ماں کہا جاتا ہے۔ یہ بہت وسیع لہجہ ہے، اس میں خوشی کی آمیزش بھی ہے اور غم کی بھی اور بہت سی عربی اسلامی نظمیں اور نعتیں اس لہجہ میں پڑھی جاتی ہیں اور اس لہجہ میں اذان بھی دی جاتی ہے۔اس لہجہ کو عظمت اور جلال والی آیتوں میں پڑھا جاسکتا ہے اور نرمی اور رقت والی آیتوں میں بھی۔ نیز قرآن مجید کی وہ آیات جو مکالمات اور حوادث پر مشتمل ہیں، اسی طرح وہ آیتیں جو دعا پر مشتمل ہیں، اسی طرح وہ آیتیں جن میں مسلمانوں کو جہاد پر ابھارا گیا ہے یا وہ آیات جو خالق اور مخلوق کی عظمت پر مشتمل ہیں، اسی طرح قرآن مجید کی چھوٹی سورتیں اکثر اس لہجہ میں پڑھی جاتی ہیں۔اس لہجہ سے پہلے اور بعد میں ہر لہجہ پڑھا جاسکتا ہے۔ بیات کی کئی فروعات اور شاخیں ہیں:

بیات اصلی:اس میں غم کا پہلو زیادہ ہوتا ہے اور بیات اصلی صباء کے بہت زیادہ مشابہ ہے۔

بیات کُردیا حجاز کاکُرد: لہجہ بھی نرمی اور جمال میں ممتاز ہے اور اکثر اسی لہجہ میں قراء اپنی تلاوتوں کو ختم کرتے ہیں، جس کو بعض اہل فن بیاتِ صدقہ کے نام سے بھی موسوم کرتے ہیں۔

بیات شوریٰ:اس کی ابتداء حجاز سے ہوتی ہے اور اختتام بیات پر، یہ لہجہ قلیل الاستعمال بھی ہے اور مشکل بھی۔:

بیات حسینی، بیات ابراہیمی، بیات لامی، بیاتِ اصفہان، بیات دوگاہ، بیات نوا۔ یہ بھی بیات کی شاخیں ہیں۔

سیگاہ یا سیکاہ: بعض لوگ اس لفظ کو فارسی زبان کا سمجھتے ہیں۔ یہ مرکب ہے سہ اور گاہ سے، سہ بمعنی تین اور گاہ بمعنی مقام کہ یہ مقام اور لہجہ تیسرے نمبر پر اکثر پڑھا جاتا ہے۔ بیات اور رست پڑھنے کے بعد یہ لہجہ غم اور خوشی دونوں طرح کے مفہوم والی آیتوں میں استعمال ہوتا ہے۔اسی وجہ سے اکثر قراء اس کو اپنی تلاوت کا محور اور مرکز بنا لیتے ہیں کہ دوسرے لہجات پڑھنے کے بعد دوبارہ سیگاہ پڑھتے یا ہر ہر لہجہ کے بعد سیگاہ پڑھتے ہیں۔ یہ لہجہ نہاوند، جہارکاہ، رست اور حجاز کے بعد پڑھا جاسکتا ہے اور بیات، حجاز اور رست کو سیکاہ کے بعد بھی پڑھنا ممکن ہے۔قرآن کریم کی وہ آیتیں جن میں کسی بات کی خبر دینا مقصود ہو یا کسی قصہ پر مشتمل ہوں یا قیامت کے دن کے احوال پر مشتمل ہوں یا وہ آیات جو سوال اور جواب پر مشتمل ہوں یا استفہام پر مشتمل ہوں یا وہ آیتیں جن میں ایک نوع کی ڈانٹ ڈپٹ اور زجر و توبیخ ہو، ان کو اس لہجہ میں پڑھا جاسکتا ہے۔سیکاہ کی ایک شاخ رمل ہے، جس کو سیکاہ کے وسط میں پڑھا جاتا ہے اور کسی خاص مفہوم کی تاکید بتلانے کے لیے رمل کا استعمال کیا جاتا ہے، مثلاً: پہلے سوال گزرا ہو، اب اس سوال کے جواب والی آیت آگئی تو اس کو سیکاہ میں پڑھیں گے۔

حجاز: یہ لہجہ ارضِ حجاز کی طرف منسوب ہے۔ یہ مقام بھی بہت وسیع ہے، اس میں خشوع، حزن، غم، درد اور الم کی کیفیات پائی

جاتی ہیں۔ بہت ہی مشہور اور خوبصورت لہجہ ہے۔اس لہجہ کو شیخ القراء مصطفیٰ اسماعیلؒ اور شیخ عبدالباسط عبدالصمدؒ اور امیر النغم شیخ شحات محمد انور رحمہم اللہ بہت ہی عمدگی سے پڑھتے تھے اور اس لہجہ میں اذان بھی بہت ہی مشہور ہے۔قرآن کریم کی وہ آیتیں جو قیامت کے اوصاف پر مشتمل ہوں یا ان میں غم،حزن، درد کا مفہوم ہو تو ان کو حجاز میں پڑھ سکتے ہیں،جس طرح ان کو صباء میں بھی پڑھا جاتا ہے۔حجاز کو صباء اور سیگاہ کے بعد پڑھا جا سکتا ہے اور اسی طرح حجاز کے بعد نہاوند، سیگاہ، رست اور بیات پڑھے جاسکتے ہیں اور نہاوند اور صباء بہت ہی سہولت اور آسانی سے حجاز کے ساتھ پڑھے جاسکتے ہیں۔حجاز کی کئی شاخیں ہیں: عراق والوں کے ہاں حجازِ دیوان اور حجازِ غریب اس کی شاخیں ہیں۔اس کے علاوہ حجاز کی اور بھی شاخیں ہیں : حجاز ہمایوں، حجاز قطر، حجاز مثنوی، حجاز خویزاوی، حجاز مدمی۔حجاز مدمی حد درجہ غمگین لہجہ ہے اور کرد قبائل کے ہاں اس کی اور ایک شاخ ہے جس کو وہ لوگ آجغ کہتے ہیں، اسی طرح زنکران اور حجاز کار بھی حجاز کی شاخیں ہیں۔حجاز کی ایک اور شاخ حجاز کا ئیکار بھی ہے، زنکران لہجہ قلیل الاستعمال ہے۔

رست: اس کو رصد بھی کہتے ہیں۔ یہ فارسی لفظ راست (سیدھا، سچا) کا مخفف ہے۔ یہ بھی بہت وسیع اور جمیل مقام ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اس میں قوت، صلابت اور رخامت پائی جاتی ہے اور اس میں وقار بھی پایا جاتا ہے، اسی وجہ سے اس کو ملک المقامات (مقامات میں سب کا سردار) اور ابو النغم کہا جاتا ہے۔بیات کے بعد سب سے زیادہ استعمال ہونے والا لہجہ رست ہے۔اس لہجہ میں اذان بہت ہی مشہور ہے۔شیخ عبدالباسطؒ اکثر اوقات اذان حجاز میں دیتے تھے اور راغب مصطفیٰ غلوش اکثر اوقات رست میں اذان دیتے ہیں۔اس لہجہ کو بھی تلاوت کے لیے محور اور مرکز بنایا جاسکتا ہے کہ تمام تلاوت اسی لہجہ میں ہی کی جائے اور تبعاً دوسرے لہجے پڑھے جائیں۔اس میں حزن بھی ہے اور جمال بھی۔اس میں قرآن کی آیتوں کی تلاوت بہت مزین انداز سے ہوتی ہے اور اس لہجہ میں امتیازی پہلو یہ بھی ہے کہ اس کو ہر ایک پڑھتا ہے، چاہے وہ اسے جانتا ہو یا نہ جانتا ہو۔ائمہ حرمین کی تلاوتیں اسی لہجہ میں ہیں۔یہ ان آیات میں استعمال ہوتا ہے جو اکثر اللہ سے سوال اور دعا پر مشتمل ہوں، اسی طرح جن آیتوں میں اللہ کی حمد ہو، اسی طرح وہ آیتیں جن میں اللہ تعالیٰ کے ناموں اسماء حسنیٰ کا ذکر ہو، اسی طرح قرآنی واقعات اور قصص اور فقہی احکام کی آیتیں، اسی طرح بعض قرآنی دعائیں اس لہجہ میں پڑھی جاسکتی ہیں۔اس لہجہ کو بیات اور نہاوند کے بعد عموماً پڑھا جاتا ہے اور رست کے بعد صباء، سیگاہ، چہارگاہ اور بیات پڑھے جاسکتے ہیں۔شیخ سید متولی عبدالعالؒ، راغب مصطفیٰ غلوش، سید سعید اطہر بدوی اور بعض اوقات شیخ طبلاوی اس لہجہ میں اپنی پوری تلاوت کرتے ہیں اور اس کو محور بناتے ہوئے دوسرے لہجات پڑھنے کے بعد دوبارہ رست پڑھتے ہیں۔بعض قراء کہتے ہیں کہ ماہور جہارکاہ کی شاخ ہے۔حقیقت یہ ہے کہ ماہور رست کا جواب الجواب میں انتہائی درجہ ہے۔اب سب سے اہم سوال یہ رہ گیا کہ جو لوگ لہجات نہیں جانتے تو وہ اس فن کو کیسے سیکھیں؟ جواب یہ ہے کہ ان کبار قراء کی تلاوتیں سنیں جو اپنی تلاوت میں اکثر اوقات تمام لہجات پڑھتے ہیں، جیسے: شیخ القراء مصطفیٰ اسماعیلؒ ہیں، امیر النغم شیخ شحات محمد انورؒ ہیں، ان کی تلاوتیں بکثرت سننے کا التزام کریں، طرز آپ کے ذہن میں محفوظ ہو جائے گا اور ہر ہر لہجہ کا الگ طرز ہوتا ہے۔یہی طرز محفوظ ہو گیا تو سمجھ لیں کہ آپ لہجات بھی سیکھ چکے ہیں۔رہا یہ مسئلہ کہ اب طرز کی پہچان کون کرائے گا کہ یہ فلاں لہجہ کا طرز ہے تو اس کے لیے کسی ماہر اور

لہجات کو سمجھنے والے قاری کی راہنمائی آپ کو لینی پڑے گی، جن کی تعداد ہمارے ملک ہندوستان میں بہت کم ہے۔

**حواشی**

(۱) صحیح البخاری، حدیث نمبر: ۵۰۲۷

(۲) الکافی للکلینی، جلد۲، ص: ۶۱۵

(۳) سنن الدارمی، حدیث نمبر: ۳۵۰۱

(۴) المعجم الأوسط للطبرانی، حدیث نمبر: ۷۲۲۳

(۵) [سورۃالمزمل: ۴]

☆☆☆

ڈاکٹر محمد اقبال بابا
شعبہ اردو و فارسی
گرونانک دیو یونیورسٹی، امرتسر

# اشعار نظامی میں سبک وروش

الیاس بن محمد نظامی گنجوی سلجوقی دور کے اعلیٰ پایہ شعراء اور فلسفیوں میں شمار ہوتے ہے، آپ کا پانچ مثنویات پر مشتمل خمسہ نظامی ایک شہکار ہے، کہا جا تا ہے، کہ ایران کے ہر گھر میں شاہنامہ فردوسی، دیوان انوری، اور گلستان سعدی شیرازی کے ساتھ ساتھ نظامی کے مثنویات کا ایک مجموعہ بھی رہتا ہے، فارسی ادب کے وادی مثنوی میں جو کارہائے نمایاں انھوں نے انجام دئے ہیں، ان کا جواب آج تک کسی سے نہ بن سکا، نظامی گنجوی ایک ایسے شاعر ہے، جو صدیاں گذر جانے کے بعد بھی اپنی فنی صلاحیت کے اعتبار سے مشعل راہ بنے ہوئے ہے،

صاحب آتشکدہ آذر کہتے ہے ''کہ نظامی کے بعد ایسی مثنویاں کسی نے نہیں لکھی ہیں، چنانچہ ان مثنویات کی قبولیت کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ متوسطین اور متاخرین میں سے اکثر شعراء نے ان مثنویات کی طرز پر مثنویاں لکھنے کو اپنا فخر سمجھا، خمسہ نظامی کی تقلید میں لکھنے والوں کی تعداد بہت بڑی ہیں'' جس کے بارے میں محقق سید نفیسی یوں لکھتے ہے ''بحث در بارہ کسانی کہ پیرو روش نظامی بودہ مخصوصاً از پنج مثنوی خمسہ او و یا یکی از انھا تقلید کردہ اند بسیار دراز است وخود کتابی جداگانہ می خواہد، این فہرستی از معروفترین شاعرانی کہ در ایران وھندوستان پیروی از این روش کردہ اند'' کہتے ہیں کہ مولانا جامی کا ھفت اورنگ، خمسہ نظامی کے برابر تسلیم کیا گیا ہے، لیکن مولانا کی دلی حواہش تھی کہ میں نظامی کا ھم پایہ ہوجاوں چنانچہ فرماتے ہے ۔

اھل دل از فکر چو محفل نھند
بادئہ را از قدح دل نھند
رشح ازاں بادہ بجامی رساں
رونق نظمش بہ نظامی رساں

مولانا جامی مزید فرماتے ہے ''خمسہ نظامی کا جواب امیر خسرو سے بہتر کسی سے نہ بن پڑا، لیکن خسرو کی مثنویات کی نسبت عبید یہ رائے ظاہر کرتا ہے ۔

غلط افتاد خسرو را ز خامی
کہ سکبا پخت در دیگ نظامی

امیر خسرو بھی اپنی مثنوی لیلیٰ مجنوں میں اس بات کا اعتراف کرتے ہے ۔

مـــــی داد چـــو نـــظـــم نـــــامــــــه را هیـــچ
بــــاقـــی نـــگـــذاشـــت بهـــر مــــا هیـــچ

بعض مصنفین کے بقول خسرو اور مولانا جامی کو نظامی کی ابیات اور مضامین میں اکثر جگہ توارد ہوا ہے، چنانچہ سید نفیسی لکھتے ہے "بعضی نوشتہ اند کہ خانہ شعر وشاعری نظامی تاراج کردہ مولوی جامی وخسرو دھلوی است، الحق در تصانیف وکتب نظم ایشان داستانی ھست کہ در یک دو مصرعہ با شعر نظامی نیست، ظاھراً معلوم می شود کہ کلام خواجہ نظامی در مزاولت این ہر دو بسیار بودہ، بدلیل آنکہ کلامی کہ در نظر نگذاشتہ باشد و بسماعت نرسیدہ باشد توارد آن نمی شود، کسانی کہ مولوی جامی و امیر خسرو دھلوی را درین باب منسوب بسرقہ کنند محض غلط است" ایک اور جگہ لکھتے ہے "در سلم السموت نوشتہ شیخ نظامی گنجہ دستور شعرای عجم ومشہور آفاق بسم عالم است، تفصیل او برامیر خسرو دھلوی دادہ اند وخمسۂ او را بر کلیات خسرو ترجیح نھادہ اند۔

نـــظـــامـــی کـــــہ استـــاد ایـــن فـــن ویســـت
دریـــن بـــزمـــگـــــہ شـــمـــع روشـــن ویســـت
دو یــــرانـــــہ گـــنـــد شـــد گـــنـــج سبـخ
رســـــانیـــد گـــنـــج ســـخـــن را نپـــنـــج
چـــو خســـرو بـــدان پـــنـــج ھـــم بیـــنـــو شـــد
وزان بــــاز وی فـــکـــرش ربـــغــــــہ شـــد
گـــفتـــــش بـــود درآن کـــونـــــہ گـــوھـــر نھـــی
زرش ســـــاخـــت لیــــکـــن رز دہ دھـــــی

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دونوں نے نظامی کے کلام کا بہ نظر غائیر مطالعہ کیا ہے، کیونکہ جو کلام کبھی نظر سے نہ گزرا ہو، اس میں تورد ہونا محال ہے اور اگر احیاناً ہو بھی گیا ہو تو معیوب نہ سمجھا جائے گا، بلکہ یہ بھی اسکی بلندی اور رسائی فکر پر دلالت کرتا ہے جیسے ۔

| امیر خسرو | نظامی گنجوی |
|---|---|
| دوکـــار اســـت بـــا فـر و فـرخـنـد گـی | ای صـــفـــت بـــنـــدہ نـــوازنـــدگـــی |
| خـــداونـــدی از تـــو زمـــا بـــنـد گـــی | از تـــو خـــدائـــی و زمـــــابـــنـــد گـــی |
| مولانا جامی | نظامی گنجوی |
| آگـئـــی غـــنـچـــہ امیـد بـگشـــای | خـــداونـــدا در تـــوفیـــق بـــگشـــای |
| گُـــلـــی از روضـــہ جـــاویـد بـنـمـــای | نـــظـــامـــی ر ا رہ تـــوفیـــق بـــنـــمـــای |
| خـــلیـــل آســـا در مـــلك یـقیـــن زن | چـــو ابـــراھیـــم بـــابـــت عشق مـــی بـــاز |
| نـــوای لا !حـــــب الافـــلیـــس زن | ولـــی بتـــخـــانـــہ را ازخـــود میـــرد از |

چـه خـوشتـر آں کـه بـعـد از انـظـاری خـوشـا وقتـی و خـرم روزگـاری
بـامیـدی رسـد امیـدواری کـه یـاری بـر خـورد از وصـل یـاری
ز غـمـزه تیـر و از ابـر و کـمـان ساز زغـمـزه تیـر و از ابـر کـمـان کـن
هـمـه بـاريك بیـن وراسـت انـداز شـکـار آں نـگـار دل ستـان کـن
مـرا ای کـاشـکـی مـا در نـزادی مـرا ای کـاشـکـی مـا در نـمـی زاد
وگـر زادی بـجـورد سگ بـدادی وگـرمـی زاد کـس شیـرم نـمـی داد
زن از پهـلـوی چپ گـویـنـد بـرخـاست زن از پهـلـوی چپ شـد آفـریـده
نیـایـد هـر گـز از چپ راستـی راسـت کـس از چپ راستـی هـر گـز نـدیـده

نظامی کی غزلیات کو دیکھ کر تعجب ہوتا ہے کہ باوجود انھوں نے بلبل کے نغمے اور گُل کے رنگ و بو سے بہت کام لیا ہے، پھر بھی اسکے الفاظ میں غزلیت کا مزہ نہیں ہیں، تذکروں میں ان کی جتنی غزلیں پائی جاتی ہیں، وہ پھیکی اور بے مزہ ہیں ملاحظہ ہو یہ غزل ۔

هـزار بـاریـحـان آمـدسـت کـا مـرا
نـگشـت عشـق تـوالا یـکـی هـزار مـرا
زخـام کـاری چـنـان مـکـن بـامـن
کـه هیـچ کـار تـو نـایـد بـه هیـچ کـار مـرا
چـوبـی کـنـار و میـان اسـت عشـق تـو لا بـدو
میـان دل کشـد از دیـده در کـنـار مـرا

اپنے جگر گوشہ کے ماتم پر یہ غزل لکھی ہے ۔

ای شـده هـمسـر خـوبـان بشـت
آں چـنـاں عـارض و آنـگـه بـرخشـت
خـط نیـاورده بتـو عـمـر هـنـوز
ایـن قـضـا بـر سـرت آخـر چـه نـوشـت؟
چـه عـجـب گـر شـودی جـان و جهـاں
خـاك از دیـده مـن خـوں آغشـت

اس غزل کے مقابلہ میں خواجہ حافظ کی اس غزل کو دیکھ جو نظامی ہی کی طرح انھوں نے بھی اپنے فرزند کے ماتم میں لکھی ہے، کتنی پُر سوز و گداز ہے ۔

بـلبـلـی خـون جـگـر خـورد و گـلـی حـاصـل کـرد

بـــاد غیـــرت بـــصـــدش حـــال پـــریشـــان دل کـــرد
طـــوطـــیٰ را بـــــه هـــوای شـــکـــری دل خـــوش بـــود
نـــاگهـــش سیـــل فـنـــا نـقـــش اهـــل بـــاطـــل کـــرد
قـــرـــة الـــعیـــن مـــن آں میـــوه دل یـــادش بـــاد
کـــه خـــود آســـاں بشـــد و کـــار مـــرا مشـــکـــل کـــرد!

شاعری کے لئے تین چیزوں کی ضرورت ہیں، طبع رسا، تحصیل علوم اور فیض یزدانی، نظامی گنجوی کو یہ سب چیزیں حاصل تھیں، قدرت نے ان کو ازل سے ہی شاعری کی دولت سے مالا مال کر دیا تھا، ان کی بلند پرواز طبیعت نے شاعری میں وہ نقش آرائیاں کیں ہیں جو بعد میں متاخرین کا سرمایہ ناز ہے، مثنوی، قصائد اور غزل کہنے میں فردوسی، انوری اور سعدی پیغمبران سخن شمار ہوتے ہیں، بقول شاعر ؎

در شـــعـــر ســـه تـــن پیـــمبـــرا نـــنـــد
هـــر چـــنـــد کـــه لا نبـــی بـــعـــدی
ابیـــات و قـــصیـــده و غـــزل را
فـــردوســـی و انـــوری و ســـعـــدی

لیکن جب قائل قطعہ مذکور سے پوچھا گیا کہ تم نے ان تینوں کو تو پیغمبران سخن قرار دیا اور نظامی جو استاد بے بدل ہے، ان کا نام کیوں نہیں لیا؟ تو انھوں نے جواب دیا! کہ میں نے پیغمبران سخن کا ذکر کیا ہے، اور نظامی تو خدائے سخن ہے، نظامی گنجوی کی نکتہ رس اور معنی یاب طبیعت نے دیگر شعراء کے مقابلے میں تمام انواع شعر کو لیا اور بدرجہ کمال پہنچایا، پختگی کلام نظامی کا خاص شیوہ ہے، تمام شعرائے متوسطین اس بات پر متفق ہیں کہ نظامی جیسا پختہ گو آج تک پیدا نہیں ہوا، امیر خسرو کہتے ہے ؎

نـــظـــم نـــظـــامـــی بـــه لـــطـــافـــت چـــو دُر
وز دُر آه ســـر بســـر آفـــاق پُـــر
پـــختـــه از و شـــد چـــو مـــعـــانـــی تـــمـــام
نـــام بـــود پـــختـــن ســـودای خـــام

فیضی بھی نظامی کی سحر کاری اور فنی فعالیت کے قائل ہے ؎

ز ســـحـــر کـــاری گـــنـــجـــور گـــنـــجـــه خیـــز مپـــرس
کـــه داشـــت کـــلـــکـــش بـــر گـــنـــج غیـــب ثـعـبـــانـــی
بـــنـــظـــم او بـــر ســـد نـــظـــم غیـــر اگـــر بـــرســـد
مـــخیـــل متبـــنـــی بـــنـــص قـــر آنـــی

نظامی نے اپنے نرالے شعری سبک اور روش کے ساتھ ساتھ بہت سی چیزیں شاعری کے اندر ایجاد کی، جس کی

پیروی میں دیگر شعراء نے اپنے فنی صلاحتوں اور سبک وروش کو نکھارا ہیں، سب سے پہلے نظامی نے ہی پانچ مختلف بحروں میں مثنویاں تحریر کیں، سب سے پہلے انھوں نے مخزن الاسرار اور ہفت پیکر کی بحر کو مثنوی میں داخل کیا، سب سے پہلے انھوں نے ہی ایک مثنوی یعنی مخزن میں پانچ نعتیں لکھیں، سب سے پہلے نظامی نے ہی ساقی نامہ کی بنیاد ڈالی، سب سے پہلے انھوں نے ہی قصیدہ کو مدح سے پاک کیا، استعارہ اور تشبیہ میں سب سے پہلے نزاکت اور لطافت جس نے پیدا کی وہ نظامی گنجوی ہی ہے، اس لحاظ سے وہ اس کے موجد قرار دیے جا سکتے ہے، استعارات وتشبیہات جن کو مضمون کے موثر اور دلآویز بنانے میں بہت بڑا دخل ہیں، نظامی گنجوی کے کلام میں کثرت سے مستعمل ہیں اوران کو نہایت لطیف پیرایہ میں ادا کیا گیا ہیں، چند مثالیں ملاحظہ ہوں، پیغمبر رحمتؐ کی تعریف میں لکھتے ہے ۔

گزیں کردئہ ہر دو عالم توئی

چو تو گر کسی باشد آں ہم توئی

(یعنی تجھ سا اگر کوئی ہے تو وہ خود تو ہی ہے، کہ آپ اپنی نظیر آپ ہے) اس شعر میں مشبہ اور مشبہ الہی دونوں ایک ہیں، اس صنف تشبیہ کے مخترع ھندی ماہران فن بدیع ہیں۔

شکن گیر گیسوش ازمشك ناب

زده سایه بر چشمئه آفتاب

(یعنی اس معشوق کی زلف پرشکن نے، جو مشک خالص سے بنی تھی، چشمۂ آفتاب (چہرہ) پر اپنا سایہ ڈالا)۔

ز سر سبزی گنبد تابناك

زمرد شده لوح طفلان خاك

(کہنا یہ تھا کہ نیلگوں آسمان کے فیض سے نباتات کا رنگ بھی ہرا ہو گیا، اس مضمون کو کچھ اس طرح بیان کرتے ہے کہ گنبد تابدار کی سرسبزی سے طفلان خاک (نباتات) کی لوح بھی زمرد ہو گئی)۔

لیلیٰ کے چہرے کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہے ۔

ز نقش چو شبی رخش چو باغی

یا مشعلئه بچنك زاغی

(لیلیٰ کی زلف کو رات سے، اور اس کے چہرے کو باغ سے تشبیہ دی ہے، پھر دوسرے مصرع میں زلف کو کوے سے تشبیہ دے کر کہتے ہے کہ اس کا باغ سا چہرہ رات جیسی زلفوں کے نیچے ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے کوے کے پنجے کوئی مشعلہ کی چیز ہو)۔

دخان از بر شعله آذری

چو بر سرخ گلُ برگ نیلوفری

آگ کا شعلہ بھڑکا اور اس میں سے دھواں اٹھتا تھا، اس کو تشبیہ اور استعارہ میں کچھ اس انداز سے ادا کیا، کہ شعلہ

کے سر پر دھواں ایسا خوش نما معلوم ہوتا تھا جیسے گلِ سرخ پر برگ نیلوفر یعنی معشوق کے سرخ رخسار پر سیاہ بال)۔

نظامی کے یہاں تشبیہات اور استعارات کی زیادتی ہیں، اکثر شعراء کی یہ کوشش رہتی ہے کہ ان کے کلام میں ایسی تشبیہات اور استعارات کا استعمال ہو، جن سے حالات و واقعات کی تصور کشی ہو جائے اور مضمون زیادہ بلند ہو جائے، نظامی نے اس فن کو برتنے میں اور بھی زیادہ جدت پیدا کی ہے، شعر ملاحظہ کریں۔

زبــــاریـــدن ابـــر کـــافـــور بـــار

ســمـــن رستـــه از دســت هـــای چـــنـــار

نظامی گنجوی کی تشبیہات میں نہ صرف ذوق نظارہ کی تسکین ہوتی ہے، بلکہ لمس بھی محفوظ ہوتی ہے، ذیل کا شعر دیکھئے کہ شرین کے حوض میں نہانے کی لطافت اور نزاکت کو کس خوبصورت انداز میں بیان کیا ہے۔

تـــن صـــافـــش کـــه مـــی غـــلـــطیـــد در آب

چـو غـلـطیـد قـاقـمـی بـر روی سـنـجـاب

منظر امام لکھتے ہے ''نظامی کا خاص وصف زور کلام ہے، اس سے قبل بیشتر شعراء نے مثنویاں لکھی ہیں، جن کا انداز یہ تھا کہ شاعر واقعات کو سادگی کے ساتھ ادا کرتا ہے، اس کے برعکس نظامی کسی واقعہ کو بیان کرتے ہوئے ایسے الفاظ تراکیب اور تشبیہات استعمال کرتا ہے، جن سے بیان باعظمت اور پُرشکوہ ہو جاتا ہے، مثلاً کمند کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہے۔

کـــمـــنـــد اژدهـــای مـــســـلـــســـل شـــکـــنـــج

دهـــن بـــاز کـــرده بـــه تـــاراج گـــنـــج

جذبات انسانی شاعری انواع لطیفہ میں سے ہے، فردوسی کے علاوہ اس صنف میں نظامی کا کوئی ہمسر نہیں، وہ جذبات انسانی کو اس طرح بیان کرتے ہے کہ آنکھوں کے سامنے ہو بہو تصویر کھینچ جاتی ہے، مثلاً سکندر کا دارا کے پاس جانا اور دارا کا کا سر اپنے گود میں لینا، دارا کا اس کے ساتھ حسرت ناک باتیں کرنا، نظامی نے اس قدر موثر اور درد انگیز طریقہ سے بیان کیا ہے جس سے جذبات انسانی مشتعل ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے۔

ســـر خستـــه را بـــر راں نهـــاد

شـــب تیـــره بـــر روز رخشـــاں نهـــاد

فـــروبستـــه چشـــم آں ســـر خـــواب نـــاك

بـــدو گـــفـــت بـــر خیـــز ازیـــں خـــون و خـــاك

رهـــا کـــن کـــه درمـــن رهـــائـــی نـــمـــانـــد

چـــراغ مـــرا روشـــنـــائـــی نـــمـــانـــد

سپهـــرم بـــر آں گـــونـــه پهـــلـــو دریـــد

کـــه شـــد در جـــگـــر پهـــلـــویـــم نـــاپـــدیـــد

نظامی کی شاعری میں نگاہ جذبات کے وہ دقیق اور عمیق پہلو جو عام نظر سے اوجھل ہے، جیسے شیرین کے مرنے کی جھوٹی خبر سے متاثر ہو کر فرہاد نے چاہا کہ اپنی زندگی کو اس کے عشق میں قربان کردے اور لیلیٰ اس رات کے خاتمہ کے لئے خدا کے حضور میں دعا کرتی ہے۔

شبـــی نـــاخــوش تـــر از ســو گـــر عـــزیـــزان
وزو خـــونیـــن دل بیـــمـــار خیـــزان
گـــرفتـــه آســمــان شــب را در آغــوش
شـــده خــورشیـــد را مشـــرق فـــرامـــوش
ز تـــاریـــکـــی جهـــان را بـــنـــد پـــر پـــای
فـــلك چـــون قـــطـــب حیـــران مـــانـــده بـــر جـــای

منظر نگاری جیسے مناظر قدرت کی تعریف شعراء کا عام موضوع رہا ہے، نظامی گنجوی نے بھی اس میں دادِ سخن دی ہے، منوچہری دامغانی کے سوا مناظر قدرت کی ایسی دلکش تصویر نہیں لی ہے جیسی نظامی نے لی ہے، اس بارے میں منظر امام مزید لکھتے ہے ''نظامی کو واقعہ نگاری میں بھی بڑی مہارت حاصل تھی انھوں نے مناظر قدرت کی تصویر کشی کچھ اس طرح سے کی ہے کہ حیات و حرکت بھی تصویر کے ساتھ ساتھ ہمیں محسوس ہونے لگتی ہے، اشعار ذیل نظامی کی واقعہ نگاری کی بہت عمدہ مثال ہیں۔

چـــو پیـــر سبـــز پـــوش آســمـــانـــی
ز سبـــزه بـــر کشـــد بیـــج جـــوانـــی
جـــوانـــان ز و پیـــران را دگـــر بـــار
بـــه ســـر سبـــزی در آرد ســـرخ گـــلـــزار
گـــل از گـــل تـــخـــت کـــاوســـی بـــر آرد
بـــنـــفشـــه پـــر طـــاوســـی بـــر آرد
بســـان مـــرغـــان کـــه عشـــق آوازه گـــردنـــد
بســـا عشـــق کهـــن کـــان تـــازه گـــردنـــد

نظامی گنجوی کی شاعری میں اخلاقی پہلو کو بھی بہ خوبی دیکھا جا سکتا ہے، خصوصاً مخزن الاسرار جو ان کی سب سے پہلی مثنوی ہے اور اخلاق کے موضوع پر کہی گئی ہے، اس کے علاوہ بھی ان کے تمام کلام میں جا بجا اخلاقی باتیں درج ہیں، کسی نے ان کے تمام اخلاقی اشعار کو یکجا جمع کر کے اس کا نام انتخاب پنج گنج رکھا ہے، اس مجموعہ کا ایک نہایت خوش خط اور مطلا قلمی نسخہ ریاست جونا گڈھ کی بہادر خان جی لائبریری میں موجود ہے۔

فلسفیانہ مسائل نظامی گنجوی نے اس حد تک لکھ دیے ہیں کہ زبان کی کم مائیگی کی شکایت نہیں ہو سکتی اور اگر متاخرین

ان کے نقش قدم پر چلتے تو فارسی زبان ایک فلسفیانہ زبان بن گئی ہوتی، علامہ شبلی نعمانی لکھتے ہے"بلاشبہ نظامی نے جہاں فلسفیانہ مباحث کو نظم کیا ہے، وہاں بہت کم عربی الفاظ کو داخل کیا ہیں، لیکن اس سے فارسی کا فلسفیانہ زبان بن جانا ایک غیر متوقع امر تھا، کیونکہ اول تو جتنی فلسفیانہ اصطلاحات عربی زبان کی ہیں، ان کو اگر فارسی کا جامہ پہنایا جاتا تو بلحاظ غیر مانوس ہونے کے ان کے سمجھنے میں بڑی دقت واقع ہوتی اور فلسفہ کی حالت فارسی زبان میں آ کر ایسی ہو جاتی، جیسی آج کا کسی عمدہ انگریزی ناول کے اردو ترجمہ کی! یہی سبس ہے کہ ابو علی سینا کی حکمت علائیہ معما ہو کر رہ گئی دوسرا یہ کہ نظامی نے فلسفہ کے صرف چند مسائل بیان کیے ہیں، جن میں سے اکثر تو فلسفۂ اخلاق سے متعلق ہیں، اور بعض الٰہیات وطبیعات کے متعلق ہیں، وہ بھی ابتدائی مسائل مثلاً ابتداے موجودات عناصر، سلسلہ علل وغیرہ کے متعلق صرف یونانی حکما کی آراء نقل کی ہیں، علاوہ ازیں جو اصطلاحیں نظامی نے عربی سے فارسی کے قالب میں ڈھالیں، وہ ایسی ہیں کہ بڑی مشکل سے سمجھ میں آسکتی ہیں، مثلاً پونیدہ، فرسودن، توانائی، بخش، افسردگی وغیرہ، کیا؟ کوئی ان سے متحرک بالارادہ، تغیر، وجود، نوع اور قسر کے معنی سمجھ سکتا ہے۔

همانا که هاتف خضر نام  
که خار اشکا فست و خضر اخرام  
درودم رسانید و بعد از درود  
بکاخ من آمد ز گنبد فرود  
دماغ مرا بر سخن کرد کرم  
سخن گفت بامن بآواز نرم  
که چند سخنهای خلوتسگال  
حوالت مکن بر زبا نهای لال

تجاذب اجسام علم طبیعات کا ایک مسلمہ مسلہ ہے کہ کل اجسام اور کل ہستیاں مختلف ذرات سے مرکب ہیں، ہر جسم اور ہر ہستی خواہ کسی نوع سے ہو، اپنی نوع کے ساتھ ساتھ ایک قسم کی کشش اتصالی رکھتی ہے، یہی کشش نظام نسبت کا جز واعظم ہے، جس پر عالم ایجاد وتکوین کا دارو مدار ہے، حکما نے اس کو تجاذب اجسام کے نام سے موسوم کیا ہے، لیکن نظامی اپنی شاعرانہ زبان میں اس کو بہ الفاظ دیگر عشق سے تعبیر کرتے ہیں، اور اس اہم مسلہ کو معمولی مثالیں دے کر یوں سمجھاتے ہیں۔

هر آن جوهر که هستند از عدد بیش  
همه دارند میل مرکز خویش  
گر آتش بر زمین منفند نیابد  
زمین بشگاند و بالا شتابد  
و گر آبی بماند در هوا دیر  
بمیل طبع هم راجع شعر زیر

که مقنـاطیس گر عاشق بـه بـودی
بـدان شـوق آهـنی را کـه ربـودی
وگـر عشـق نبـودی در گـذر گـاه
نبـودی کـه بـا جـوینـده کـاه
طبـاع جـز کشـش کـاری نـدارنـد
حـکیـمـان ایـن کشـش را عشـق خـوانـند

## حوالہ جات


۱ آدمیت استاد دکتر منوچہر، شرف نامہ از پنج گنج نظامی
۲ جامی مولانا، نفحات الانس
۳ حاجی لطف علی بیگ، آتشکدہ آذر
۴ دولت شاہ سمرقندی، تذکرۃ الشعراء
۵ ڈاکٹر ظہیر الدین احمد، ایرانی ادب
۶ ڈاکٹر منظر امام، تاریخ ادبیات ایران
۷ شبلی نعمانی، شعر العجم
۸ شفق رضا زادہ، تاریخ ادبیات ایران
۹ کلیات خمسہ نظامی، کتابفروشی اسلامیہ تہران
۱۰ المخزن الاسرار از نظامی گنجوی، نول کشور
۱۱ میاں اختر، حیات نظامی
۱۲ نفیسی سعید، دیوان قصاید و غزلیات نظامی گنجوی
۱۳ وصال نورانی، خسرو شرین شعلہ


☆☆☆

**ڈاکٹر حنا کوثر**
کوثر ولا، نئی آبادی
بروولا، ظفر آباد، علی گڑھ

# اقبال کا نظریۂ فنونِ لطیفہ

شاعری، موسیقی، مصوری اور سنگ تراشی کو فنونِ لطیفہ کے نام سے جانا جاتا ہے۔فنونِ لطیفہ کا تعلق حسن و جمال سے بہت گہرا ہے۔اس بات سے سب واقف ہیں کہ فنونِ لطیفہ کو حسن کی اصل بنیاد کے بغیر فنونِ لطیفہ نہیں کہہ سکتے۔ بہت سے ناقدین کا خیال ہے کہ فنونِ لطیفہ میں حسن اس کی تکنیک یا ہئیت پیدا کرتی ہے تکنیک یا ہئیت سے مراد ہے تشکیل کرنے کا انداز یعنی ان کی صورت اور ظاہری آرائش وغیرہ۔

حسن کا فنون لطیفہ سے بڑا گہرا تعلق ہے اس لئے حسن کا زیادہ سے زیادہ بیان فنون لطیفہ میں شامل ہے۔علاوہ ازیں فنونِ لطیفہ کی تخلیق میں خارجی شئے کے بیان کو بڑا دخل ہے۔انسان یہ محسوس کرتا ہے کہ فطرت اپنے حسن کو مکمل طور پر اجاگر نہیں کرتی ہے اور نہ جانے فطرت کے کتنے ہی دل کو لبھانے والے مناظر آنکھوں سے پوشیدہ رہتے ہیں۔اس وجہ سے انسان کے محدود اور غیر فانی شعور کو ہمیشہ تشنگی رہتی ہے۔اگر فنونِ لطیفہ نہ ہوتے تو انسان کی تشنگی کبھی دور نہ ہوتی۔شاعر نہ صرف حسین چیزوں کے انفرادی حسن کو دیکھتا ہے بلکہ تمام حسین چیزوں کے درمیان جو فطری تعلق اور ازلی ربط ہے اس کو بھی محسوس کر لیتا ہے۔

فنون لطیفہ سے متعلق علامہ اقبال کے نظریے کو پیش کرنے سے پہلے ان کے معیار حسن و قبح کو سمجھ لیا جائے۔فلسفہ خودی کی تشریح کرتے ہوئے اقبال نے پروفیسر نکلسن کے نام ایک خط میں لکھا ہے۔:

> ''شخصیت یا مسلسل جد و جہد کی حالت انسان کا سب سے بڑا کمال ہے۔جو شئے شخصیت کو مسلسل جدوجہد کی طرف مائل کرتی ہے وہ ہمیں بقائے دوام کے حصول میں مدد دیتی ہے لحاظہ وہ اچھی ہے اور جو شئے شخصیت کو کمزور کرئے وہ بری۔گویا ہماری شخصیت جملہ اشیاء کائنات کے حسن و قبح کا معیار ہے۔مذہب، اخلاق اور آرٹ سب کو اسی معیار پر پرکھنا چاہئے۔''(بحوالہ۔ رسالہ ادیب سہ ماہی۔۲۰۰۵۔ص ۴۷)

مذکورہ بالا خیال کو اقبال نے ان اشعار میں اس طرح بیان کیا ہے۔:

ضمیر بندۂ خاکی سے ہے نمود ان کی
بلند تر ہے ستاروں سے ان کا کاشانہ
گر ہنر میں نہیں تعمیر خودی کا جوہر

وائے صورت گری و شاعری و نے سرود

فنونِ لطیفہ سے متعلق اقبال اپنے نظریہ کو اس طرح بیان کرتے ہیں۔:

''میرا عقیدہ ہے کہ آرٹ یعنی ادبیات یا شاعری یا مصوری یا موسیقی یا معماری ان میں سے ہر ایک زندگی کی معاون اور خدمتگار ہے اسی بنا پر آرٹ کو ایجاز واختراع سمجھتا ہوں نہ کہ محض آلہ تفریح، شاعر قوم کی زندگی کی بنیاد کو آباد بھی کرسکتا ہے اور برباد بھی۔''

(مکالمات اقبال، سعید راشد، ص ۴۰۷)

مذکورہ بالا اقتباس کا مطالعہ کرنے سے اندازہ ہوجاتا ہے کہ اقبال کی نظر میں فنونِ لطیفہ کی وہی حیثیت ہے جو ان کی نظر میں علم کی ہے۔ وہ فنکار کو انسان کا معلم سمجھتے ہیں۔ وہ آرٹ کو تفریح کے لئے استعمال کرنے والوں کی مخالفت ہی نہیں کرتے بلکہ اس کے برعکس وہ فنونِ لطیفہ کے ذریعہ انسان کی خودی اور اس کی شخصیت کی تعمیر کا کام لینا چاہتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ مناظر فطرت سے نکل کر فنون لطیفہ کو انسان کے دلوں میں اپنی چھاپ چھوڑنی چاہئے۔ انسانی صلاحیتوں کو ابھارنے، نکھارنے اور سنوارنے کے لئے دین وادب حکمت اور ہنر کو اپنا فرض ادا کرنا چاہئے۔ اسی خیال کو مجموعہ'' ضربِ کلیم''میں شامل نظم ''دین وہنر''میں اقبال نے اس طرح پیش کیا ہے۔:

سرود و شعر و سیاست، کتاب و دین و ہنر
گہر ہیں ان کی گرہ میں تمام یک دانہ
اگر خودی کی حفاظت کریں تو عین حیات
نہ کر سکیں تو سراپا فسون و افسانہ
ہوئی ہے زیر فلک امتوں کی رسوائی
خودی سے جب ادب و دیں ہوئے ہیں بیگانہ

اقبال نے مجموعہ' ضربِ کلیم' میں فنونِ لطیفہ پر اسلامی نقطہ نظر سے بحث کی ہے۔ وہ اس میں حالاتِ زمانہ سے متاثر ہوتے ہوئے نظر آتے ہیں لیکن کبھی بھی اس سے بے دل نہیں ہوتے۔ ان کی باتوں سے امید کی کرن نظر آتی ہے۔ وہ ہمیں حالات کا احساس کراتے ہیں اور دل شکستہ دیکھ کر ہماری رہبری بھی کرتے ہیں وہ نہ صرف ماضی پر اظہارِ افسوس کرتے ہیں بلکہ مستقبل کے متعلق امید افزا خیالات کا اظہار بھی کرتے ہیں اور اس کو حاصل کرنے کی راہ بھی دیکھاتے ہیں۔ اس سلسلہ میں ان کی نظم ''امید'' کے چند اشعار پیش کئے جاتے ہیں۔:

یہ کافری تو نہیں، کافری سے کم بھی نہیں
کہ مردِ حق ہو گرفتارِ حاضر و موجود
غمیں نہ ہو کہ بہت دور ہیں ابھی باقی
نئے ستاروں سے خالی نہیں سپہرِ کبود

فن کے متعلق اقبال نے ایک اہم بات یہ کہی ہے کہ فن کو مفید اور کارآمد بنانے کے لئے فنکار کا انتہائی خلوص ضروری ہے۔اقبال کے فن کے متعلق سید عابد علی عابد لکھتے ہیں :۔’’دراصل اقبال کے خیال میں فن کاری کے نازک پودے خونِ جگر سے سینچے جاتے ہیں اور ان کے رنگ و بو کا حسن دراصل صناع کی شخصیت کا حسن ہوتا ہے‘‘۔(نفائسِ اقبال،سید عابد علی عابد،ص ۴۷)

مذکورہ اقتباس میں سید عابد علی عابد نے فن کے بارے میں جو اظہارِ خیال پیش کیا ہے اقبال نے اپنی نظم ’’مسجدِ قرطبہ‘‘ میں ان کے اس خیال کو نہایت خوبصورت انداز میں ظاہر کیا ہے۔:

رنگ ہو یا خشت و سنگ ، چنگ ہو یا حرف و صوت
موجزہ فن کی ہے خونِ جگر سے نمود
قطرۂ خونِ جگر سل کو بناتا ہے دل
خونِ جگر سے صدا سوز و سرور و سرود

اقبال نے فنون لطیفہ کی مخالفت نہیں کی بلکہ اسلام کے ذریعے اس کا صحیح مقام و قیام متعین کیا ہے۔فن کار جو بھی تخلیق کرتا تھا وہ اس کی دل سے قدر کرتے تھے۔وہ فنونِ لطیفہ میں شعرو ادب اور فلسفہ کو اول درجہ دیتے ہیں۔جب کی نغمۂ آہنگ اور خشت و سنگ کو ان کے یہاں دوسرا درجہ حاصل ہے کیونکہ وہ ان سب چیزوں کی بنیاد فکر اور خیال ہی کو قرار دیتے ہیں۔اسی خیال کو نظم ’’تخلیق‘‘ میں اس طرح بیان کیا ہے۔:

جہاں تازہ کی افکارِ تازہ سے ہے نمود
کہ خشت و سنگ سے ہوتے ہیں جہاں پید
خودی میں ڈوبنے والوں کے عزم و ہمت نے
اس آبجو سے کئے بحرِ بیکراں پیدا
وہی زمانے کی گردش پہ غالب آتا ہے
جو ہرِ نفس سے کرے عمرِ جاوداں پیدا

علم و عشق،عقل و دل،فقر و خودی،قلندر و شاہین وغیرہ جس طرح اقبال کی اپنی خاص اصطلاحات ہیں اسی طرح جنون بھی ہے۔وہ جنون کو عشق کا خلوص،دل لگی کی لگن اور جزبۂ سرشاری سمجھتے ہیں۔جس سے مافوق الفطرت اور معجزات پیش آتے ہیں۔جنون ان کے یہاں جسم و روح کے کسی عمل کا نام ہے اسی لئے وہ اپنی نظم ’’مدینتِ اسلام‘‘ میں کہتے ہیں:۔

بتاؤں تجھ کو مسلماں کی زندگی کیا ہے
یہ ہے نہایتِ اندیشہ و کمالِ جنوں

فنون لطیفہ میں اقبال زندگی کی طرح جنون کی بھی کارفرمائی کرتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ عشق و جنوں کو صحرا کی بہار یا رونق ہی سازگار نہیں لگتی بلکہ آبادی بھرے علاقے کی ہوا بھی موافق آتی ہے۔اسی لئے انہوں نے ’’ جنوں‘‘ کے عنوان سے

ایک نظم تحریر کی ہے:۔

کسے خبر کہ جنوں میں کمال اور بھی ہیں
کریں اگر اسے کوہ و کمر سے بیگانہ!
ہجوم مدرسہ بھی ساز گار ہے اس کو
کہ اس کے واسطے لازم نہیں ہے ویرانہ

اس نظم میں اقبال نے اپنی قوم کے اندر جنوں کا جزبہ پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔انسان کو چاہئے کہ وہ خودی کو مرتبۂ کمال تک پہنچانے کے لئے جنوں کا جزبہ اپنے اندر موجود رکھے۔ایک فنکار کے اندر کیا کیا صفات موجود ہونی چاہئے اس سلسلہ میں اقبال رقم طراز ہیں:۔

''فنکار کا پہلا فرض ہے کہ اپنی خودی، اپنے اندرون اور اپنے حقیقی یا روحانی وجود کا اثبات کرے اس لئے اظہارِ انا اور اثبات وجود ہی سے بقائے دوام بھی ملتی ہے۔ فنکار کو اپنی ذات سے چل کر کائنات تک پہنچنا چاہئے اور کثرت میں وحدت، جلوت میں خلوت اور اجتماعی خودی میں انفرادی خودی کا دامن ہاتھ سے جانے نہ دینا چاہئے۔''(نقوشِ اقبال، مولانا سید ابوالحسن علی ندوی، ص۷۵)

انسانی شخصیت کی علامت اور تعمیرِ انسانیت کے کسی قیام کا وجود اقبال مصوّری میں لازمی سمجھتے ہیں۔اسی لئے مشرقی مصوّری کی خاصیت کے قائل اور مغرب کی پیچیدہ مصوری سے نفرت کرتے ہیں۔مصوّری میں انسان کے مہذب جذبات و احساس کی نقش آرائی اور صورت گری کو وہ پسند کرتے ہیں۔مشرقی مصوری کا سوز و سرور اور اس کی روحانیت انہیں پسند ہے اسی لئے'' مصور'' کے عنوان سے انہوں نے ایک نظم لکھی ہے جس کے چند اشعار تحریر کئے جاتے ہیں:۔

مجھ کو تو یہی غم ہے کہ اس دور کے بہزاد
کھو بیٹھے ہیں مشرق کا سرورِ ازلی بھی
فطرت کو دیکھا یا بھی ہے دیکھا بھی ہے تو نے
آئینہ فطرت میں دکھا اپنی خودی بھی

مصوّری کے علاوہ سرور، صوت وآہنگ اور نغمہ ومضراب میں بھی انہیں آتشِ نوائی پسند ہے جس میں دل کی آنچ ہو اور ساز کی رگوں میں ساز بجانے والے کا خون دوڑتا ہوا نظر آئے۔ساز گار صرف لہجے کا اُتار چڑھاو اور سر و نغمہ کے زیر و بم کا نمائندہ نہ ہو بلکہ وہ ان دونوں کو دل کی گہرائیوں سے سمجھے۔نغمہ و ساز سے متعلق'' سرود'' کے نام سے ایک نظم تخلیق کی ہے جسکے چند اشعار درجہ ذیل ہے:۔

آیا کہاں سے نالۂ نے میں سرورِ مے
اصل اُس کی نے نواز کا دل ہے کہ چوبِ نے؟

دل کیا ہے ؟ اسکی مستی و قو ت کہا ں سے ہے
کیو ں اسکی اک نگا ہ الٹی ہے تختِ کے ؟
کیو ں ا س کی ز ند گی سے ہے ا قوا م میں حیات
کیو ں ا س کے وا ردا ت بد لتے ہیں پے بہ پے

اقبال نے مصّوری اور موسیقی کو غلاموں کے فنونِ لطیفہ میں شمار کیا ہے۔ جس میں انسان کی فطرت طرح طرح کے تکلفات کی غلام بن کر رہ جاتی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ نغمہ و موسیقی زندگی کے بجائے موت کا پیغام دیتے ہیں آدمی کو ضعیف و کمزو ربناتے ہیں اور دنیا سے بیزار کردیتے ہیں۔ اسی وجہ سے دل کا سوز و گداز ختم ہوکر اس کا غم دل کے لیے ناگوار بن جاتا ہے اس سے ایسا غم بھی نہیں ملتا جس سے تمام غموں کو بھلایا جاسکے بلکہ یہ ایک ایسا غم ہے جس سے نااُمیدی کی پیداوار ہوتی ہے۔

اقبال کا کہنا ہے کہ نغمہ کو پانی کے بہاو کی مانند تیز ہونا چاہئے جو غموں کو ختم کردے اور جو خونِ جگر میں ڈوبا ہوا ہو۔ ان کی نظر میں نغمہ کی انتہا یہ ہے کہ وہ بغیر آواز کے ہوجائے۔ اس سلسلے میں سید ابوالحسن تحریر فرماتے ہیں:۔

''وہ کہتے ہیں جو نغمہ و آہنگ معنی و پیام نہیں رکھتا وہ مردہ و افسردہ ہے اور مولانا روم کے ا
لفاظ میں وہ ہیں جو آدمی کو اپیل کریں نہ کہ دوسرے خارجی نقش و نگار پر مائل کردیں''

۔(نقوش اقبال۔ص ۷۸)

موسیقی اور مصوّری کے مقابلے میں اقبال فنِ تعمیر کے قائل ہیں اور ان کا یہ خیال ذاتی نہیں بلکہ اسلامی فکر کا عطیہ ہے۔ فنِ تعمیر میں بھی وہ اس عمارت سازی کو بہتر سمجھتے ہیں جس کے پیچھے کوئی پیغام اور جس کی بنیادوں میں عشق کی سی پختگی ہو۔ اندلس جا کر وہ ''قصرّ الحمراء'' دیکھتے ہیں لیکن اس سے بالکل متاثر نہیں ہوتے لیکن اس کے برعکس مسجد قرطبہ کو دیکھ کر ان کی روح بے تاب ہوجاتی ہے اور دریافت کرنے کی قوت پیدا ہوجاتی ہے۔ بقول اقبال:۔

''الحمراء کا تو مجھ پر کچھ زیادہ اثر نہ ہوا لیکن مسجد کی زیارت نے مجھے جذبات کی ایسی
رفعت تک پہنچادیا جو مجھے پہلے کبھی نصیب نہیں ہوئی تھی''۔

(اقبال نامہ۔ جلد دوم، شیخ عطا اللہ۔ص ۳۲۱-۳۲۲)

''الحمراء'' کی طرح پیرس کی عالی شان مسجد دیکھنے کے باوجود اقبال متاثر نہیں ہوتے اور نہ ہی اس کی بنیاد میں انہیں کوئی پرکشش بات نظر آتی ہے۔ نظم ''پیرس کی مسجد'' کے اشعار ملاحظہ فرمائیں:۔

میر ی نگا ہ کما لِ ہنر کو کیا دیکھے
کہ حق سے یہ حر مِ مغر بی ہے بیگا نہ
یہ بتکد ہ انھیں غا رتگر و ں کی ہے تعمیر
د مشق ہا تھ سے جن کے ہوا ہے و یرا نہ

قطب الدین ایبک کی تعمیر کردہ ''مسجد قوتُ الاسلام '' کے کھنڈروں کو دیکھ کر انھیں بڑا لطف آتا ہے اور وہ اس کے

گن گانے لگتے ہیں اسی لئے انھیں اس ویرانے میں عزم اخلاص کا وہ تاریخی پس منظر یاد آجاتا ہے جب مذہب اسلام مقامِ ہند میں سفر کر رہا تھا۔اس روحانی یاد سے ان کے دل کی دھڑکنیں تیز ہو جاتی ہیں اور ان تمام باتوں سے انھیں پشیمانی محسوس ہو نے لگتی ہے۔مثال کے طور پر چند اشعار ملاحظہ فرمائیں۔:

ہے مرے سینۂ بے نور میں اب کیا باقی
لاالہ مردہ و افسردہ و بے ذوقِ نمود
چشمِ فطرت بھی نہ پہچان سکے گی مجھ کو
کہ ایازی سے دگر گوں ہے مقامِ محمود
کیوں مسلماں نہ خجل ہو تیری سنگینی سے
کہ غلامی سے ہوا مثلِ زجاج اس کا وجود

اقبال نے قطب الدین ایبک، شیر شاہ سوری اور شاہجہاں کی بنوائی ہوئی عمارتوں کو مردِ آنِ آزاد کے فنِ تعمیر کا نام د یا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ اگر تمہارے اندر دل وجگر کی تاب ہے تو ان کی یادگاروں کو دیکھو کہ اپنی شخصیت کو انہوں نے ان عظیم عمار توں میں ظاہر کیا ہے اور پتھروں کے سلوں میں گزرے ہوئے وقت کو قید کر دیا ہے۔ان عمارتوں کی خوبصورتی اور پختگی دیکھنے کے بعد آدمی میں پختگی پیدا ہو جاتی ہے اور اس کی دنیا بدل جاتی ہے۔

ان تمام عمارتوں کے ساتھ وہ تاج محل کو بھی خراج عقیدت دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تاج محل کو چاندنی رات میں د یکھ کر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ سنگِ مرمر کے پتھروں میں بہتے ہوئے پانی سے بھی زیادہ تیزی آگئی ہے اور ابد کا طویل دور یہاں کے ایک ایک لمحے کے برابر ہو گیا ہے۔یہاں پتھروں کے ذریعے عشق کا اظہار بڑی خوبصورتی سے کیا گیا ہے، یہاں سنگ و خشت سے جنت کے نغمے پھوٹتے ہوئے نظر آتے ہیں اور عشق حدود کی سرحدیں پار کر کے لازوال بن جاتا ہے اقبال کا خیال ہے کہ محبت ہی انسان کے جذبات واحساسات کو بلند کرتی ہے، عشق کے ذریعے ہی عقل میں چمک پیدا ہوتی ہے اور عشق سے ا ہلِ دل کو سینۂ سینا اور اہل ہنر کو ید بیضا حاصل ہو جاتا ہے۔

اقبال کا نظریہ ہے کہ وہ جمال کو جلال ہی کا رخ سمجھتے ہیں اور جمالِ بے جلال انہیں متاصر نہیں کرتا۔انہوں نے اپنے اس خیال کی نظم ''جلال و جمال'' میں وضاحت کر دی ہے اس نظم کے چند اشعار پیش نظر ہیں:۔

مری نظر میں یہی ہے جمالِ زیبائی
کہ سر بسجدہ ہیں قوت کے سامنے افلاک
نہ ہو جلال تو حسن و جمال بے تاثیر
ترا نفس ہے اگر نغمہ ہو نہ آتشناک

مصوّری، موسیقی اور سنگ تراشی سے متعلق اقبال کا نظریہ بیان کرنے کے بعد اب یہ دیکھنا ہے کہ خصوصیت کے سا تھ شعر کے متعلق ان کا کیا خیال ہے۔فنونِ لطیفہ میں شعر کا مقام بہت بلند ہے۔بعض لوگوں کے نزدیک باقی فنونِ لطیفہ یعنی

مصوّری، موسیقی اور سنگ تراشی تینوں شعر سے بہت نیچے ہیں۔اقبال نے رقص و موسیقی کے متعلق کسی چینی مفکّر اور اپنے خیالا ت کو یوں بیان کیا ہے جس میں شعر کو موسیقی کی جان قرار دیا ہے۔مثال کے طور پر۔:

شعر سے روشن ہے جانِ جبریل و اہر من
رقص و موسیقی سے ہے سوز و سرورِ انجمن
فاش یوں کرتا ہے اک چینی حکیم اسرارِ فن
شعر گو یا روحِ موسیقی ہے رقص ہے اس کا بدن

اقبال نے شاعری کو پیغمبری سے جاملایا ہے اور کہیں شعر کی نسبت بھی اپنے ساتھ گوارا نہیں کی بلکہ اس سے بیزاری کا اظہار کیا ہے کیوں کہ شاعری کا ایک عام تصوّر جو لوگوں کے ذہن میں موجود ہے اس کی بنا پر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ جس قسم کے سینکڑوں ہزاروں شاعر پہلے گزر چکے ہیں یا آج موجود ہیں اس قسم کا ایک شاعر اقبال بھی ہے۔لہذا انہوں نے اس غلط فہمی کے خلاف سخت احتجاج کیا ہے مثلاً۔:

نہ بینی خیر از ان مرد فرو دست
کہ بر من تہمتِ شعر وسخن بست

اس فرو ماہ انسان سے تم کسی بھلائی کی توقع نہ کرو جس نے مجھ پر شعر وسخن کی تہمت لگائی۔ایک اور مقام پر اپنی قوم سے شکایت کی ہے کہ۔:

اور حدیثِ دلبر خواہد زمن
آب رنگِ شاعری خواہد زمن

اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ اقبال کے نزدیک شعر وسخن کا رتبہ اتنا پست ہے کہ وہ اپنے ساتھ اس کی نسبت بھی گوارا نہیں کرتے بلکہ اس بیزاری کا سبب یہ ہے کہ ان کی رائے ''فن برائے فن'' ایک گمراہ کن نظریہ ہے۔وہ شاعری اور دوسرے فنو نِ لطیفہ مقصود بالزات نہیں سمجھتے بلکہ زندگی کے اعلی مقاصد کے حصول کا ایک ذریعہ خیال کرتے ہیں اور اگر چہ وہ ایک ماہر فنو نِ لطیفہ ہیں پھر بھی اپنے کلام کے حسن ظاہری کو اہمیت نہیں دیتے۔مثلاً۔:

میری نوامیں نہیں ہے ادائے محبوبی
کہ بانگِ صور ا سرا فیل دل نواز نہیں

اقبال شعر کی عظمتوں اور اس کی بے پناہ قوتوں سے بخوبی واقف تھے۔مثلاً۔:

جمیل تر ہیں گل و لالہ فیض سے اس کے
نگاہِ شاعر رنگیں نوا میں ہے جادو

جس شاعر کا مقصد اصل میں انسانوں کو صحیح معنی میں انسان بنانے کا ہے اس کا مرتبہ اقبال کی نظر میں بہت بلند ہے ۔مثلاً۔:

شــــاعـــــر انـــدر سیـــنـــــۂ مـــلـــت چـــو دل
مـــلّتـــے بـــے شــــاعــــری انبــــــارِ گـــل
شـــعـــــررا مـــقـــصـــود اگـــر آدم گـــری اســت
شـــا عــــر ی هـــم و را ثِ پیــغـــمبــر ی ا ســت

یعنی ایسے شاعر کا قوم کے اندر وہی مرتبہ ہے جو انسان کے سینہ میں دل کا۔ دل نہ ہو تو انسان کا پیکر عنصری مٹی کا ڈھیر ہے۔ اسی طرح جس قوم کو شاعر نصیب نہیں وہ قوم نہیں خاک کا ڈھیر ہے۔ مثلاً:

وہ شعر کہ پیغام ِ حیات ِ ابدی ہے
یا نغمہ ٔ جبریل ہے یا صور اسرافیل

چنانچہ اقبال کے نزدیک شاعری ہو یا مصوّری، موسیقی ہو یا سنگ تراشی، اگر اس کا مقصد انسان کو بلند سے بلند تر کرنا ہے تو یقیناً وہ محمود ہے اور اگر وہ انسان کی ترقی کی راہ میں حائل ہے تو یقیناً مردود ہے۔

☆☆☆

ڈاکٹر محمد توصیف
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

# خط نستعلیق: ابتداء وارتقاء

خامه شو سینای حمدش چون کلیم
به اسم او کو هست رحمان الرحیم

رسم الخط، طرز تحریر، لکھاوٹ، لپی، اسکرپٹ کے ایک ہی معنی ہیں۔ ہر زبان کسی نہ کسی رسم الخط میں لکھی جاتی ہے دنیا کی بڑی بڑی زبانیں اپنے منفرد رسم الخط کی بدولت زندہ ہیں اور ارتقائی منازل طے کرنے کے ساتھ ساتھ مقبول بھی ہیں۔ مختلف زبانوں کے رسم الخط تبدیل ہوتے رہے ہیں۔ اردو میں نستعلیق میں تحریر شدہ بڑا علمی وادبی ذخیرہ موجود ہے۔ نستعلیق کے فروغ میں خطاطوں کا کردار بھی قابل قدر ہے۔ خطاطی نے بھی اس رسم الخط کو رواج دینے میں اپنا حصہ ڈالا۔ خط نستعلیق کو آج مزید دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے جونوری نستعلیق ولاہوری نستعلیق کے نام سے اپنی اپنی پہچان رکھتی ہیں اس کے علاوہ ان پیج سافٹ ویر کے ذریعہ بھی ان کو پہچان ملی اور ساتھ ہی ساتھ عالمی سطح پر فروغ بھی حاصل ہوا اس لئے عصر حاضر کو مدنظر رکھتے ہوئے دیگر رسم الخط پر بھی نظر رکھنا ضروری ہے اور ان کے استعمال اور ان کے مسائل کو سمجھنا بھی لازمی ہے۔ جہاں نستعلیق کے فروغ اور پذیرائی کی صورتیں سامنے آئیں وہیں نستعلیق کی مشکلات بھی سامنے آئیں، اس خط کی اثر پذیری، اہمیت، فوائد اور نقصانات کا تعمیری تجزیہ اس صورت میں ہوسکتا ہے جب نستعلیق کا ارتقائی جائزہ لیتے ہوئے دوسرے رسم الخط کے ساتھ اس کا تقابلی مطالعہ کر کے اس بات کی نشاندہی کرنا کہ اردو کے لئے کون سا رسم الخط موزوں ترین ہے اس کے ساتھ ساتھ نستعلیق کے بنیادی اصول وقواعد سامنے لاتے ہوئے تدریس نستعلیق بنیادی اصولوں پر استوار کرنا ہے تا کہ اس خط کو سیکھنا اور لکھنا اور بھی آسان ہو سکے اور اسے بآسانی رائج عوام الناس کیا جا سکے نیز اس کی مشکلات بھی حل ہوں اور ابتدائی سطح پر طلباء آسانی سے اس خط کو سیکھنے کے ساتھ خوشخط بھی ہو سکیں۔

نستعلیق کو جاننے سے پہلے خط کے بارے میں جان لینا ضروری ہے۔ رسم الخط ایک ایسی تحریری علامت ہے کہ جس کو جب زبان سے ادا کیا جائے تو وہ انسانی احساسات وجذبات کے بیان واظہار کا ذریعہ بن جائے۔ خط کی تعریف کرتے ہوئے پروفیسر ضیاء احمد بداونی کا قول ہے کہ ”خط یا تحریر وکتابت افکار وتصورات کو حروف یا دیگر قسم کی اشکال کے ذریعے مادی اشیاء پر منقوش کر کے قلم بند کرنے کا نام ہے“

مندرجہ بالا قول کا مطلب صاف ہے کہ کسی بھی شکل کے نقوش جنہیں کسی مادی چیز پر قلم بند کر لیا جائے اور جن کو کسی خاص آواز

کے متبادل سمجھ کر پڑھا اور لکھا جائے۔

ڈاکٹر سہیل احمد خط کی تعریف میں لکھتے ہیں کہ ''رسم الخط آوازوں کو محفوظ رکھنے کا ایک ذریعہ ہے اور اسے محض ذریعہ ہی سمجھنا چاہئے۔ ہمارا مقصود اصلی آواز ہے، حرف نہیں، اس لئے نگاہوں کو حرف ہی پر رک کر نہیں رہ جانا چاہئے بلکہ اس میں جو آواز ملفوف ہے اس تک پہنچنے کی کوشش کرنا چاہئے یعنی آواز کو حرف پر اور زبان کو رسم الخط پر مقدم رکھنا چاہئے۔ دنیا کے اور تمام معاملات میں دیدہ کو شنیدہ پر یعنی آنکھ کی کارکردگی کو کان کی کارکردگی پر ترجیح دیجئے لیکن زبان کے معاملے میں شنیدہ کو دیدہ سے یعنی کان کی کارکردگی کو آنکھ کی کارکردگی سے افضل اور مقصود اصلی جانیئے'' (ڈاکٹر سہیل احمد بخاری، دیباچہ، اردو رسم الخط کے بنیادی مباحث، مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد، ۱۹۸۸، ص ۱۱)

قبل از اسلام عرب میں مختلف طرح کے خط رائج تھے ہر خطہ کا اپنا الگ خط ہوا کرتا تھا جس کی وجہ سے عربی زبان بھی مختلف خطوں میں لکھی جاتی تھی، یمن کے قبیلے حمیر، معین اور سبا ان تینوں قبیلوں میں مسندی یا حمیری خط کا چلن تھا اس خط کی لکھاوٹ میں حروف کو الگ الگ کر کے لکھا جاتا تھا۔ حجاز کے شمال میں انباط واقع تھا وہاں رائج خط کو خط نبطی کہا جاتا تھا اسی طرح عراق اور شام میں رائج خط کو عراقی اور عراق عرب میں رائج خط کو سریانی خط کہا گیا، عربی رسم الخط کی ترقی کا پہلا دور کوفے سے شروع ہوا، ایک شہر جو کہ دریای فرات کے قریب ایک جگہ جس کا نام حیرہ تھا، قدیم اور مشہور و معروف شہر ہونے کی وجہ سے یہاں لوگوں کی آمد و رفت زیادہ تھی علماء و فضلاء نیز تجار کا مجمع لگا رہتا تھا۔ یہاں اس دور میں خط سطرنجیلی زیادہ رائج تھی جو کہ سریانی خط کا ہی دوسرا نام ہے۔ عرب اس خط میں اپنی مذہبی چیزیں لکھتے تھے اور نبطی خط عام مراسلت کے لئے جانی جاتی تھی۔ خط کوفی کی ایجاد چوتھی صدی عیسوی میں ہوئی یہ نبطی اور سریاک یا سطرنجیلی سے انبار میں ایجاد ہوئی، حجاز انبار اور حیرہ (کوفہ) میں یہ خط لکھا جاتا تھا حیرہ کا نام بعد میں کوفہ قرار پایا۔ کوفیوں نے انہیں خط کی مدد سے ایک نئے خط کی بنیاد رکھی اور وہ خط کوفیوں کی درمیان بہت مقبول ہو گیا اور رفتہ رفتہ یہ خط خط کوفی کے نام سے مشہور ہو گیا۔ حرب ابن امیہ یہ خط حیرہ سے سیکھ کر آئے اور عرب میں اس کا استعمال و رواج ہوا۔

اب ہم نستعلیق کے مفہوم کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں اور یہ بھی کہ یہ خط کس طرح وجود میں آیا اور اس کی وجہ تسمیہ کیا ہے۔ نستعلیق سے متعلق لغوی معنی درج کئے جاتے ہیں مولف فرہنگ آصفیہ نستعلیق کی تعریف میں کچھ یوں رقمطراز ہیں: ''آجکل کا فارسی خط جو اپنی لطافت، خوبصورتی، تناسب، نزاکت، کرسی، نشست و دائر کی خوبی اور خوش اسلوبی کے سبب ایک دلفریب شان رکھتا ہے۔ اس کے لغوی معنی فصیح، خوشگفتار، اور بلیغ ہیں'' (فرہنگ آصفیہ، مولف مولوی سید احمد دہلوی ترقی اردو بیورو، نئی دہلی ۱۹۶۷ء)۔

یہ خط خط نسخ اور خط تعلیق کا مرکب ہے، اس خط کو میر علی تبریزی نے ایجاد کیا ہے اور نسخ کی رخ کثرت استعمال کی وجہ سے گر گئی۔ مولف فرہنگ آصفیہ لکھتے ہیں کہ ''اس وقت ہندوستان میں کئی خط یعنی شکستہ، تعلیق، نسخ، شفیعائی وغیرہ رائج ہیں مگر جیسا خط نستعلیق نے اپنی خوبی کی وجہ سے مطابع، تصانیف، عدالت، شاہی فرمان وغیرہ میں رواج پایا ہے دوسرے خط نے بالکل نہیں پایا''۔ (فرہنگ آصفیہ، مولف مولوی سید احمد دہلوی ترقی اردو بیورو، نئی دہلی ۱۹۶۷ء)

خط نسخ ایک قدیم مشہور ومعروف عربی خط ہے اس کا موجد ابن مقلہ شیرازی ہے جس کا تعلق چوتھی صدی ہجری کے اوائل سے تھا۔ ابن مقلہ نے نبطی خط کی مدد سے خلیفہ عباسی مقتدر باللہ کے دور حکومت میں ایجاد کیا۔ فن خوشنویسی میں ابن مقلہ کو مکمل دسترس حاصل تھی وہ باکمال خوشنویس ہونے کے ساتھ ساتھ اپنی فراست وتدبر کی بنا پر نہایت اہم وزارتی عہدوں پر بھی فائز رہا ہے۔ خط نسخ میں ایسی کشش تھی کہ کم ہی عرصہ میں بہت ترقی کر گئی اور کئی طرح کے خوشنما طرز تحریر منظر عام پر آئے اور آہستہ آہستہ یہ خط رائج ہوگئی اور خواص وعوام کی پسند بن گئی اس کی خوبصورتی ایسی تھی کہ عرب زیبائش کے طور پر اپنے لباس حتیٰ کے ہتھیار پر عربی الفاظ اور جملے کندہ کراتے تھے۔ خلفاء عباسیہ کے دور میں اس خط کو کافی ترقی ہوئی، خلیفہ مہدی کے وقت میں مشہور عالم وفاضل خلیل بن احمد نے چھوٹی لکیروں والی حرکت کی ایجاد کیا جو آج بھی استعمال کی جاتی ہے۔ خط نسخ کا باقاعدہ عروج فن خطاطی کی بنیاد کے بعد ہوا اور ابن مقلہ نے اس خط کو خوشنما بنانے کے لئے چھ طرز تحریر بھی ایجاد کی جن میں خط توقیع ''ایک خط کا نام ہے جس کے موجد ابراہیم الشجری کے بھائی یوسف تھے مامون رشید کے وزیر فضل بن سہیل نے اس خط کو بہت پسند کیا تھا'' (حاشیہ، اردو اور ناگری رسم الخط، ص ۱۲۷، اردو رسم الخط انتخاب مقالات، مرتبہ، شیما مجید، مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد، ۱۹۸۹)، خط محقق، خط ثلث، خط نسخ، خط رقاع اور خط ریحان۔۔ شروع میں قرآن اسی خط میں لکھا گیا اور پھر بعد میں تعلیق میں لکھا گیا جس کو پڑھنے میں قارئین کو اور آسانی ہوئی، اس خط کی شان سنسکرت، ژند و پہلوی خطوں سے ملتی جلتی ہے''۔ خط نسخ کا دوسرا سب سے بڑا ماہر ابوالحسن علاء الدین علی بن ہلال معروف بہ ابن بواب تھا، جس کا زمانہ ابن مقلہ کی وفات تقریباً ۸۴ سال بعد کا ہے اس کے بعد جمال الدین یاقوت بن عبداللہ مستعصمی جو کہ اس کا شاگرد تھا اس خط کا بلند پایہ استاد ہوا۔ محققین کا کہنا ہے کہ قاعدہ سازی کا جو سلسلہ ابن مقلہ شیرازی نے شروع کیا اسے ابن بواب اور یاقوت مستعصمی نے اوج کمال تک پہنچایا۔

چوتھی صدی عیسوی میں حسن بن حسین علی نے دو خط رقاع اور توقیع کی مدد سے ایک نیا رسم الخط ایجاد کیا جو کہ خاص کر فارسی زبان کے لئے تھا اور اس رسم الخط کا نام تعلیق (لغت میں تعلیق کے معنی لٹکانا اور کسی چیز کو دوسری شے سے متعلق کرنے کو کہتے ہیں، عربی رسم الخط جب عجم پہنچا تو حسن بن حسین نے اسے وضع کر کے رائج کیا) رکھا۔ یہ ایلخانیوں کے دور کی ایجاد ہے اور اس خط کو ایرانیوں کا پہلا خالص خط شمار کیا جاتا ہے، یہ خط شاہی دفاتر، حکومتی احکامات کو منظم کرنے اور عام کاروباری مراسلات میں استعمال ہونے لگا اس کی ترقی میں خواجہ تاج اصفہانی نے اہم کردار نبھایا۔ اس خط کے کاتبوں کو دیوانی، سیاق اور طغرانی رسم الخط اچھی طرح لکھنے کی ضرورت تھی۔ یہ خط ترسل کے نام سے بھی مشہور ہے۔ تعلیق میں منفصل حروف کو متصل کرنے کے علاوہ بعض دفعہ کئی الفاظ کو پیوستہ بھی لکھا جاتا ہے یہ طریقہ تند نویسی کی وجہ سے اختراع کیا گیا اور اسے شکستہ تعلیق کا نام دیا گیا، اس کا سہرا مرتضیٰ قلی خان شاملو حاکم ہرات کے سر بندھتا ہے جنہوں نے اس کی نوک پلک درست کر کے اور نستعلیق میں جدت طبع سے کام لیتے ہوئے کچھ اضافے کے ساتھ ایک نئے خط کے خدوخال کا اختراع کیا کسے شکستہ کہا جاتا ہے یہ نستعلیق کی ایک مختصر صورت ہے جو عام طور پر روزمرہ کی تحریروں، خط وکتابت وغیرہ جیسے کاموں کو تحریر کرنے کی خاطر استعمال ہوتا ہے۔ اس لئے یہ طریقہ نوشتاری عام طور پر کاتب دیوان کے لئے مختص تھا اور اسے ترسل کا نام بھی دیا گیا۔ تعلیق کی

مقبولیت کے بعد عثمانیوں اور مصریوں نے اس تھوڑا تصرف کر کے اپنا ایک الگ شیوہ اختیار کیا اور اسے ''دیوانی'' کا نام دیا ۔آسان ہونے کی وجہ سے اس خط نے جلد ہی مقبولیت پالی اور کئی جگہوں پر رائج ہوگئی، اس خط کی ایجاد کے بعد خطوں کی کل تعداد سات ہوگئی:

کاتبان را ھفت خط باشد بہ طرز مختلف
ثلث و ریحان و محقق ، نسخ و توقیع ورقاع
بعد از آن تعلیق آن خطست کش اھل عجم
از خط توقیع ، استنباط کردند، اختراع

ایرانیوں نے صرف انہیں رسم الخط پر اکتفا نہیں کیا انہوں نے رسم الخط کے میدان میں اور ترقی کی یہاں تک کہ آٹھواں خط وجود میں آیا۔ تعلیق سے بہتر اور خوبصورت خط کی کاوش نے انہیں ایک نئے خط کا موجد بنایا اور محققین کا اتفاق ہے کہ امیر تیمور کے عہد میں میر علی تبریزی نے خط نسخ اور خط تعلیق کی آمیزش سے ایک نئے خط کا اختراع کیا اور اس کا نام 'نسخ تعلیق' رکھا گیا لیکن رفتہ رفتہ کثرت استعمال کی وجہ سے خ حذف ہوگیا اور نستعلیق باقی رہ گیا۔ اس خط کی ترقی کے لئے میر علی تبریزی ہمیشہ کوشاں رہے صرف یہی نہیں بلکہ ان کے بعد ان کی اولاد اور شاگردوں نے اس خط کے فروغ کے لئے بیش بہا خدمات انجام دیں اور اسے ایران، ترکستان اور ہندوستان میں گسترش دی۔ خط نستعلیق کے اصول وضوابط میر علی ہروی نے مرتب کئے جو کہ ایک مشہور ماہر خط نستعلیق تھے۔

اس خط کی ایجاد کی ایک عجیب سی خوبصورت وجہ بھی بیان کی جاتی ہے کہا جاتا ہے کہ میر تبریز ایک روز جنگل میں خراماں خراماں چلا جاتا تھا، دور سے اسے کچھ جانور نظر آئے کہ دو دو کی قطار میں برابر برابر بیٹھے ہوئے تھے اور یہ دونوں قطاریں نہایت عمدہ طور پر نزاکت سے مرتب تھیں۔ چونکہ اس کا موجد خود ایک عمدہ خیال انسان تھا اسے ان جانوروں کی روش بہت پسند آئی فوراً سے اس نے اس کا نقشہ بنایا اور اپنے گھر کی طرف واپس آ گیا۔ چونکہ اس دور میں نسخ اور تعلیق رائج تھی اس نے حروف تہجی کو جانوروں کی طرف قطار میں کیا اور اسی صورت وہیئت سے اور کچھ ان خطوط سے استخراج کر کے انہیں ترتیب دی اور پھر جب اس کی نوک پلک درست کر کے اپنے عزیزوں کے درمیان لے گیا تو لوگوں کو بہت پسند آیا اس سے اس کی حوصلہ افزائی ہوئی جس سے خوشنویس مذکور کو کافی ہمت ملی رفتہ رفتہ اس خط کو لوگ استعمال کرنے لگے اور پھر اسی طرح اس کی مقبولیت ہندوایران کے ساتھ ساتھ تمام جہان میں ہوئی۔

میر علی کے انتقال کے بعد خوشنویسوں نے اپنے اپنے طور طریقے سے اس خط کو عوام کے نزدیک عام کیا۔ یہاں تک کہ میر عماد نام کا ایک شخص عباس قلی کی بادشاہت کے وقت گذرا ہے چونکہ یہ اس فن میں کمال کو پہنچا ہوا تھا اور بادشاہ اس کی صلاحیت کا قدر دان تھا اور کچھ رقم خزانہ دولت سے عطا بھی کرتا تھا۔ ایک روز بادشاہ نے میر عماد کو طلب کیا چونکہ بادشاہ کی خواہش تھی کہ شاہنامہ کو خوش خط میں لکھا جائے اور جیسا کہ بادشاہ میر عماد کی صلاحیتوں اور اس کی خوشنویسی کا قائل تھا، بادشاہ نے حکم دیا کہ شاہنامہ کو خط نستعلیق میں لکھا جائے۔ بادشاہ کے حکم کی تعمیل ہوئی اور میر عماد کو ضرورت کی ساری چیزیں میسر کرائی

گئی اور بادشاہ کے فرمان پر انہوں نے شاہنامہ کی خوشنویسی کا کام شروع کیا۔ درباریوں میں بہت سے حاسد بھی پیدا ہو گئے انہوں نے بادشاہ کو دھیرے دھیرے بھڑ کانا شروع کر دیا یہاں تک کہ ایک روز بادشاہ نے میر عماد کو طلب کر لیا اور دریافت کیا کہ کام کی کیا نوعیت ہے میر عماد نے عرض کیا ابھی نامکمل ہے یہ سنتے ہی بادشاہ غصہ سے آگ بگولہ ہو گیا اور کہنے لگا اس کے اخراجات زیادہ ہو گئے، اتنا سننا تھا کہ میر عماد جو کہ صاحب کمال تھا ضبط نہ کر سکا اس نے بادشاہ سے کہا کہ اگر آپ کی نظر مال و دولت کی طرف ہے تو وہ آ جائیگا یہ کہہ کر وہ وہاں سے گھر کی طرف روانہ ہو گیا اور بادشاہ کو اس کے اخراجات واپس کرنے کے لئے کوشاں ہو گیا۔ میر عماد نے جو تینوں جزو لکھے تھے اس کے ہر صفحے کو تراش کر الگ الگ کیا پھر ہر ایک کی سطریں قینچی سے علیحدہ کر دیا اور جب تینوں جزوں کی سطریں علیحدہ ہو گئی تو ان پالکی میں ڈال کر اسے محلوں اور کوچوں میں روانہ کر دیا اور یہ ہدایت کی کہ جہاں سے بھی گذر و یہ کہتے چلو کہ ''امروز تحریر میر عماد ارزان است'' اور اہلکاروں نے حکم کی تعمیل کی، چنانچہ لوگ یہ جملہ سن کر آنا شروع ہو گئے اور ذرا سی دیر میں ایک جم غفیر کی صورت اختیار کر گیا اور میر عماد نے ہر کسی کو مال و زر کے عوض شاہنامہ کی ایک ایک سطر دی۔ ابھی دربار شاہی کا آدھا راستہ ہی طے کیا کہ جتنی رقم کی ضرورت تھی وہ حاصل کر لی اور دربار میں حاضر ہوا اور جمع کردہ رقم وزراء کے حوالے کیا اور کہا میں نے یہ محنت شاقہ اس وجہ سے گوارا کی تھی کہ بادشاہ کے پاس زر و جوہرات تو جیسا دنیا میں شاہوں کے پاس ہوا کرتا ہے، بہت کچھ موجود ہے، کاش کہ میری تحریر کا ایک گنجینہ شاہ کے پاس موجود ہوتا تو یہ کسی طرح سے بہ حیثیت عمدگی زر و جواہرات سے کم نہیں ہوگا۔

جب بادشاہ کو علم ہوا اور اسے احساس ہوا تو بجائے پشیمانی کے اس نے ایک دوسرا راستہ اختیار کیا اور خدشہ لگا کہ کہیں جب دیگر بادشاہوں کو اس کا علم ہو کہ بادشاہ ایران نے ایک خوشنویس سے رقم واپس لے لی تو سلطنت کو نہایت ٹھیس پہنچے گی بہتر یہی ہے کہ اسے قتل کر دیا جائے اس کے بعد بادشاہ نے اس کے قتل کا حکم دیا اور اسے قتل کر دیا گیا۔ میر عماد ایسا با کمال استاد اس فن نے پیدا کیا کہ جس کا خط اتنا پختہ اور دلکش تھا کہ وہ جیسا حرف ایک جگہ لکھ دیتا ویسا ہی وہ تمام کتاب میں لکھتا تھا۔ اس کا کمال فن خط نستعلیق کی تحریر کا اعجاز تھا اور میر عماد کا یہ کارنامہ خطاطی کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

میر عماد کا بھانجا عبدالرشید دیلمی جو کہ میر عماد کا داماد بھی تھا، بڑا خوشنویس اور ہر طرح سے خط نستعلیق کا ماہر تھا اس نے اس خط میں مہارت میر عماد قزوینی سے ہی سیکھی، جب میر عماد قزوینی کے قتل کی خبر سنی تو مغموم ہوا ساتھ ہی ساتھ اسے بھی جان کا خطرہ لاحق ہوا، مصلحتاً اس نے ایران سے ہندوستان کا سفر طے کیا راستے میں لاہور رکنا چاہا لیکن پھر خطرہ جان کے سبب وہ شاہجہان کے دربار میں پہنچا اور کافی کوششوں کے بعد اسے دربار شاہجہانی میں رسائی حاصل ہوئی۔ تمام احوال سے بادشاہ کو واقف کرایا اور اپنے جوہر کا نمونہ بھی پیش کیا، بادشاہ شاہجہان چونکہ اہل علم تھا فوراً سمجھ گیا کہ اس میں یہ اہل کمال ہے پھر بادشاہ نے عبدالرشید دیلمی کو اپنا ملازم کیا اور شہزادہ داراشکوہ کے اتالیق مقرر کیا نیز یہ حکم بھی دیا کہ اس خط بے نظیر سے لوگوں کو فیض پہنچاؤ، بادشاہ کی یہ خواہش تھی کہ ہندوستان میں بھی یہ خط مروج ہو۔ اس کے چند روز بعد ہی شاہ ایران کا خط بادشاہ ہند کے نام اسی ضمن میں آیا، بادشاہ ہند نے یہ کہتے ہوئے صاف انکار کر دیا کہ وہ یہیں ہے اور دربار سے منسلک بھی چونکہ وہ اہل کمال ہے اور مظلوم بھی لہذا سلطنت ہندوستان کبھی اسے نہ دیگی، میر عماد کے قتل پر بھی افسوس ظاہر کیا۔ اس طرح سے عہد شاہجہانی

میں ہندوستان میں خط نستعلیق کی شروعات ہوئی، عبدالرشید دیلمی نے ہی اس خط کو ہندوستان میں رائج کیا اور ہندوستان میں انہوں خط نستعلیق کی تعلیم دے کر ایسے ایسے کامل فن تیار کئے کہ جن کی مثال اور کہیں نہیں ملتی۔

امیر حسن نورانی لکھتے ہیں کہ ’’مغلیہ دور میں نسخ اور نستعلیق دونوں خط رائج تھے لیکن نستعلیق اپنی زیبائی اور دلکشی کے باعث مقبول عام تھا۔ اس فن کو حکومت کی سرپرستی بھی حاصل تھی۔ خطاطی اور خوشنویسی کو عہد شاہجہان میں بہت فروغ حاصل ہوا۔ اس کے زمانے میں میر عماد قزوینی کے شاگرد عبدالرشید دیلمی نے خط نستعلیق کو نکھارا اور اس میں ایک امتیازی شان پیدا کی ‘‘(منشی نولکشور، ان کے خطاط اور خوشنویس، ترقی اردو بیورو، نئی دہلی، ۱۹۹۴)۔

ہندوستانی نستعلیق و ایرانی نستعلیق دونوں بظاہر ایک ہی ہیں اور اس کی شروعات ناگری اور اردو کو دیکھتے ہوئے ہوئی یہ خالص ہندوستان کی اختراع ہے۔ خطاطی کی تاریخ شروع سے ہی یہ بتاتی ہے کہ زیادہ تر خطوط شکل و شباہت کے اعتبار سے ایک دوسرے کے مشابہ ہیں اور بعض تو یکساں بھی ہیں، لیکن ان میں حروف کے اضافے یا خاص فرق کی وجہ سے وہ جدا تسلیم کئے گئے۔ ہندی نستعلیق میں بھی یہی معاملہ ہے زبان کی ضرورت کو دیکھتے ہوئے اس میں بھی چند نئے الفاظ کو جگہ ملی جس سے یہ ہندی نستعلیق جو کہ خاص کر اردو کے لئے استعمال ہوتی ہے کہلانے لگی۔ ان حروف میں ٹ، ڑ، ٹ، ں شامل ہیں۔ نستعلیق عموماً فارسی و عربی حروف تہجی استعمال کرنے والی زبانیں لکھی جاتی ہیں۔ عصر حاضر میں اردو زبان و ادب میں اس خط کا استعمال سب سے زیادہ ہوتا ہے۔

خط نستعلیق، فارسی کا خط جو اپنی خوبصورتی، تناسب، کرسی، نشست، دائرے اور کشش کی وجہ سے ایک دلفریب شان رکھتا ہے الفاظ کے دائرے، نشست، کرسی اور اس کی خوبصورتی اور اس کے پیچھے ہوئی محنت توجہ کی مرہون منت ہے۔ دست نویسی میں جتنی خوبصورتی، دلکشی، رعنائی اور مرقع نگاری نظر آتی ہے اتنا ہی یہ کمپیوٹر پر بھی حسین اور خوبصورت دکھتا ہے۔ یہاں تک پہنچنے کا سفر صدیوں کا رہا ہے اس سفر میں لاتعداد خطاط کی محنت شامل ہے، کتنے ہی خطاط ایسے گذرے جنہیں قتل تک کر دیا گیا۔ یہاں ان خطاط کا ذکر لازم معلوم دیتا ہے جن کی کاوشوں کی وجہ سے خط اتنا لمبا سفر طے کیا جن میں معتبر ترین خطاطوں میں میر علی تبریزی، میر عماد، عبدالرشید دیلمی، مرتضی قلی خان شاملو، محمد شفیع ہروی، مرزا بزرگ علوی، عبدالمجید طالقانی، مشکین قلم، مرزا جعفر تبریزی، سید محمد امیر دہلوی پنجہ کش، عبیداللہ بیگ، امام الدین، احمد خان، محمد جان، احمد مرزا جمیل، عبدالمجید پروین رقم (موجد نستعلیق لاہوری)، وغیرہ شامل ہیں۔ اس خط کی خوبصورتی میں پیش رو خطوط کے کئی سلسلے شامل ہیں جن میں نسخ، رقاع، قطع، ثلث، رقعہ اور تعلیق قابل ذکر ہیں۔

نستعلیق کو جدید تقاضوں سے بھی ہم آہنگ کرنے کے ساتھ ساتھ طباعت کے لئے استعمال کرنے کی بھی کوشش کی گئی لیکن پوری طرح کامیابی حاصل نہ ہو سکی، اس ضمن میں فورٹ ولیم کالج کا مطبع شامل ہے، اس کے علاوہ ریاست حیدرآباد دکن میں بھی اس طرح کی کوشش کی گئی۔ پے در پے اور مسلسل کوششوں کے بعد جدید تیکنالوجی کے ساتھ جوڑنے کی کاوش تب ممکن ہو پائی جب جدید نستعلیق کی بنیاد احمد مرزا جمیل (۲۱ فروری ۱۹۲۱۔ ۱۷ فروری ۲۰۱۴) نے رکھی۔ یہ حیران کن ایجاد نے اس حسین خط کو جو کہ کاتبوں کا محتاج ہونے کے ساتھ ہی وقت کا متقاضی تھا، برقیاتی دنیا کمپیوٹر کی وسیع وعریض کائنات سے ہم

آہنگ کردیا اورمشین پرمنتقل کردیا۔ایک ایسا کارنامہ کردکھایا جس سے برقیات کے میدان میں خط نستعلیق میں الفاظ کو باہم جوڑنے کی انوکھی ترکیب وضع کی۔اور کمپیوٹر پر خط نستعلیق کو ایک حقیقت کردکھایا جس نے کتابت،طباعت اور خطاطی کی کایا پلٹ دی۔انہوں نے جس نستعلیق کو معترف کرایا وہ جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ ہوکر تمام تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے اب ایک سوفٹ وئیر کی شکل میں ہمارے سامنے موجود ہے۔مرزا جمیل احمد نے اس فونٹ کا نام'نوری نستعلیق' رکھا، چونکہ والد کا نام مرزا نور احمد تھا اس لئے اس کا نام نوری نستعلیق رکھا۔ابتداء میں اسے نوری نستعلیق کہا جاتا تھا لیکن بعد میں اسے''جمیل نوری نستعلیق'' کہا جانے لگا اور اب اسی نام سے مشہور ہے۔اخباری ورسائل اور مطابع نے اسے استعمال کرتے ہوئے ٹائپوگرافیکل نستعلیق (۱۹۸۱) بنایا جسے میکانکی نستعلیق بھی کہا گیا۔زمانے کی ترقی کے مدنظر اور کمپیوٹر کے اس دور کو دیکھتے ہوئے ہندوستان کی ایک کمپنی نے برطانیہ کی ایک کمپنی کے اشتراک سے ۱۹۹۴ء میں ایک سوفٹ ویئر بنایا گیا جس کا نام'ان پیج' (InPage) رکھا گیا جس کی شہرت نہ صرف برصغیر ہندو پاک میں ہے بلکہ دنیا بھر میں اس کی مقبولیت ہے۔خط نستعلیق میں نزاکت اور خوبصورتی بدرجہ اتم موجود ہے۔یہی وجہ ہے کہ یہ خط آج نہ صرف ایشیاء میں بلکہ دنیا کے کئی ممالک میں رائج ہے۔اس خط میں کئی زبانیں بھی لکھی جاتی ہیں جن میں اردو، فارسی، کشمیری اور پشتو کے ساتھ ساتھ کئی اور زبانیں بھی اس کا خط کا استعمال کرتی ہیں۔

**کتابیات:**


قادری، جونپوری، محمد ایوب وممتاز حسین، خط وخطاطی، اکیڈمی آف ایجوکیشنل ریسرچ، آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس، کراچی، ۱۹۶۱۔

شیما، مجید، مرتبہ، اردورسم الخط: انتخاب مقالات: مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد، پاکستان۔۱۹۸۹۔

کمال، ڈاکٹر اشرف، لسانیات، زبان ورسم الخط: مثال پبلیشر، فیصل آباد، پاکستان۔

دہلوی، مولوی سید احمد ، فرہنگ آصفیہ: مولف ترقی اردو بیورو، نئی دہلی، ہندوستان، ۱۹۶۷ء۔

منشی نولکشور، ان کے خطاط اور خوشنویس، ترقی اردو بیورو، نئی دہلی، ہندوستان، ۱۹۹۴۔

بخاری، ڈاکٹر سہیل احمد، اردو رسم الخط کے بنیادی مباحث، مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد، پاکستان، ۱۹۸۸،

بیگ، مرزا خلیل احمد، لسانی تناظر، علیگڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، ہندوستان، ۱۹۹۷۔


☆☆☆

ڈاکٹر سید مزمل مرتضیٰ
شعبہ فارسی
کشمیر یونیورسٹی، جموں و کشمیر

# فلسفہ خودی اسرار و رموز کے آئینے میں

علامہ اقبال کی شخصیت اسرار و رموز سے عیاں ہو جاتی ہے۔ان کے کلام میں نئی زندگی، نیا عزم اور حوصلہ پایا جاتا ہے۔اقبال فرماتے ہیں

بیا بہ مجلس اقبال و یک دو ساغر کش
اگرچہ سر نتراشد قلندری داند

علامہ اقبال کے کلام میں زندگی، توانائی، استغنا اور رجائیت کوٹ کوٹ کر بھری ہے۔وہ اس بات پر بے چین رہتے تھے کہ ملت مصطفےٰ خوار و زبوں غربی طاقتوں کی دست بوسی کرنے میں فخر محسوس کرتی ہے:

از سہ قرن این امت خوار و زبون
زندہ بی سوز و سرور اندرون
پست فکر و دون نہاد و کور ذوق
مکتب و ملای او محروم شوق۱؎

وہ امت کو بے عملی اور مستی سے نجات دلانا چاہتے تھے۔ان کا عقیدہ تھا کہ جو امت اپنے تقدیر کا خود فیصلہ نہیں کر سکتی۔وہ موت کے منہ میں چلی جاتی ہے۔چنانچہ اسی مضمون کو شعری لباس میں بیان کیا ہے۔

آنچہ شیران را کند روباہ مزاج
احتیاج است احتیاج است احتیاج۲؎

علامہ اقبال امت کی بدحالی اور منتشر سیاسی حالات سے پوری طرح واقف تھے۔انہوں نے کافی تحقیق کے بعد نظریئے خودی کو پیش کیا ہے۔اگر چہ اس سے پہلے بڑے دانشوروں نے بھی اس مرضِ کہن کا علاج کرنے کی ان تھک کوشش کی۔چنانچہ ان مصلین میں سید جمال الدین اسدآبادی کے اشعار ملاحظہ ہو۔

چند باشی مبتلای خویشتن
آفت جان و بلای خویشتن
جہد کن زین بندگی آزاد شو
تا کہ خود باشی خدای خویشتن۳؎

ان اشعار میں سعی وعمل کی تلقین۔غلامی سے نجات پانے اور خود کو بچانے کی دعوت دی گئی ہے۔علامہ اقبال نے فلسفہ خودی کو قرآن سے اخذ کیا ہے۔آپ فرماتے ہیں کہ قرآنی آیت یَا اَیُّہَا الَّذِینَ آمَنُوا عَلَیکُم ا؟ نفُسَکُم لَا یَضُرُّکُم مَّن ضَلَّ اِذَا اہتَدَیتُم (سورہ مائدہ آیت ١٠٥) یعنی اے وہ لوگوں جو ایمان لائیب ہوتم پر لازم ہے فکر اپنی جان کا۔اگر تم راہِ راست پر ہوم تو جو شخص گمراہ ہے وہ تمہیں کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچا سکتا) پر جب میں نے غور کیا تو مجھ پر یہ حقیقت آشکار ہوگئی کہ ہر مسلمان پر اپنی خودی مستحکم کرنا فرض ہے۔پس میں نے اسی آیت شریفہ کو اپنے فلسفہ خودی کا سنگ بنیاد بنایا۔علاّمہ نے نہایت تفصیل سے خودی کے مراحل کو بیان کیا ہے۔اثبات خودی، احساس خودی، تربیت خودی، تکمیل خودی اور ثمرہ خودی کو اسرار ورموز سے لے کر ارمغان حجاز تک میں کافی واضح انداز میں اجاگر کیا۔

انسان کامل بننے کے لیے سب سے پہلے اثبات خودی کا مرحلہ آتا ہے۔یہ پہلی منزل ہے جہاں سالک اپنے آپ کو پاتا ہے۔یہ مرحلہ نہایت اہمیت کا حامل ہے کہ جہاں سالک کو یہ محسوس کرنا کہ میرا وجود حقیقی ہے نہ کہ فریب نظر یا موہوم۔ کیونکہ اسی دل میں ترقی کرنے کے آثار نمایاں ہوں گے جہاں احساس خودی کارفرما ہے

اگـر گـوئـی کـه "مـن" وهـم و گـمـان اسـت
وجـود‌ش چـون وجـود ایـن و آن اسـت
بـگـو بـا مـن کـه دارائے گـمـان کیست
یـکـے در خـود نـگـراں بے نشـان کیست

علامہ اقبال نے اس امر کو سمجھانے میں بہت سے اشعار قلم بند کیے ہیں۔

پیـکـر هستـی ز آثـار خـودی اسـت
هـر چـه مـی بینـی ز اسـرار خـودی است٤؎

یعنی اس عالم کا وجود خودی سے ممکن ہے۔جو بھی انسانی آنکھیں مشاہدہ کرتی ہے۔سارا خودی کے اسرار سے ہی وجود میں آگیا ہے۔

چـون حیـات عـالـم از زور خـودی اسـت
پـس بـقـدر استـواری زنـدگـی اسـت
نـقـطـه نـوری کـه نـام او خـودی اسـت
زیـر خـاكِ مـا شـرار زنـدگـی اسـت
قـطـره چـون حـرفِ خـودی از بـر کـنـد
هستـی بے مـایـه را گـوهـر کـنـد٥؎

جب قطرہ اپنی خودی کا اثبات کرتا ہے تو وہ موتی بن جاتا ہے۔یعنی علامہ اقبال فرماتے ہیں کہ قطرہ کو سمندر میں اپنی ذات کا خود ہی محافظ ہونا چاہیے۔قطرہ خودی کے مراحل کو طے کر کے صدف بن جانا چاہیتا کہ ہزار موجوں کی کشاکش سے اپنی

ذات کو بچائے رکھے۔ وہ اس بات پر راضی نہ تھے قطرہ دریا میں مل کر سمندر کا حصہ بنے اور اپنے وجود کو فنا کر دے۔

علامہ اقبال فرماتے ہیں کہ جب زمین اپنی جگہ مستحکم ہے تو چاند بھی اس کے طواف میں سرگراں ہے۔

چون زمین بر هستی خود محکم است

ماه پابندِ طواف پیهم است٦؎

دوسرا مرحلہ احساس خودی جہاں انسان اپنی خلقت پر غور وخوض کرتا ہے۔ کہ میں اشرف المخلوقات اور یہ کائنات میری خدمت کے لیے بنائی گئی ہے۔ میں ایک چھوٹا جسم نہیں بلکہ میں عالم اکبر ہوں۔ یہ کہ میں فطرت پاکیزہ لے کر دنیا میں بھیجا گیا۔ اپنی تقدیر کو خود بنا بگاڑ سکتا ہوں۔ اس لیے ایک ذمہ دار ہستی ہوں:

قدم بی باک تر نه در رهٔ زیست

بیرون قدم نه از دور آفاق٧؎

به پنهائے جهان غیر از تو کس نیست

تو پیش ازینی تو بیش ازینی

یعنی بے خوف زندگی کر تیسرے سوا اس کائنات میں کوئی گرانمایہ چیز نہیں ہے۔ قرآن کریم بھی انسان کی عظمت (سورہ اسراء آیت: ٧٠) کو یوں بیان کرتے ہیں۔ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا (بے شک ہم نے آدم کی اولاد کو (اکثر مخلوقات پر) عزت بخشی اور صحرا اور سمندر میں ان کو سواریوں پر چڑھایا اور پاکیزہ رزق دیا اور جس قدر مخلوقات پیدا کی ہیں ان میں سے اکثر پر ان کو فضیلت بخشی۔

مرحلہ سوم تربیت خودی است یعنی جب انسان کو احساس ہو جائے گا کہ وہ اشرف اور افضل کائنات ہے تو وہ باذوق وشوق تربیت خودی کرنے لگے گا۔ خودی کی تربیت کے دو مراحل ہیں اطاعت اور ضبط نفس۔ علامہ کے نزدیک خودی کی تربیت میں سے موثر اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت محض ہے۔ انہوں نے جگہ جگہ اس بات کی تلقین کی ہے۔ انسان بندگی میں ہی رستگار ہیں۔

به مصطفیٰ برساں خویش را که دین همه اوست

اگر باو نرسیدی تمام بولهبی است

با خدا در پرده گویم با تو گویم آشکار

یا رسول الله او پنهاں و تو پیدائے من٨؎

در دل مسلم مقام مصطفیٰ است

ابروئے ما زمام مصطفیٰ است

روز محشر اعتبارِ ماست او

در جهاں هم پرده دارِ ماست تو

علامہ ضبط نفس کو خودی کے استحکام کے لیے نہایت اہم جانتے ہیں۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے پیر راہ کی حاجت پیدا ہو جاتی ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں

صحبت از علم کتابی خوشتر است
صحبت مردان حُر آدم گر است۹؎

علامہ صحبت مرشد کو سالک کے لیے ضروری سمجھتے تھے چنانچہ اپنے اشعار میں زور و شور سے مردِ حُر کے آستان پر بوسہ دینے کی تلقین کرتے ہیں۔

عاشقی آموز و محبوبی طلب
چشم نوحی قلب ایوبی طلب
کیمیا پیدا کن از مشت گلی
بوسہ زن بر آستان کاملی
شمع خود را همچو رومی بر فروز
روم را در آتشِ تبریز سوز۱۰؎

علامہ صحبت مرشد کی نعمت سے باخبر تھے چنانچہ پیر رومی کو مرشد کی حیثیت سے دیکھتے اور ان کی راہنمائی میں تکامل کے مراحل کو طے کیا۔

پیر رومی خاك را اکسیر کرد
از غبارم جلوہ ها تعمیر کرد۱۱؎

مرشد کی کامل اطاعت کرنے میں انسان منزل پا سکتا ہے۔ چنانچہ علامہ نے اس بارے میں کچھ اشعار قلم بند کیے ہیں۔

کیفیت ها خیزد از صہبائے عشق
هست هم تقلید از اسمائے عشق
کامل بسطام در تقلید فرد
اجتناب از خوردن خربوزہ کرد
عاشقی! محکم شو از تقلید یار
تا کمند تو شود یزداں شکار
اندکی اندر حرارے دل نشین
ترك خود کن سوئے حق هجرت گزین
محکم از حق شو سوئے خود گام زن

لات و عــزّائــے هــوس را ســر شــکــن ۲۱ ؎

مرحلہ چہارم تکمیل خودی کے باب میں علامہ فرماتے ہیں۔ کہ انسان صحبت مرشد کی بدولت شان فقر کی دولت سے مالا مال ہو جاتا ہے۔ اور اپنے کمالات کے اظہار کے لیے بیتابانہ میدان عمل میں وارد ہوتا ہے۔ علامہ اقبال امام عالی مقام کی شھادت کو اس نظر سے دیکھتے تھے۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ امام کی خودی تکامل کے مراحل پار کر چکی تھی اسی لیے کربلا کے ریگستان میں ظاہر ہوئی۔ اور خاک و خون میں غوطہ کھانے لگی

بـنـا کـردنـد خـوش رسـمـی بـه خـاك وخون غلطیدن

خـدا رحـمـت کـنـد این عـاشـقـان پـاك طینـت را

علامہ امام عالی مقام کو رسول اللہ ﷺ کے بوستان کا مرد کہتے ہیں۔ امام نے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت میں سبقت لی اور خودی کی تکمیل میں طرح طرح کے جلوے دکھائے۔

آں امــام عــاشــقــاں پــور بتــول

مــردِ آزادی ز بستــان رســول

الــلــه الــلــه هــائــے بســم الــلــه پـدر

مــعــنــی ذبــح عــظیــم آمــد پســر

بــر زمیــنِ کــربــلا بــاریــد و رفــت

لالــه در ویــرانــه هــا کــاریــد و رفــت

رمــز قــرآں از حسیــن آمــوختیــم

ز آتــش او شــعــلــه هــا انــدوختیــم ۳۱ ؎

مرحلہ پنجم ثمرۂ خودی یہ وہ مقام ہے کہ جہاں انسان نیابت الٰہی کے مقام پر فائز ہوتا ہے۔ یہاں امامت کے خدو خال ظاہر ہو جاتے ہیں۔ دنیا میں عدل و انصاف قائم کرنا، حکومت الٰہی تشکیل دینا اس کے اہم فرایض ہیں۔

نــائــب حــق در جهــاں بـودن خـوش اســت

بــر عــنــاصــر حــکــران بـودن خـوش اســت

نــائــب حــق هــمــچــو جــان عــالــم اســت

هستــی او ظــلِ اســم اعــظــم اســت

پــختــه ســازد فــطــرتِ هــر خــام را

از حــرم بیــروں کــنــد اصــنــام را

چــون عــنــاں گیــرد بـدســت آں شهــوار

تیــز تــر گــرد ســمــنــدِ روز گــار

خشک ســـــــــازد هیبـــــــــت نیـــــــل را
مــــی بــــــرد از مــــــصــــر اســــرائیــــل را
از قـــــم او خیـــــــزد انــــــدر گـــــورِ تــــن
مـــرده جـــانهـــا چـــون صـــنـــوبـــر در چـــمـــن۱۴؎

علامہ اقبال نے یہاں نائب حق کے صفات بیان کیے ہیں۔وہ نائب حق کو مظہر صفات ایزدی کی نظر سے دیکھتے ہیں۔چنانچہ وہ اپنے عہد کا مجدّد ہوتا ہے اور انداز عمل کی تجدید کرتا ہے بلکہ زندگی کی نئی تفسیر پیش کرتا ہے۔

اقبال کہتے ہیں کہ جب بندہ اپنے آپ کو خدا کی مرضی میں فنا کردیتا ہے تو اس میں صفات ایزدی کا رنگ پیدا ہوتا ہے

چـــون فـــنـــا انـــدر رضـــائـــے حـــق شـــود
بـــنـــدۂ مـــومـــن قـــضـــائـــے حـــق شـــود

اور بندہ مومن مولا صفت بن جاتا ہے

هـــر کـــه زیـــن بـــر مـــرکـــب تـــن تـــنگ بســـت
چـــون نـــگیـــن بـــر خـــاتـــم دولـــت نشســـت
زیـــر پـــاش ایـــنـــجـــا شـــکـــوۂ خیـــبر اســـت
دســـتِ او آنـــجـــا قسیـــم کـــوثـــر اســـت
از خـــود آگـــاهـــی یـــد الٰهـــی کـــنـــد
از یـــد الٰهـــی شهـــنشـــاهـــی کـــنـــد۱۵؎

## منابع وماخذ


۱ پس چہ باید کرد از علامہ محمد اقبال
۲ اسرار خودی از علامہ اقبال لاہوری
۳ اشعار سید جمال الدین افغانی اسد آبادی
۴ اسرار خودی از علامہ اقبال لاہوری
۵ اسرار خودی از علامہ اقبال لاہوری
۶ اسرار خودی از علامہ اقبال لاہوری
۷ پیام مشرق از علامہ اقبال لاہوری
۸ پیام مشرق از علامہ اقبال لاہوری
۹ پس چہ باید کرد از علامہ محمد اقبال
۱۰ اسرار خودی از علامہ اقبال لاہوری

۱۱ اسرارخودی از علامہ اقبال لاہوری

۲۱ اسرارخودی از علامہ اقبال لاہوری

۳۱ رموزِ بیخودی از علامہ اقبال لاہوری

۴۱ اسرارخودی از علامہ اقبال لاہوری

۵۱ اسرارخودی از علامہ اقبال لاہوری

☆☆☆

حبیب الرحمٰن
ریسرچ اسکالر، شعبہ فارسی
لکھنؤ یونیورسٹی، لکھنؤ

# محمود شیرانی بحیثیت فارسی تنقید نگار: ایک طائرانہ نظر

تحقیق وتنقید کا جب بھی کہیں ذکر ہوگا تو اس میں محمود شیرانی کا نام نہ آئے، یہ ممکن نہیں، یہ ایسی ہستی ہے جو میدان تحقیق و تنقید کی شہسوار ہے اور ایک ماہر فنکار بھی، شیرانی اپنے آپ میں ایک ایسا نام ہے جو محتاج تعارف نہیں، جب بھی تنقید یا تحقیق کا کہیں ذکر چھڑے گا تو اس میں سرفہرست اسی ہستی کا نام لیا جائے گا کیونکہ اس نے تنقید اور تحقیق کے میدان کارزار میں اپنا لوہا منوایا ہے، بہت ساری خدمات کے علاوہ فارسی تنقید نگاری میں محمود شیرانی کی قابل قدر اور نمایاں خدمات ہیں۔اتنی اہم اور منفرد خدمات کہ جنکو ماننے اور قبول کرنے پر ہندوستان کے ساتھ ساتھ ایران کو بھی سر تسلیم خم کرنا پڑا۔

محمود شیرانی کی تنقید زیادہ تر تحقیقی تنقید کے زمرے میں آتی ہے یعنی وہ ہوا میں کوئی بات نہیں کہتے جب بھی وہ کسی تصنیف یا صاحب کتاب پر اعتراض کرتے نظر آتے ہیں تو انکی تنقید میں ہمیں حددرجہ تحقیقی کوششیں دیکھنے کو ملتی ہیں اور چونکہ انہوں نے اپنی عمر کا ایک حصہ قانون کی تعلیم کے حصول میں بھی لگایا تھا اسلئے ان کی تحقیق میں اس چیز کا علم بڑا مفید ثابت ہوا اور وہ اپنے اس علم کی بدولت تحقیق کے معلّم اوّل کہلائے۔

شیرانی کے تنقیدی مقالات میں بڑی رنگا رنگی ہے کہ جن کے مطالعے سے مجموعی طور پر انکے علم وفضل، انکی غیر معمولی محققانہ صلاحیت، انداز تحقیق اور فارسی زبان وادب پر بے پناہ قدرت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے، وہ ہندوستان کے عظیم محقق اور دانشمند تھے۔انکی تحقیقات سے ایک طرف تو سیکڑوں نئے نئے ادبی وتاریخی حقائق منظر عام پر آئے تو دوسری طرف بعض مفروضات کا پردہ اٹھا۔

فارسی تنقید کے میدان میں جن موضوعات کی طرف انکی توجہ مبذول ہوئی ان موضوعات میں فردوسی اور اسکے شاہنامہ کو بڑی اہمیت حاصل ہے اسی طرح تنقید شعر العجم شیرانی کا شاہکار ہے۔فردوسی پر انہوں نے چار مقالے تحریر کئے جن میں شاہنامہ کی پہلی داستان، فردوسی کا مذہب، ہجو محمود اور مثنوی یوسف وزلیخا کی فردوسی کی طرف غلط نسبت'' شامل ہے۔

شیرانی نے دنیائے ادب میں اوہام ومفروضات کے پچاسوں بت زمین بوس کئے ہیں۔مثنوی یوسف وزلیخا کا فردوسی کی طرف غلط انتساب، فردوسی کی ہجو محمود، دیوان فارسی کا شیخ معین الدین چشتی کی طرف غلط انتساب، پرتھی راج راسا منسوب بہ چند بردائی، امیر خسرو کی طرف منسوب خالق باری وغیرہ موضوعات پر انہوں نے جس دقت نظر اور باریک نظری سے نہایت سنجیدہ بحث کی ہے اور جعلی وفرضی انتساب کا جس طرح پردہ چاک کیا ہے، وہ دنیائے تحقیق کے شاہکار ہیں۔

انکے علاوہ بعض متداول کتب پر انہوں نے جس طرح کا منصفانہ محاکمہ کیا ہے اس سے انکے مطالعے کی وسعت اور

دقت نظر کا بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے۔اس حوالے سے انکی تنقید شعر العجم ،ترجمہ خزائن الفتوح اور تنقید آب حیات سرفہرست ہیں۔پھر بعض کتب پر انہوں نے جو بے باک تبصرے کئے ہیں،وہ ضخیم کتابوں پر بھاری ہیں۔''مغلوں سے پہلے کا فارسی ادب'' کہ جسکے مؤلف پروفیسر عبدالغنی ہیں اسی طرح سے''ہندستان کے قدیم فارسی شعراء''جسکو ڈاکٹر اقبال حسین نے لکھا ہے تو مذکورہ ان دونوں کتابوں پر شیرانی نے جس اسلوب میں تبصرہ کیا ہے اس سے فن تبصرہ نگاری کے اصول تیار ہوسکتے ہیں۔ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ تبصرہ نگاری میں کس قدر عمیق علمی بصیرت اور گہرے مطالعے کی ضرورت ہوتی ہے۔

حافظ محمود شیرانی نے فارسی زبان وادب کے موضوعات وامہات مسائل پر بڑی فاضلانہ ومحققانہ بحث کی ہے۔انکا ایک پسندیدہ موضوع فردوسی اور اسکا شاہنامہ ہے جسکی فارسی ادب میں بڑی اہمیت ہے، چنانچہ انہوں نے اس موضوع کے حوالے سے جتنا نادر اور اچھوتا کام انجام دیا ہے اور اس موضوع پر جتنا نیا مواد فراہم کردیا ہے اتنا مواد اہل مشرق ومغرب کے تمام تحقیق کرنے والے مل کر نہیں کر سکے ہیں ہاں یہ بات ضرور ہے کہ فردوسی اور اسکے شاہنامے پر ہزاروں صفحات سیاہ کئے گئے لیکن ان میں مکرّرات ہیں،ان مکرّرات کا نتیجہ ہے کہ اس موضوع پر بہت زیادہ مواد اکٹھا ہوگیا ہے۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ یورپ کے محقّقین فردوسی کے تعلق سے کوئی چونکا دینے والی چیز پیش نہیں کرسکے تھے لیکن شیرانی نے فردوسی اور شاہنامہ پر جو کچھ تحریر کیا اسکا نتیجہ چونکا دینے والا ہے۔رسالہ اردو اورنگ آباد میں جولائی ۱۹۲۱ء میں شاہنامے کی نظم کے اسباب اور زمانے کے عنوان سے ایک معرکۃ الآراء مضمون شائع کیا،اس میں ثابت کیا گیا ہے کہ داستان بیژن ومنیژہ اوّلین داستان ہے جسکو نظم کی شکل دی گئی،اس داستان کے چند عرصے بعد شاہنامے کی ابتداء ہوئی جو کئی برس کے طویل عرصے میں مکمل ہوا۔داستان بیژن ومنیژہ کی اوّلیت کے بارے میں انہوں نے کئی دلائل پیش کئے ہیں جن میں انہوں نے آخری اور بڑی محکم دلیل شہادت کلام سے پیش کی ہے۔یہی شہادت داخلی محمود شیرانی کی جان تحقیق ہے۔انکا بجا خیال ہیکہ خارجی شہادت اضافی حیثیت رکھتی ہے جبکہ اسکے برخلاف داخلی شہادت اکثر شک وشبہ سے پاک صاف ہوتی ہے اور اس میں سقم کی گنجائش بہت کم ہوتی ہے۔انہوں نے اپنا یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ داستان بیژن ومنیژہ کی زبان میں بقیہ شاہنامے کی زبان کے مقابلے میں حد درجہ فرق وتفاوت ہے اور یہ فرق تقدیم وتأخیر پر دالّ ہوتا ہے۔داستان بیژن ومنیژہ میں الف زائدہ کا زیادہ استعمال کیا گیا ہے جو شاہنامے میں آہستہ آہستہ کم ہوتا گیا ہے۔فردوسی نے اپنے ۳۵ سال صرف کرکے شاہنامہ لکھا اس طویل مدت میں فارسی زبان میں بھی کافی تبدیلی ہوئی۔یہی تبدیلی شاہنامہ کی ابتدائی اور آخری کے حصّوں کی نظموں کے باہمی مقابلے سے ظاہر ہوتی ہے۔اسی فرق کی ایک صورت ابتدائی نظموں میں الف زائدہ کا استعمال اور پھر رفتہ رفتہ اسکا عدم استعمال ہے۔حافظ صاحب لکھتے ہیں کہ:

> ''الف اشباع کا استعمال بہ تقلید عربی فردوسی سے ماسبق اساتذہ رودکی ودقیقی کے یہاں کثرت سے ملتا ہے۔دقیقی کے ہزار اشعار میں جو شاہنامے میں محفوظ ہیں کئی موقعوں پر نظر آتا ہے۔یہ الف بغرض تحسین کلام اسم اور فعل دونوں کے آخر میں لایا جاتا تھا۔۔۔۔بلا مبالغہ کہا جاسکتا ہے الف کا

استعمال داستان بیژن میں ۳۷ موقعوں پر ہوا ہے۔ جو بجائے خود ایک قابل حیرت معاملہ ہے کیونکہ باقی شاہنامے میں ایسے الف کی مثالیں پندرہ سے زیادہ نہیں ملیں گی۔ اس سے یہی پایا جاتا ہے کہ داستان بیژن شاہنامے سے بہت پہلے لکھی گئی ہے جب کہ فردوسی اپنا انداز خاص قائم نہیں کر چکا تھا۔''[۱]

دوسری بار پھر اسی تخصیص کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

''فردوسی کی ابتدائی اور بعد کی داستانوں میں یہ نمایاں تفاوت نا قابل تشریح رہتا ہے۔ اس کی معمّا کشائی اسی صورت میں ہوسکتی ہے کہ زمانے کے انقلاب کے ساتھ ساتھ فارسی زبان بھی انقلاب کے تھپیڑوں کا تختۂ مشق بن رہی تھی اور زبان میں تغیُّرات واقع ہو رہے تھے۔ فردوسی ایک باخبر ماہر ہونے کی حیثیت سے ان تغیّرات سے ہمیشہ بروقت وقوف حاصل کرتا رہا۔ باغ سخن کا یہ سب سے بہتر اور ماہر باغبان اپنی جھولی میں وہی پھول چنتا رہا جو سکۂ رواں کی فہرست میں شامل تھے۔ عدالت سخن سے جو لفظ خاطی اور مجرم قرار دیا گیا اس کو زبردستی فردوسی بھی اپنی اقلیم میں پناہ نہیں دے سکتا تھا۔ چنانچہ الف تحسین جس کا داستان بیژن میں فردوسی اس قدر شائق معلوم ہوتا ہے، آخرکار اسی فردوسی کا شاہنامہ اس کا گورستان بنا۔''[۲]

یہ پیچیدہ گفتگو جو حافظ صاحب کی دقت طبع سے عمل میں آئی ہے، ہر ادیب وشاعر کے عہد کی تعیین کرنے میں بے حد مفید ہے۔ یہ نہایت مشکل مسئلہ تھا اور اسکا حل کرنا ہر شخص کی بات نہیں۔ اس صبر طلب کام میں گہرے مطالعے اور بہت ذہانت وفطانت کی ضرورت ہوتی ہے۔

یہ بات دوبارہ پھر ذکر کرنی ضروری ہے کہ داستان بیژن پر ایسی بالتفصیل بحث اور محقّقانہ وعالمانہ گفتگو آج تک نہیں ہوسکی ہے۔ حافظ صاحب کے نظریے کی تائید تو ہوگئی ہے لیکن انہوں نے جس سطح سے بحث وگفتگو کی ہے اس معیار اور سطح تک کسی کا ذہن نہیں پہنچ سکا ہے یہ انکی بالغ نظری کی بہترین دلیل ہے۔

محمود شیرانی کا ایک اور اہم کارنامہ فردوسی کی طرف منسوب ہجو یہ اشعار کی تنقیح وتردید ہے اس حوالے سے انہوں نے جو داد تحقیق دی ہے وہ ہر طرح کی تعریف سے مستغنی ہے اوّلاً تو فردوسی کی طرف منسوب جو ہجو یہ اشعار ہیں ان میں ہر شعر کی اصل سے بحث کی گئی ہے اور یہ تفتیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ اسکا منبع کیا ہے اس بحث وگفتگو کے بارے میں انکا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ ہجو کے اکثر اشعار بناوٹی اور فرضی ہیں۔ اس سلسلے میں شیرانی کا وہ بیان جو نتیجہ کے طور پر درج ہوا ہے اسکو یہاں نقل کیا جاتا ہے:

''(ہجو) کسی فرد واحد کی تصنیف نہیں ہے، بلکہ اس قصر کی تعمیر میں ساری قوم

نے ہاتھ بٹایا ہے اور اس کی تکمیل میں کئی صدیاں گزری ہیں۔۔۔معلوم ہوتا ہے کہ ہجو کی دو ولادت گاہیں ہیں۔شیعی نقطۂ خیال کے ابیات کی کثرت سے یہی مفہوم ہوتا ہے کہ اس عقیدے کے اصحاب نے ہجو کی سرپرستی میں غالب حصّہ لیا ہے۔ہجو کی تعمیر کے لئے سب سے زیادہ ذخیرہ شاہ نامے سے لیا گیا ہے ظاہر ہے کہ ربط کلام کی غرض سے بعض اشعار میں اصلاح یا تبدیلی کی گئی ہوگی۔سلسلہ قائم کرنے کے لئے نئے اشعار کی بھی ضرورت محسوس ہوئی ہوگی اس طرح سے یہ ہجو تیار ہوئی ہے جو آج بغیر کسی شبہ کے فردوسی کی تصنیف مانی جاتی ہے۔آخر میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ دیباچہ نگار بایسنغر خانی نے ہجو کی تنظیم وتشکیل میں بڑا حصّہ لیا ہے۔''[۳۲]

حافظ صاحب نے ہجویہ اشعار پر جو بالتفصیل بحث وتمحیص کی ہے وہ کتاب کے کم وبیش ۱۰۰ صفحات کو محیط ہے اس میں جو اصول پیش نظر رکھے گئے ہیں اسکی بناء پر اس مقالے کو ادبی تحقیق کا شاہکار سمجھنا چاہئے۔

شاہنامہ کے حوالے سے حافظ صاحب کا سب سے معرکۃ الآراء کارنامہ مثنوی یوسف وزلیخا کا فردوسی کی طرف انتساب کا بطلان ہے، پروفیسر شیرانی نے یہ مضمون رسالۂ اردو، اپریل ۱۹۲۲ء میں شائع کیا۔مثنوی یوسف وزلیخا کا انتساب فردوسی کی طرف ایک ایسی مسلّمہ حقیقت بن چکی تھی جو ہر طرح کے سقم اور شبہ سے پاک خیال کی جاتی تھی،فضلائے مغرب کی تحقیق نے اس پر ایسی مہر لگادی تھی کہ اس سلسلے میں کسی کو شک کرنے کا موقع نہ تھا۔یورپ کے محقّقین میں ایتھے،نولدیکے ،پروفیسر براؤن وغیرہ نے واضح طور پر مثنوی یوسف وزلیخا کو فردوسی کی تصنیف قرار دیا ہے۔بعد کے تذکرہ نویسوں نے بھی اس کی نسبت فردوسی کی طرف کی ہے۔جدید دور کے مشرق کے فضلاء کی بھی یہی رائے تھی،ایسی پکّی اور مسلّمہ بات کے خلاف قلم اٹھانا ایسا جری قدم ہے کہ اسکی مثالیں فارسی ادب کی تاریخ میں نایاب ہیں۔دور جدید کے اکثر نقاد اس مثنوی کو فردوسی کی تصنیف نہیں قرار دیتے لیکن یہ آواز سب سے پہلے ہندوستان میں پروفیسر شیرانی نے بلند کی اور اپنے دعوے کے ثبوت کے طور پر ایسے پائیدار و محکم دلائل سامنے رکھے کہ آج تک ان پر کسی قسم کا اضافہ نہیں ہوسکا ہے۔

پروفیسر شیرانی کا ایک دل پسند موضوع لسانیات بھی ہے اپنے مقالے کے اس حصّے میں انہوں نے فن عروض کے ارتقاء پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔اس میں شیرانی نے ان جملہ اشکال کا ذکر کیا ہے جسکے سبب فارسی عروض عربی عروض سے الگ ہوئی اور یہ فرق وتفاوت بسا اوقات اتنا زیادہ ہوجاتا ہے کہ اصل سے کاملاً مختلف صورتوں میں نمایاں ہوتا ہے۔عربی بحور میں اہل ایران نے جو تغیّر وتبدل کیا انکے بیان کے ساتھ بعض نوایجاد بحروں کا بھی ذکر ہے اور ان اسباب وعلل کا بھی تذکرہ کیا ہے کہ جنکی وجہ سے ایرانیوں نے عربی عروض میں تغیر پیدا کیا۔

حافظ صاحب کے کارناموں میں سے ایک کارنامہ ہندوستان میں فارسی ادب کی تحقیق کے تعلق سے ہے لیکن اس سے یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ انکا اصل میدان یہی ہے۔درحقیقت ان کا دائرۂ عمل فارسی ادب کے جملہ ادوار کو شامل ہے ہاں اتنا ضرور

ہے کہ انہوں نے فارسی کے کلاسیکل ادب پر زیادہ توجہ اور محنت کی تھی جیسے شاہنامۂ فردوسی،تنقید شعر العجم،ان میں انکا ایک کارنامہ دیوان معین الدین چشتیؒ کے صحیح مصنف کا تعین ہے یہ دیوان حسن سجزی کے نام سے مشہور رہا ہے اور چھپا بھی ان ہی کے نام سے ہے لیکن پروفیسر صاحب نے اپنی گہری بصیرت و بصارت اور دقت نظری سے اس انتساب کا بطلان کیا اپنے دعوے پر ایسے ٹھوس اور مضبوط دلائل لا کر رکھ دیئے کہ انکے دعویٰ کی تصدیق وتوثیق کرنے کے علاوہ کوئی چارۂ کار نہیں اوراب انکا نتیجہ ایسی تسلیم شدہ حقیقت بن چکا ہے کہ اسکے سلسلے میں ذرا سے بھی شک کی گنجائش نہیں رہتی۔ایک کارنامہ بحرالفضائل کے حوالے سے ہے اسکا مصنف محمد بن قوام رستم بن احمد بن محمود المعروف بہ کرئی ہے اس نے اپنی اس فرہنگ میں اردو کے سینکڑوں الفاظ مترادفات کے طور پر درج کئے ہیں۔اسکے علاوہ ایک الگ باب ان ہندی الفاظ کا ہے کہ جنکا استعمال نظم میں کیا گیا ہے۔حافظ صاحب نے اپنے مضمون ''فارسی زبان کی ایک قدیم فرہنگ بحرالفضائل'' میں ایسے جملہ الفاظ کی ایک جامع فہرست شامل کردی ہے شیرانی نے مختلف دلیلوں سے یہ ثابت کیا ہے کہ کہ دراصل شارح کا نام محمد بن قوام بن رستم کرئی ہے۔ظہور الحسن بھٹوری نے جعل کیا ہے حافظ صاحب کی دلیلوں سے اب اس میں کوئی شک باقی نہ رہا کہ مؤلف بحرالفضائل محمد بن قوام آٹھویں نوی صدی کی شخصیت ہے وہ وہی ہے جس نے شرح مخزن اسرار بھی لکھی تھی۔

محمود شیرانی نے دو کتابوں پر بالتفصیل تبصرہ کیا ہے ان میں سے ایک کتاب ''ہندوستان میں مغلوں سے قبل فارسی ادب'' ہے کہ جسکے مؤلف شمس العلماء عبدالغنی ہیں اور دوسری کتاب کہ جس پر شیرانی نے تفصیلی تبصرہ کیا ہے وہ ''قدیم فارسی شعراء'' ہے کہ جسکو ڈاکٹر اقبال حسین نے لکھا ہے ان دونوں کتابوں پر حافظ صاحب کے تبصرے ایک ضخیم کتاب پر بھاری ہیں۔انکے یہ تبصرے بیش بہا معلومات کے خزانے ہیں ان میں اتنا زیادہ مواد قلمی اور مطبوعہ منابع سے میسر کرادیا گیا ہے کہ مغلوں سے قبل کے فارسی ادب کی بہترین اور شاندار تاریخ مدوّن کی جاسکتی ہے۔ان تبصروں کے مطالعے سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ تبصرہ نگاری کے کیا اصول وضوابط ہیں۔حقیقی تبصرہ نگاری عمیق مطالعے اور دقیق فنی بصیرت چاہتی ہے۔

پروفیسر شیرانی کے کارہائے نمایاں میں سے ایک عظیم کام شعر العجم کی تنقید ہے۔''تنقید شعر العجم ''محمود شیرانی کی ایک شہرۂ آفاق کتاب ہے جس میں شبلی کی تاریخ ادب فارسی کے ضمن میں عجم کی لکھی جانے والی مشہور ومعروف تاریخ ''شعر العجم ''پر تنقید کی گئی ہے۔شیرانی کی اس کتاب میں ''شعر العجم ''کے مختلف حصّے موضوع تنقید بنے ہیں۔اس میں عبّاسی مروزی سے کمال اسمٰعیل کے حصّے تک تنقید کی گئی ہے اور ''شعر العجم ''کے تاریخی بیانات پر تحقیق کی روشنی میں نقد وتبصرہ کیا گیا ہے۔انہوں نے اپنی اس تنقید کو اپنے شفیق محترم مولوی محمد شفیع ایم۔اے،سابق پرنسپل اورینٹل کالج و پروفیسر عربی پنجاب یونیورسٹی لاہور،کو معنون کیا ہے۔

محمود شیرانی نے اپنی کتاب ''تنقید شعر العجم ''کے پیش کلام میں کچھ اہم امور کی طرف اشارہ کیا ہے جس کا یہاں ذکر کرنا از حد ضروری ہے۔اوّلاً تو انہوں نے اپنی اس کتاب کے سبب تالیف کا ذکر کیا ہے اس ضمن میں وہ لکھتے ہیں:

> ''میں نہایت وثوق سے عرض کرتا ہوں کہ تنقید ہٰذا مولانا شبلی مرحوم کی فضیلت
> علمی کی منقصت نہیں ہے بلکہ محض احتجاج ہے،اس مروّجہ روش کے خلاف جس

میں ہمارے مصنفین تحقیق کی جگہ تقلید اور عقل کی جگہ نقل سے کام لیتے

ہیں۔''۴

محمود شیرانی نے اس چیز پر زور دیا ہے اور توجہ دلائی ہے کہ تمام تر تاریخی واقعات اور سوانح وحالات جب لکھے جائیں تو اوّلاً انکو نقد ونظر کی کسوٹی پر پرکھ لیا جائے اور انکے صحیح وغلط ہونے کے متعلق مطمئن ہولیا جائے اسی ضمن میں وہ کہتے ہیں: ''میں ان بزرگوں کے ساتھ بھی اتفاق نہیں کرتا جو شعرالعجم کو حسن وعشق کا صحیفہ کہہ کر اس کے تاریخی پہلو کی اہمیت کو گھٹانا اور تنقید کی ضرورت کو اس سے مٹانا چاہتے ہیں۔''۵

محمود شیرانی کیلئے تنقید ایک علمی مصروفیت کا سامان تھی اور وہ اس سے پوری دلچسپی لیتے رہے اور بقول انکے جب انہیں یہ پتہ چلا کہ پنجاب یونیورسٹی نے اسے ایم۔اے کے نصاب سے الگ کر دیا ہے تو انہیں بڑا افسوس ہوا اور انہوں نے تنقید کا سلسلہ ختم کر دیا۔

اپنی کتاب کے پیش کلام میں ''شعرالعجم'' کی تنقید کے تعلق سے انہوں نے کچھ اہم چیزوں کی طرف اشارہ کیا ہے جس میں انکی پہلی بات یہ ہے کہ انہوں نے اپنی تنقید میں شعرالعجم کے تخریبی پہلو پر نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ وقتاً فوقتاً تعمیری کام بھی کیا ہے۔اپنی اس تنقید کے متعلق انکا یہ کہنا ہے کہ اس تنقید کا ہدف ناظرین وقارئین کیلئے ہر قسم کی معلومات فراہم کرنا مقصود نہیں بلکہ شعرالعجم کے نظری مواقع پر از روئے تحقیقات روشنی ڈالنا مقصود ہے۔

پیش کلام کے بعد محمود شیرانی اپنی کتاب کی اصل ابتداء کرتے ہوئے پہلے تو صاحب شعرالعجم کی تعریف وتوصیف بیان کرتے ہیں جس میں وہ صاحب کتاب کو ان متند افاضل میں سے شمار کرتے ہیں کہ جسکا وجود عجم کیلئے ہمیشہ مایہ ناز رہے گا شبلی کے متعلق وہ یہ اعتراف کرتے ہیں کہ انہوں نے تاریخ نویسی کی بناء اس دور میں ڈالی جب تاریخ کے فن کا شوق وذوق ختم ہو چکا تھا جمود کے ایسے وقت میں انکے طاقتور قلم نے اس فن کو پھر سے نئی زندگی بخشنے میں قابل قدر خدمت کی جو صدیوں تک یادگار رہے گی۔اردو زبان کی بے بضاعتی کا احساس کرتے ہوئے علاّمہ نے اردو زبان میں فارسی نظم کی تاریخ مرتّب کی اور اسکا نام شعرالعجم رکھا۔فارسی نظم کی تاریخ کے موضوع پر ابھی تک اردو وفارسی میں جتنی بھی تصنیفات منظر عام پر آئی ہیں ان میں شبلی کی شعرالعجم ایک بہترین تالیف شمار کی جاسکتی ہے۔

آگے چل کر محمود شیرانی یہ واضح کرتے ہیں کہ میری تحریریں اسی کتاب کے تعلق سے ہیں اور صرف ان بیانات کو موضوع بحث بنایا جائے گا کہ جنکے متعلق مجھے صاحب شعرالعجم سے بعض تاریخی یا تنقیدی وجوہ پر اختلاف ہے۔وہ کہتے ہیں کہ علاّمہ شبلی کی شعرالعجم جو دراصل نظم کی تاریخ ہے اسکے مطالعہ کرنے کے بعد میں نے اپنی یہ رائے قائم کی ہے اور یہ مجموعی نتیجہ نکالا ہے کہ:

''علامہ شبلی اس تصنیف کے دوران میں مورخانہ ومحققانہ فرائض کی نگہداشت

سے ایک بڑی حد تک غافل رہے ہیں، رطب ویابس جو کچھ ان کے مطالعے

میں آجاتا ہے بشرطیکہ دلچسپ ہو، حوالۂ قلم کر دیتے ہیں۔''۶

''ممکن ہے کہ شبلی تاریخ اسلام میں بہتر نظر رکھتے ہوں لیکن شعرائے عجم کے حالات میں ان کے طاقت ور قلم نے بہت

لغزشیں کی ہیں اس خاص دائرے میں ان کی معلومات تاریخی نہایت محدود ہے۔'' ۷

''بہت سے غیر تاریخی افسانوں نے شعرالعجم میں قابل عزت جگہ پائی ہے۔عام اغلاط جنھیں تذکرہ نگاروں نے اپنی اپنی تصنیف میں دہرا کر ہماری ادبیات میں عام طور پر زباں زد کردیا ہے،شعرالعجم کے صفحات پر بھی موجود ہیں۔'' ۸

اکثر اوقات ایک مؤرّخ یا محقّق کو اپنے اجتہاد کے استعمال کی بھی ضرورت ہوتی ہے لیکن مولانا نے ضروری مواقع پر بھی اس کے استعمال سے احتراز کیا ہے۔۹

محمود شیرانی کے تحقیقی اور تنقیدی مضامین کی اشاعت مخزن نامی رسالہ میں لاہور سے ۱۹۲۰ء میں اور اردو نامی رسالہ میں ۱۹۲۱ء سے ہونی شروع ہوئی۔ پہلے پہل تو دقیقی، قابوس نامہ، فردوسی اور شاہنامہ پر انکے قلم سے تحریریں نکلیں پھر انہوں نے شعرالعجم پر اپنا کام شروع کیا اور اس پر تنقید کی انکا انداز تنقید فنی تھا جو کہ ہندوستان کیلئے بالکل نیا تھا۔انکے ان تمام مضامین نے ملک بھر میں دھوم مچا کے رکھ دی انکے تعلق سے چند افاضل اور دانشوروں کی رائے پیش کرنا یہاں بے محل نہ ہوگا۔نواب عماد الملک تنقید شعرالعجم کے متعلق لکھتے ہیں:۔

> ''میں سمجھتا تھا کہ میں کسی قدر فارسی جانتا ہوں مگر شعرالعجم کی تنقید پڑھ کر مجھے معلوم ہوا کہ میں فارسی مطلق نہیں جانتا۔کس قدر عالمانہ و عارفانہ تنقید ہے۔'' ۱۰

مولوی عبدالحق محمود شیرانی کے نام اپنے ایک خط میں یہ سطور تحریر کرتے ہیں:

> ''حقیقت یہ ہے کہ آپ کی کاوش وجستجو اور تنقید ہر طرح قابل تحسین اور لائق قدر ہے۔یہ مضامین اردو زبان میں بالکل نئے ہیں اور جو ڈھنگ تنقید کا آپ نے اختیار فرمایا ہے اس سے ہمارے ہاں کے انشاء پرداز اور ادیب بالکل ناواقف ہیں۔'' ۱۱

تنقید شعرالعجم دو حصّوں میں ہے پہلے حصے میں شہید بلخی، رودکی، دقیقی، ابوشکور بلخی، عمارہ مروزی پھر غزنوی دور میں فرخی، فردوسی، منوچہری، اسدی طوسی، حکیم سنائی، اوحد الدین انوری، انوری کے حالات، سلطان سنجر، مجدالدین ابوالحسن عمرانی، عماد الدین پیروز شاہ احمد، انوری کی شاعری، انوری اور ظہیر اور ان دونوں کی بدیہہ گوئی اور بذلہ سنجی، نظامی گنجوی، نظامی کے حالات اور پھر فردوسی اور نظامی کا آپس میں موازنہ کرکے ان کے کلام کی خصوصیات کا ذکر ہوا ہے۔

تنقید شعرالعجم (حصّہ دوّم) میں شیخ فریدالدین عطّار اور انکے حالات، انکے کلام پر تبصرہ، واردات عشق، وحدت وجود، قصائد، رباعیات، مثنویاں، تصنیفات شیخ فرید الدین عطّار، آغاز عشق، اسرار الشھود، اسرار نامہ، کنزالحقائق، مفتاح الفتوح، وصلت نامہ، منصور نامہ یا حلاج نامہ، بے سرنامہ، خیاط نامہ، کنزالاسرار، وصیت نامہ، مظہر العجائب، چار مذہب، جوہر الذات وھیلاج نامہ، کمال اسماعیل تک ذکر ہوا ہے۔

تنقید شعرالعجم میں کافی تنوع ہے۔اسکی تحریروں سے مجموعی طور پر حافظ محمود شیرانی کے علم وفضل، انکی غیر معمولی تحقیقی

صلاحیت، اسلوب تحقیق اور فارسی زبان و ادب پر بے پناہ قدرت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ شیرانی سرزمین ہند کے ایک مایۂ ناز محقق اور دانشور تھے، انکی تحقیقات سے سیکڑوں نئے نئے ادبی و تاریخی حقائق سامنے آئے اور نئے نئے انکشافات منظر عام پر ظہور پذیر ہوئے، انکا میدان عمل اردو و فارسی زبان و ادب و تاریخ ہے۔ فارسی ادبی موضوعات جنکی طرف انہوں نے توجہ کی ان میں فردوسی اور اسکے شاہنامہ کو بڑی اہمیت حاصل ہے اسی طرح سے تنقید شعر العجم، فردوسی پر چار مقالے: شاہنامہ کی پہلی داستان، فردوسی کا مذہب، ہجو محمود اور مثنوی یوسف زلیخا کی فردوسی کی طرف غلط نسبت تو اس طرح کے موضوعات پر شیرانی نے جس تحقیقی انداز میں بحث کی ہے اس سے اصول تحقیق وضع کئے جا سکتے ہیں۔ جدید تحقیق میں داخلی شہادت کو بڑی اہمیت حاصل ہے یہ داخلی شہادت محمود شیرانی کی تحاریر ہی میں سب سے پہلے نظر آتی ہے۔ فارسی زبان کے آغاز و ارتقاء پر جس طرح کی وہ نظر رکھتے تھے اس طرح کی نظر کسی اور محقق میں سوائے علامہ قزوینی کے نہیں ملتی۔

تنقید شعر العجم، حافظ محمود شیرانی کا ہمیشہ زندہ رہنے والا کارنامہ ہے، اپنی اس تصنیف میں انہوں نے پچاسوں موضوعات پر مختتم بحث کی ہے۔ ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ فارسی زبان و ادب پر انکی بصیرت و بصارت اور گہری نظر کس حد تک تھی۔

پروفیسر سید امیر حسن عابدی اپنے مضمون ''تنقید شعر العجم'' میں شبلی کے تعلق سے رقمطراز ہیں:

> علامہ شبلی نعمانی کو یہ اوّلیت حاصل ہے کہ سب سے پہلے انہوں نے فارسی شاعری کو انتقادی نظر سے دیکھا، نیز اس کو صرف ہندوستانیوں کے لئے نہیں بلکہ ایرانیوں، افغانیوں، تاجیکیوں اور دوسرے فارسی کے عاشقوں کے لئے پوری طرح روشناس کرایا۔[١٢]

علاّمہ شبلی کا مطالعہ نہایت وسیع اور متنوع تھا، ان کو ہم محقق نہیں کہہ سکتے، بلکہ وہ تو ادبی اسٹیج پر اپنے ہیرو کو پورے جلال و جمال سے ہم لوگوں کے سامنے پیش کرتے ہیں۔[١٣]

فارسی زبان و ادب پر بے شمار کتابیں لکھی گئی ہیں اور لکھی جائیں گی، مگر شعر العجم کی، جو بنی ہوئی ہے، وہ بنی رہے گی، نیز علامہ کی تنقید اور فارسی ادب کے شغف کو کبھی بھی بھلایا نہیں جا سکتا۔[١٤]

۔۔۔ ایران اور ہندوستان میں تحقیق کی روایت علاّمہ کے بعد عالم وجود میں آئی ہے۔ ایران میں علاّمہ قزوینی اور ہندوستان میں حافظ محمود شیرانی صاحب نے اس کی داغ بیل رکھی ہے۔[١٥]

پروفیسر سید امیر حسن عابدی تنقید شعر العجم اور شعر العجم کا موازنہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> میں نے ''تنقید شعر العجم'' کا ایک حد تک مطالعہ کیا ہے، جس سے اندازہ ہوا کہ در اصل علاّمہ اور حافظ صاحب دونوں الگ الگ میدانوں کے شہسوار ہیں۔ علاّمہ تنقید کے بادشاہ اور ہیرو پرست ہیں جب کسی کو وہ ہیرو بنا لیتے ہیں، تو اس کے لئے بڑی شان و شوکت کا ماحول پیدا کرتے ہیں۔۔۔ ہم ان کے یہاں یہ نہیں دیکھتے کہ انہوں نے کیا لکھا ہے، بلکہ یہ دیکھتے ہیں کہ کیسے

لکھا ہے، وہ ایک زبردست انشاء پرداز تھے ۔۔۔ برخلاف اس کے، حافظ صاحب تحقیق کے مرد میدان ہیں، مگران کا دائرہ محدود ہے ۔[۱۶]

ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی اپنے مضمون ''محمود شیرانی کا اسلوب نگارش'' میں شعرالعجم کے بارے میں لکھتے ہیں:

مولانا شبلی کے اسلوب میں چستی گھلاوٹ اور بے ساختہ پن ہے ۔ ان کے ہاں سرسید کی درشتی مفقود ہے اور رنگین بیانی آزاد سے کم ۔ ان کی طبیعت بھی آزاد کے مقابلے میں تحقیق سے زیادہ مناسبت رکھتی تھی لیکن ان کے مزاج میں رومانوی عنصر غالب تھا ۔ اسی لئے ڈاکٹر سید عبداللہ کو یہ لکھنا پڑا کہ شبلی کا ''اسلوب بیان ہی حقیقت نگار مؤرخ کا اسلوب نہیں کیونکہ جو شخص اپنے بیانات کی بنیاد ہی مبالغے پر رکھتا ہو اس کی عبارتوں میں تاریخی سچائی ایک ستم رسیدہ قیدی کی طرح سر پیٹتی دکھائی دیتی ہے ۔[۱۷]

محمود شیرانی کے تعلق سے جو تحریریں اور مقالات لکھے گئے ہیں ان میں انکے انداز تحریر کے بارے میں چند اشارے ملتے ہیں ۔ شیرانی کے اسلوب کے بارے میں ڈاکٹر مولوی محمد شفیع لکھتے ہیں:

''شیرانی صاحب کا اسلوب تحریر سادہ اور آرائش سے خالی مگر نہایت پختہ ہے ۔ ان کا استدلال قوی اور مسکت ہے ۔ وہ مسئلہ زیر بحث کو مختلف زاویوں سے دیکھ کر قاری کے دخل ہائے مقدر کو ہر طرح سے رفع کرنے کی سعی کرتے ہیں اور مضمون کا ہر طرف سے احاطہ کرنا چاہتے ہیں تاکہ اعتراض کے لئے کوئی گنجائش باقی نہ رہے ۔ ان کا بیان متین ہوتا ہے لیکن اگر ہنسانا ممکن ہوتا ہے تو وہ اس سے بھی نہیں چوکتے ۔''[۱۸]

مندرجہ بالا سطور میں ڈاکٹر محمد شفیع نے حافظ محمود شیرانی کے انداز نگارش کا تعارف کراتے ہوئے لسانی، فکری اور نفسیاتی تینوں زاویوں پر نظر رکھی ہے ۔

محمود شیرانی کی تحریروں میں شگفتگی کے عنصر کا ذکر کرتے ہوئے پروفیسر عابد علی عابد لکھتے ہیں:

''شیرانی بڑی شگفتہ نثر لکھتے تھے بشرطیکہ مضمون ہی ایسا نہ ہو کہ شگفتگی کی تاب نہ لائے ۔ فردوسی پر چار مقالے، اور 'تنقید شعرالعجم' میں ان کے انداز نگارش کی شگفتگی کی اتنی ہی مثالیں ہیں جتنے ان کتابوں کے صفحات ۔''[۱۹]

شیرانی نے فارسی کے ان امہات مسائل و موضوعات پر جس محققانہ انداز میں نہایت سنجیدہ اور سلجھی ہوئی گفتگو کی ہے، اس سے اصول تحقیق ترتیب دیئے جاسکتے ہیں، شہادت داخلی کہ جسکی جدید تحقیق میں بڑی وقعت واہمیت ہے، شیرانی کی تحاریر ہی میں سب سے پہلے دیکھنے کو ملتی ہے، فارسی زبان کے ارتقاء پر جس طرح کی انکی نظر تھی ویسی نظر مشرق و مغرب میں کسی اور

محقق میں سوائے علاّمہ محمد بن عبدالوہاب قزوینی کے دیکھنے کونہیں ملتی اور یہ بات بلا تأمل کہی جاسکتی ہے کہ ان موضوعات پر شیرانی پر اب تک اضافہ نہیں ہوسکا ہے اور یہ بات کسی سے مخفی نہیں رہی ہے کہ جب یورپ کے محققین مثنوی یوسف وزلیخا کو فردوسی کے نام کے ساتھ چھاپ رہے تھے تو ہندوستان کے اس نامورسپوت کے ہاتھوں اس غلط انتساب کا پردہ اٹھادیا جاچکا تھا۔تنقید شعرالعجم شیرانی کا ہمیشہ زندہ رہنے والا کارنامہ ہے،اپنی اس تصنیف میں انہوں نے پچاسوں موضوعات کوزیر بحث لاکرنہایت سنجیدہ اور سلجھی ہوئی گفتگو کی ہے،ان سے یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ فارسی زبان وادب پران کی نگاہ کس قدر گہری تھی ،انکے بعض نتیجوں سے اختلاف کیا جاسکتا ہے لیکن اس کتاب کا طرز استدلال دوست ودشمن دونوں سے خراج تحسین وصول کئے بغیر نہیں رہتا۔

محمود شیرانی نے اردووفارسی زبان وادب کے سینکڑوں موضوعات پر طبع آزمائی کی ہے اور ہر موضوع پر جتنا نیا اورا چھوتا مواد میسر کرادیا ہے اس سے دنیائے ادب کی تاریخ مالا مال ہوگئی ہے۔انکی حیثیت ایک تاریخ ساز محقق ونقاد کی ہے۔ان کے کام کا دائرہ بھی کافی وسیع ہے۔زبان وادب اور لسانیات کے ساتھ ساتھ انہوں نے تاریخ ہند اور ہندی تہذیب کو نئے زاویۂ نگاہ سے پرکھا ہے۔یہ بات بغیر کسی تردّد کے کہی جاسکتی ہے کہ ایرانیات میں مشرقی سرزمین پر اس پائے کا کوئی اور محقق دیکھنے کو نہیں ملتا کہ جس نے اتنی اہمیت کے حامل موضوعات پر ایسی اعلیٰ وشاندار گفتگو کی ہو۔ایران کے مشہور ومعروف محقق مرزا محمد قزوینی اپنی متنوع صلاحیت کی بدولت دنیائے تحقیق میں اپنا ایک نام رکھتے ہیں لیکن فارسی زبان وادب کے حوالے سے انکا کارنامہ محمود شیرانی کے برابر نہیں،خصوصیت سے فارسی ادب کے بڑے مسائل پر شیرانی کے مقابلے میں قزوینی کی کوئی یادگار نہیں پائی جاتی۔

حواشی:

۱ حافظ محمود شیرانی تحقیقی مطالعے۔تالیف پروفیسر نذیر احمد،ص:۴۹،۵۰۔پبلشر:غالب انسٹی ٹیوٹ ،نئی دہلی ۱۹۹۱ء

۲ أیضاً۔ص:۵۰

۳ أیضاً۔ص۵۲،۵۳

۴ تنقید شعرالعجم۔تالیف پروفیسر حافظ محمود شیرانی صاحب،ص:الف (پیش کلام) شائع کردہ:انجمن ترقی اردو(ہند)۔دہلی۔پہلا ایڈیشن ۱۹۴۲ء

۵ أیضاً۔ص۔ب (پیش کلام)

٦۔۷ أیضاً۔ص:۲

۸۔۹ أیضاً۔ص:۳

۱۰ جرنل جلد ا۔شمارہ نمبر ا۔ص:۴۴۔عربک پرشین ریسرچ انسٹی ٹیوٹ۔مجلۂ خصوصی بیادگار پروفیسر محمود شیرانی۔ مرتب:صاحبزادہ شوکت علیخاں۔ ڈائرکیٹر:عربک اینڈ پرشین ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، راجستھان،ٹونک

۱۱۔ أیضاً۔ص:۴۵

۱۲۔ حافظ محمود شیرانی (تحقیقی مطالعے) ص:۲۵۱۔ مرتبہ: پروفیسر نذیر احمد۔ غالب انسٹی ٹیوٹ نئی دھلی، ۱۹۹۱ء

۱۳۔ ۱۴۔ ۱۵۔ ۱۶۔ أیضاً۔ص:۲۵۱، ۲۵۲، ۲۵۳

۱۷۔ ۱۸۔ ۱۹۔ أیضاً۔ص:۲۳۳۔۲۳۵

☆☆☆

**ڈاکٹر شبیب انور علوی**
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی
لکھنؤ یونیورسٹی، لکھنؤ

# کلیلہ و دمنہ کا ایک قدیم ترین فارسی ترجمہ

(ساتویں صدی ہجری کا نادر مخطوط)

(مختصر تعارف)

عربی و فارسی ادبیات کے قارئین خصوصاً اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ امثال وحکم کا آغاز مشرق کی دنیا میں ہوا کیونکہ یہ جابر حکمرانوں اور مطلق العنان فرماں رواؤں کا مرکز تھی۔ یہاں کے مظلوم ومحکوم عوام کے واسطے اپنے خاموش احتجاج اور دلوں میں پوشیدہ محکومی کے احساسات وجذبات کو ظالم وجابر حکمرانوں کے روبرو پیش کرنے اور صدائے احتجاج کو اشاروں وکنایوں کے ذریعے نیز پندونصائح اور موعظت وعبرت کے امور کو لطیف پیرایہ بیان میں پیش کرنے کا شاید یہی سب سے کامیاب طریقہ تھا۔ امثال ومواعظ کی اس صنف کا وجود ہمیں سب سے پہلے اپنے وطن عزیز ہندوستان میں ملتا ہے۔ پھر یہاں سے تاجروں وسیاحوں کے ذریعہ چین وہاں سے فارس (ایران) اور ایران سے جزیرۃ العرب اور یونان میں اس کا ورود ہوا۔

ان قدیم ترین امثال کے خالقین اور مروّجین میں حکیم لقمان ایزوب رومی، بیدبا (ویدبا) ہندی ہیں۔ پنچ تنتر، جو ایک نامعلوم کشمیری برہمن کی تقریباً تین صدی قبل مسیح علیہ السلام ایک نادر الوجود اور نایاب تصنیف ہے اس میں ایک مقدمہ اور پانچ ابواب تھے۔ اس نے اسی بنا پر اس کا نام پنچ تنتر رکھا۔ ایک فرانسیسی فاضل Hertal (ہرٹل) نے اس کو سنسکرت سے اپنی زبان میں منتقل کیا اس پر مفید وقیمتی حواشی لبیسک (Lebisk) اور برلن (Berlin) سے 1909 میں دو حصوں میں شائع کیا۔

یہ کتاب جیسا کہ معزز قارئین جانتے ہیں کہ پندونصائح کے ذریعہ اخلاق وکردار کے نکھارنے اور حکمت ودانائی کے ذریعہ عقلوں کی تربیت وتزکیہ نفوس کیلئے بہترین ہے۔ اسے دبشلیم نامی بادشاہ کیلئے جانوروں وپرندوں کی زبانوں سے سنسکرت میں لکھا گیا تھا۔ اس کی خصوصیت اور مقبولیت کی بنا پر اسے فارسی میں ترجمہ کیا گیا۔ (یہ بات بھی تحقیق طلب ہے کہ اس کا قدیم ترین فارسی ترجمہ کب اور کس نے کیا؟ اور اس کا اصل فارسی متن کہاں ہے؟) فارسی زبان سے اس کو مشہور عربی وفارسی، جید عالم ادیب انشاء پرداز اور قادر الکلام مترجم ابن المقفع (142ھ 759ء) فصیح وبلیغ عربی زبان میں ترجمہ کیا۔ اس کے شروع میں ایک مقدمہ لکھا جس میں کتاب کا تعارف اور اس کے مطالعہ کے شوق کو مندرج کیا۔

افسوس کہ اس کتاب کی اصل اور تراجم سب ہی گردش زمانہ کا شکار ہوگئے ابن المقفع کے اس ترجمہ نے ایسی مقبولیت

وشہرت پائی کہ پھراس کومتعدد زبانوں کا پیرہن عطا کیا گیا۔ بعد میں فارسی وعربی میں ابواب کے اضافے بھی ہوتے رہے۔ کہیں بارہ کہیں پندرہ اور کہیں اکیس ابواب پر یہ کتاب منقسم ہوئی۔

ساسانی بادشاہ نوشیران عادل (579ء) کے حکم پر اس کے ذہین ولایق طبیب برزویہ نے بھی فارسی میں اس کا ترجمہ کیا اور ساتھ ہی ہندوستانی کہانیوں کے مزید کچھ ابواب کا اضافہ کیا۔ کلیلہ ودمنہ کے عربی منظوم تراجم بھی ہوئے۔

کلیلہ ودمنہ کے تعارف میں ڈاکٹر زہرای خانلری لکھتی ہیں:

"کتابی هندی که درزمان انوشیروان ساسانی به وسیلۀ بروزیۀ طبیب از هندوستان به ایران آورده شده اززبان سانسکریت به پهلوی نقل گردید وسپس از پهلوی به وسیلۀ عبدالله بن المقفع به عربی درآمده است۔ رودکیؔ که کلیله ودمنه رابه فارسی منظوم ساخت که ازآن جزابیات پراگنده چیزی دردست نیست ۔ پس از آن دراوایل قرن ششم ابوالمعالی نصرالله بن محمدعبدالحمید منشی ترجمه ای از عربی به عبارت منشیانۀ فارسی ترتیب داد وآن رابه نام ابوالمظفر بهرام شاه بن مسعود بن ابراهیم ساخت ۔این ترجمه معروف ترین ترجمۀ کلیله ودمنه است داز آثار نثرمصنوع زبان فارسی است که نویسنده در آن به آوردن مترافات واشتهادبه اشعار وآیات وامثال عربی وفارسی مقید بوده است۔ کتاب کلیله ودمنه بری مترسلان نمونه ای ازفصاحت وبلاغت شمرده شده وقوت ترکیب وحسنِ اسلوب آن مورد توجه قرار گرفته ،چنانکه پس از آن چندین کتاب به تقلید آن تالیف یافته است مانند انوار سهیلی حسین واعظ کا شفی وعیار دانش"(۱)

ہندوستان میں اکبر کے دور (1605ء-1556ء) میں قاضی مبارک ناگوری لائق وفائق بیٹے اوراس کے مقربین خاص میں سے ایک ابوالفضل علّامی (1602ء-1551ء) نے عیار دانش کے نام سے اس کا فارسی میں ترجمہ کیا جس کو اہل علم ودانش کے درمیان بہت مقبولیت وپذیرائی حاصل ہوئی۔ ہندو پاک کے متعدد کتب خانوں میں اس کے بے شمار خطی نسخے بھی موجود ہیں۔ میرے علم میں مولانا آزاد لائبریری مسلم یونیورسٹی میں محفوظ ذخائر میں بھی اس کے کئی نسخے موجود ہیں۔

کلیلہ ودمنہ کے بکثرت خطی نسخے دنیا کے مختلف غیرشخصی اور شخصی کتاب خانوں کی زینت ہیں۔ ایران کے مشہور فاضل محقق مجتبیٰ مینوی نے کلیلہ ودمنہ انشای ابوالمعالی نصراللہ منشی کی تصحیح وتوضیح میں اپنے نہایت گراں قدر اور عالمانہ ومحققانہ مقدمہ میں اس کے جن اہم اور دستیاب شدہ خطی اور مطبوعہ نسخوں کی تفصیل پیش کی ہے۔

۱- : نسخه محفوظ در کتبخانۀ جار الله افندی در استانبول بشماره ۷۲۷۱ مؤرخ ۵۵۱ھ

۲- : نسخه محفوظ در کتبخانۀ وزارت معارف ترکیه در انقره بشماره ۱۱۱ مورخ ۵۹٤ھ

۳- : نسخة محفوظ در کتبخانۂ عمومی بورسه از کتب حسین جلبي بشماره۷٦۳ مورخ ٦۹۷ھ

٤-: نسخة محفوظ در کتب خانۂ ملی باریس بشماره۳۷۵ فارسی از نسخ قرن ششم یا ھفتم۔

۵- نسخة محفوظ درکتب خانۂ ملی پاریس بشماره ۳۷٦ فارسی مورخ ٦۷۸ ھ

٦-: نسخة محفوظ در کتب خانۂ ملی پاریس بشماره ۳۸۳ فارسی مورخ٦٦٤ ھ

۷-: نسخة ای بنشان Fraser 100 در کتاب خانۂ با دلیان اکسفرد، غالب آن از قرن ھفتم .

۸-: شرح ابیات نسخة محفوظ در کتب خانۂ لالا اسماعیل (استانبول) بشمارة ۵۱٦/ مورخ ۷۰۷ ھ از مؤلفی مجھول.

۹-:نسخة ای بنشان MS Pers 12در کتب خانۂ با دلیان ، غالب آن از سال ۷۳۰ ھ

۱۰-:نسخة ای در کتب خانۂ گونا ( آلمان شرقی ) بنشان Hal 123 مورخ۷۳٦ ھ

۱۱-: نسخة کتب خانۂ نافذ پاشا در استانبول بشماره-۱۰۱۰ از نسخ قرن ھفتم تا ھشتم.

۱۲-: نسخة محفوظ در کتب خانۂ روان کوشکو (استانبول) بشماره۱۰۲۲/ مورخ ۸۳۳ھ

۱۳-: نسخة مجلس شورای ملی بشمارة ۱۸۸۰ ، قسمت غالب آن از اوایل قرن ھشتم .

۱٤- : کلیلة و دمنه منظوم قانعي طوسي نسخة موزه بریتانیائی بنشان ADD 7766 مورخ ۸٦۳ھ

۱۵-: تالیف فضل الله اسفزاري ( یا اسفرائینی) نسخ موزۂ بریتانیائي و پاریس وماربورگ و مجلس ع آ ، ع ب ، ع ج : سه نسخه از متن اصلي ابن المقفع بعربي محفوظ در کتبخانۂ ایاصوفیه (استانبول)بشماره ھای ٤۰۹۵،٤۲۱۳،٤۲۱٤

۱٦-:نسخه عربي ترجمة شیخ زین الدین عمر الفارسي از متن نصر الله منشي از کتب خانۂ احمد ثالث بشماره،۳۰۱۵/ محفوظ در طوب قابو سراي (استانبول) ، تاریخ آن ۷۲۷ ھ (۲)

**مخطوطہ کا تعارف:-** یہ نادر مخطوطہ قدیم فارسی عمدہ خط نسخ میں ہے۔مخطوطہ کی حالت اچھی ہے اور زمانہ کے حوادث وآلام سے زیادہ متاثر نہیں ۔اس میں ۲۷٦رصفحات ہیں۔اس کا سائز 17.5cmx10cm ہے۔ہر صفحہ میں پندرہ سطریں ہیں۔ابواب کی ترتیب نیز اشعاراورابیات کے عنوانات وغیرہ آب زر سے لکھے ہوئے ہیں۔مخطوطہ میں ترقیمہ ہےجس سے پتہ چلتاہے کہ یکم رجب چہارشنبہ 686ھ میں اس کی کتابت مکمل ہوئی۔

”وَالحمدُللهِ رَبِّ العٰلمینَ وصَلوٰتُه علیٰ نبیهٖ محمدٍ وآلهٖ أجُمعین وَقعَ الفراغُ مِنُ تحریره ضحوة یَومِ الاربعاء غرة شهرِ رَجَبِ الاصَمُ سنة ست وثمانین وستماة -بخط العبد الضعیف عمیدالملك ابن الحسن......“اللهم فرج عن کاتبه۔(۳)

**ابتداءاس طرح ہے۔**

بسم الله الرحمٰن الرحیم

سپاس وستائش مرخدائے جل جلاله که آثارِ قدرت اوبر چهرهٔ روز روشن تابانسبت وانوار حکمت اوردر دل شب تار درافشاں بخشاینده که تار عنکبوت راسد عصمت دوستاں کرد۔ جباری که نیش پشه را تیغ قهر دشمنان کردانید درفطرت کائنات بوزیرومشیر وصعوبت ومظاهرت محتاج نگشت وبدائع ابداع رادرعالم کون وفساد پیداآورد وآدمیان رابفضیلت نطق ومزیت عقل از دیگر حیوانات ممیز کردانید وبرای ارشاد وهدایت رسولان فرستاد تاخلق را ازظلمت جهل وضلالت برها نیدند وصحن گیتی رابنور علم ومعرفت آئین بستند وآخرایشاں درنبوت واول مرتبت آسمان حق وآفتاب صدق سیدالمرسلین وامام المتقین وقائد الغرالمحجلین ابوالقٰسم محمدبن عبدالله بن عبدالمطلب بن هاشم بن عبدمناف العربی وصلی الله علیه وعلیٰ عترته الطاهرین الطیبین برائی عز نبوت وختم رسالت برگزید ومعجزات ظاهر ودلائل مخصوص کردانید،الخ۔(٤)

پھر بادشاہوں وبادشاہت(اولوالامر) کی مدح وتوصیف ان کے فرائض وخصائص اورذمہ داریوں وغیرہ کاذکرتقریباً چھ صفحات پر مشتمل ہے۔

بعدازاں...ایں کلمه چند موجزاز خصایص ملك واهل دولت ومحاسن عدل وسیاست تقریر افتاد اکنوں روی بذکر اغراض نهاده آید واللّٰه الموفق لاتمامه وسعة جوده بمنه وفضله۔(٥)

**ذکردولت سلطان اعظم بہرام شاہ بن مسعود(٦)**

"مفتتح کتاب براں ترتیب که ابن المقفع آورده است-

چنین گوید ابو الحسن عبد الله ابن المقفع ، رحمه الله ، پس از حمد باری ، عزاسمُه،و درود بر سید کائنات، علیه الصَّلاة والسلام ، که ایزد تبارك و تعالیٰ بکمال قدرت و حکمت عالم را بیافرید، و آدمیان را بفضل و مشت خویش عزیت عقل ورجحان خرد از دیگر جانوران ممیَّز گردانید، زیرا که عقل بر اطلاق کلید خیرات و پای بند سعادات است، و مصالح معاش و معاد و رستگاری آخرت بدو بازبسته است، و این دو نوع است:یکی آن که ایزد تعالیٰ بی کسبی ارزانـي دارد وآن را غریزی گویند ودوم مکتسب که از روي تجارب حاصل آید وانچه غریزي است در مردم بمنزلت آتش است در چوب و چنانکه ظهور آن در ادواتِ آتش زدن ممکن نگردد أثرِ این بي تجربت و ممارست

حـاصـل نشـود، و حـکـمـا گفته اند که' التجارب لقاحُ العقولِ' و هر که از فیض آسـمـانـی وعـقـل غریزی بهره مند شد و بر کسب هنر مواظبت نمودودرتجارب متـقـدمـان تـأمـل عاقلانه واجب دید آرزوهاي دنیا بیابد و در آخرت نیك بخت خیزد، والله الهادي الی ما هو الأوضحُ سبیلاً والأرشدُدلیلاً.و بباید دانست که ایزد تعالیٰ هر کار را سببی نهاده است و هر سببی علتی وهر علتی وضعی و مدتی ،که حـکـم بـدان متـعلق باشد و ایام عمرو روزگار دولت یکی از مقبلاں بدان آراسته می شود و سبب وعلت و ترجمه این کتاب و نقل آن از هندوستان بفارس آن بود که ایزد تعالیٰ آں پادشاه عادل بختیار و شهریارِ عالم کامگار أنوشیرواں کسری بـن قباد را از شعاع عقل و نور علم خطي وافر ارزاني داشت، ودر معرفتِ کارها و شـناخت مناظم آن رایِ صائب و فکرت ثاقب روزی کرد ، و افعال و اخلاقِ او را بتـائیـد آسـمـانـی بیـار اسـت، تـا همت بتحصیل علم وتتبع اصول و فروع آن مـصـروف گـردانید و در انواع علوم بمنزلتي رسید که هیچ پادشاه پس از وی آن مـقـام در نتـوانسـت یافت، و آن درجتِ شریف و رتبتِ عالي را سزاوارو مرشح نتوانست گشت ونخوت پادشاهی و همت جهان گیري بدان مقرون شد تا اغلب مـمالك دنیا در ضبط خویش آورد و جباران روزگار را در ربقه طاعت و خدمت کشیـد ،و آنـچـه مطلوب جهانیان است از عزدنیا بیافت.و در اثنای آن بسمع او رسـانیـدنـد که در خزائن ملوك هند کتابیست که از زبان مرغان وبهایم وحوش و طیور و حشرات جمع کرده اند، و پادشاهان را در سیاست رعیت و بسط عدل و رأفـت، و قـمـع خـصـمـان و قهر دشمنان ، بدان حاجت باشد، وآن را عمدۂ هر نیـکـی و سـرمـایـۂ هـر علم و راهبر هر منفعت و مفتاح هر حکمت می شناسند و چنانکه ملوك را ازاں فواید تواند بود اوساطِ مردماں راهم منافع حاصل تواند شد وآن راکتاب کلیله ودمنه خوانند، الخ-(۷)

*بعدازاں ص۴۶ پر ابواب کی فہرست درج کی ہے کہ اس کی اصل میں جو سنسکرت میں تھی دس ابواب تھے جن پر مزید چھ ابواب کا اضافہ کیا گیا۔*

*آئندہ صفحات میں مزید مفید معلومات جمع کی گئی ہیں کتاب میں جابجا عربی وفارسی متقدمین شعرا کے اشعار نقل کئے گئے ۔ابن المقفع کا مروجہ عربی ترجمہ کا یہ ایک بہترین اور شاہ کار فارسی ترجمہ ہے۔آخری عبارت یہ ہے۔*

واگـرایـن بـنـده یك کتـاب راازپـارسـی تـابتازی یاازتازی بپارسی برد بدان

تشـرفـی نـجوید که ذکر براعت اوازاں سایر ترست که بدین معانی حاجت باشد
وخـاص وعام راموا ظبت اوبر استفادت وتعلم مقرراست وکمال همت اودرفراهم
آوردن اسباب سعادت واکتساب انواع هنر معلوم شده ـ

ولسـت اذا سـمـا لـلـمجد طـرف — اردُّ نـواظـری دون السـمـاك
ودهـرمسـعف والـعـمـر غـض — ونـفسـی حـرة والـعـرق زاك
ولیـس مهـجـنـی الاشبـاب — حـرمـت بـه مـزیة ذی احتـنـاك
عـلـیٰ ان الـرِّهـان ابـانَ شـاوی — اذا شـات الـجذاع علـی المذاك

زمـانـه نـدارد زمـن بـه پسـر — نهـانـم چـه دارد چـوبـدختـری

درجـمـلـه ایـن بـنده وبنده زاده راشرفی بزرگ حاصل آمد وذکرآں برروی
روزگـار مـخـلدگشت وفرط اخلاص درنیك بندگی اورجهانیاں روروشن شدـ
ایـزد تعالیٰ خدا وند عالم رادردین ودنیا بنهایت همت برسانا د وتمامی بلاد شرق
وغـرب را بسـایـۀ رایـت مـنـصـور وظـل چـترمیـمون شاهانشاهی منور گرداناد،
وتشـنـگـان امیـدرا درآفـاق جهـان کـه مـنـتـظـر احسان وعاطفت ملکانه بمانده
اندازجام عدل ورافت سیراب کناد، انه القادر علیه والمتطول به ـوالحمد لله رب
العالمین وصلوتهٗ علی نبیه محمد وآله أجمعین ـ(۸)

اس کے بعد نسخہ مذکورہ کی ترقیمہ کی عبارت ہے جو سابقہ صفحات میں گزر چکی ہے۔

نسخۂ ھذا کے متعلق چند نکات نہایت اہم ہیں۔

۱- یہ کہ نسخہ خطِ نسخ میں ہے اور اس زمانے میں یعنی چھٹی ساتویں ہجری میں یہی خط مروج تھا۔

۲-نسخہ میں جابجا ایسا اِملاء موجود ہے جو اُس دور کے کاتبوں میں مستعمل تھا۔مثلاً فارسی الفاظ کی جگہ کثرت سے عربی الفاظ الف کے بجائے مد کا استعمال ابوالقاسم کی جگہ ابوالقٰسم دال کی جگہ ذال، باشد کے بجائے باشذ ے گوید کے بجائے گویذ ے، گاف کے بجائے کاف کا استعمال، گردد یا گردانید کے بجائے کردد یا کردانید ح کے بجائے خ، چنانکہ کے بجائے چنا نک، تشدید کی جگہ حرف کا دوبارا ستعمال، وغیرہ وغیرہ۔

۳- نسخہ کی تزئین کا انداز شیرازی ہے، یعنی کتابت ایران میں ہوئی۔عنوانات کی جگہ سرخ روشنائی کا استعمال کیا گیا۔

۴- نسخہ کی تذہیب سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی بادشاہ یا امیر اور رئیس کی ملکیت رہا ہے۔

۵- مہر اور تملک کے نشانات موجود ہیں، لیکن حسب دستور مٹا دیئے گئے ہیں۔اِس سے ظاہر ہے کہ کبھی چوری یا

فروخت کا شکار رہا ہے۔ متعدد مہروں سے یہ بھی واضح ہے کہ مختلف افراد کی ملکیت رہا ہے۔

آقائے مینوی کے مطابق یہ نسخہ پیرس کے نسخے مکتوبہ ۶۶۴ھ سے مشابہہ اور قریب العہد ہے۔ پیرس کا نسخہ اس نسخہ سے صرف ۲۲ رسال قبل کا لکھا ہوا ہے۔ لہٰذا اس نسخہ کو ترجمہ کلیلہ ودمنہ کا ساتواں یا آٹھواں قدیم ترین مخطوطہ سمجھا جا سکتا ہے۔

## حواشی

۱- فرہنگ ادبیات فارسی دری۔ ڈاکٹر زہرای خانلری کیا، انتشارات بنیاد فرہنگ ایران، ص۴۱۲-۴۱۳۔

۲- کلیلہ ودمنہ تصحیح وتوضیح مجتبیٰ مینوی، انتشارات دانشگاہ تہران ۱۳۶۷ھ شمسی ص۱۹-۲۰

۳- مخطوطۂ هذا ص۔۴۷۶

۴- مخطوطۂ هذا ص۔۳۴-۳۵

۵- مخطوطۂ هذا ص۔۴۶

۶- بہرام شاہ غزنوی (۴۷۶ھ/۱۰۸۴ء-۵۴۶ھ/۱۱۵۲ء) بن سلطان مسعود سوم بہرام شاہ کی والدہ سلجوقی سلطان احمد سنجر (1157ء) کی سگی بہن گوہر خاتون تھیں، علامہ شبلی نعمانی شعر العجم میں لکھتے ہیں: ”کلیلہ ودمنہ جس کا ترجمہ پہلوی زبان سے عبداللہ ابن المقفع نے عربی میں کیا تھا، بہرام شاہ (جو سلطان محمود کی چوتھی پشت میں تھا۔۵۱۲ھ میں تخت نشین ہوا) کے حکم سے فارسی زبان میں ترجمہ کی گئی اور یہ پہلا دن تھا کہ ایران اور ہندوستان میں اس کا رواج عام ہوا“

۷- مخطوطۂ هذا ۳۴-۳۶

۸- مخطوطه هذا ۱۶

☆☆☆

پروفیسر رضوان اللہ آروی
پٹنہ، بہار

بہار کے فارسی اساتذہ سیریز۔۸

# پروفیسر حبیب المرسلین شیدا

تقریباً چالیس سال پہلے کا وہ منظر آج بھی نگاہوں کے سامنے ہے جب ہم لوگ پہلی بار استاد محترم جناب پروفیسر حبیب المرسلین صاحب کے کلاس میں داخل ہورہے تھے۔(سال ۱۹۸۲ء) وہ ایم ۔اے (فارسی) میں ہمارا پہلا سال بھی تھا اور استاد محترم سے ہمارا پہلا تعارف بھی۔تعارف،بس نام کی حد تک۔اس لئے کہ تعارف میں وہ دیگر رسمیات کے قائل نہیں تھے۔بلکہ دیگر رسمیات کو تو چھوڑیئے، سچ تو یہ ہے کہ تعارف میں وہ نام کے بھی قائل نہیں تھے۔ان کا صرف ایک ہی تعارف تھا۔فارسی کی مشکل نثر اور فارسی کی مشکل شاعری،جس کو وہ اپنے طریقہ تدریس اور جداگانہ انداز سخن سے پانی کرکے رکھ دیتے تھے۔

غزل تو خیر ہر اہل سخن کا جادو ہے مگر یہ نوک پلک میرے فن کا جادو ہے

نثر میں شبنم شاداب اور شاعری میں قصیدۂ خاقانی ان کی تدریس کا حصہ تو تھا ہی،ان کے وجود کا بھی ایک لازمی جزو تھا۔حالانکہ یہ کتابیں ان کی میز پر پڑی ہوئی ہوتی تھیں،لیکن دوران تدریس انہیں میں نے کبھی ہاتھ لگاتے ہوئے نہیں دیکھا۔اور وہ اس لئے کہ ان کا متن ان کے ذہن اور حافظہ میں محفوظ تھا۔۔وہ اپنے ذہن کی آب و ہوا میں زندہ تھے۔۔صرف آغاز درس سے پہلے انہیں متن کو Recall کرنے کی ضرورت ہوتی تھی جس کا طریقہ یہ تھا کہ لکچر شروع کرنے سے پہلے وہ پان سے شوق فرماتے تھے۔کلاس میں سکوت طاری ہوتا تھا۔ ہماری نگاہیں انکے چہرے پر جمی ہوتی تھیں اور ان کی نگاہیں خلاؤں میں کچھ تلاش کررہی ہوتی تھیں۔شاید آج کے سبق کا مواد ۔

یہ کائنات مرے بال و پر کے بس کی نہیں تو کیا کروں سفر ذات کرتا رہتا ہوں

چند ساعتوں میں درون ذات کا یہ سفر تمام ہوتا تو وہ بیٹھے ہی بیٹھے اپنے لکچر کا آغاز فرماتے۔انہیں میں نے کبھی کھڑے ہوکر لکچر دیتے ہوئے نہیں دیکھا۔بلکہ کھڑے ہونا تو دور،انہیں تو میں نے کبھی اپنی مخصوص نشست سے جنبش کرتے ہوئے بھی نہیں دیکھا' دنیا اگر د ہند نجنبم ز جائے خویش' کی مجسم تصویر۔وہ ایک طرف کتاب کا متن یا قصیدہ کا شعر پیش کرتے اور دوسری طرف اُسی رواں دواں فارسی میں اس کی تشریح بھی کرتے جاتے،اُس کے تمام پس منظر اور تناسبات لفظی و معنوی کے ساتھ۔استاد محترم کا یہ واحد کلاس تھا جس میں صرف فارسی کا گزر تھا اور جہاں ہماری سماعتیں صرف فارسی زبان سے آشنا ہوتی تھیں۔فارسی کے علاوہ کسی بھی زبان کا کوئی بھی لفظ وہ کلاس میں استعمال کرنے سے گریز کرتے تھے۔حالانکہ انہیں ایران جانے یا اہل زبان کے ساتھ رہنے کا موقع کبھی نہیں ملا،لیکن اس کے باوجود تکلمی زبان پر ان کی قدرت حیرت انگیز تھی ۔

شہرِ بے رنگ! ترے لوگ گواہی دیں گے	ہم سے خوش رنگ بھی تیرے خس و خاشاک میں تھے

گوشے میں قفس کے انہیں آرام بہت تھا۔ کلاس روم ان کے لئے درس و تدریس کی جگہ بھی تھی اور جائے پناہ بھی۔ مجلسی زندگی ان کی فطرت کے بالکل خلاف ہے۔ اسی لئے وہ ارباب سیادت و قیادت سے ہمیشہ گریزاں رہے ؂

ہم فقیروں کو تو بس نام خدا کافی ہے	ہم کہاں منت ارباب حشم رکھتے ہیں

فراغتے و کتابے و گوشہ چمنے۔ انہی عناصر ثلاثہ سے ان کی زندگی عبارت رہی ہے۔ اسی عزلت نشینی اور کم آمیزی کے سبب علمی دنیا میں انہیں اتنی شہرت حاصل نہ ہو سکی جس کے وہ مستحق تھے۔ ان کی گمنامی کی دوسری بڑی وجہ یہ رہی کہ فارسی میں ان کے وہ بیشتر تخلیقی کارنامے (بشمول ان کی فارسی شاعری) عدم اشاعت کے سبب پردۂ خفا میں رہ گئے جو اگر منظر عام پر آتے تو یقیناً علمی دنیا میں ان کی شہرت اور تعارف کا سبب بنتے۔ وہ تو کہئے کہ بعد میں جناب عامر سبحانی صاحب جب ان کے رابطہ میں آئے اور ان سے استفادہ کرنے کے بعد فارسی زبان و ادب کے ساتھ انہوں نے سول سروس کے امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کی تب لوگوں کو اُس دست کرم کا پتہ چلا جو فقیری میں بھی دنیا پہ ارزانی کرنے کا فن جانتا تھا ؂

فقیری میں یہ تھوڑی سی تن آسانی بھی کرتے ہیں	کہ ہم دست کرم دنیا پہ ارزانی بھی کرتے ہیں

پروفیسر حبیب المرسلین صاحب، ضلع مغربی چمپارن میں واقع ڈھاکہ کے قریب ایک دور افتادہ گاؤں مسوڑھا میں ۳ جنوری ۱۹۴۱ء کو عالم وجود میں آئے۔ گاؤں ہی کے ایک مکتب میں ان کی ابتدائی تعلیم ہوئی۔ بعد ازاں مظفر پور کے ایک مدرسہ دارالتکمیل میں ان کا داخلہ ہوا جہاں سے انہوں نے عربی فارسی میں متوسطات تک کی تعلیم حاصل کی اور پھر ڈھاکہ کے مدرسہ عربیہ حنفیہ سے مولوی درجہ تک کی تعلیم مکمل کی۔ عربی فارسی میں ان کا یہ تعلیمی سفر بالآخر مدرسہ سلفیہ دربھنگہ میں پایۂ تکمیل کو پہنچا جہاں سے ۱۹۵۸ء میں باضابطہ ان کی فراغت ہوئی۔ عربی فارسی میں ان کی بے مثال صلاحیتوں کو دیکھتے ہوئے مدرسہ سلفیہ کے نگراں ڈاکٹر عبدالحفیظ سلفی نے انہیں بحیثیت استاد مقرر کر لیا اور اس طرح پروفیسر حبیب المرسلین صاحب مدرسہ سلفیہ میں تقریباً آٹھ سال تک درس و تدریس کے فرائض انجام دیتے رہے۔ اسی دوران ۱۹۵۹ء میں انہوں نے ضلع اسکول دربھنگہ سے میٹرک کیا اور پھر وہیں ملت کالج سے ۱۹۶۴ء میں فارسی آنرز کے ساتھ بی اے کے امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کی۔ معروف ادیب اور دانشور پروفیسر اجتبیٰ رضوی صاحب اُس زمانے میں ملت کالج کے پرنسپل ہوا کرتے تھے۔ پھر اعلا تعلیم کے لئے انہوں نے پٹنہ یونیورسٹی کا رخ کیا جہاں سے انہوں نے ۱۹۶۶ء میں فارسی زبان و ادب میں ماسٹر کی ڈگری حاصل کی۔ اُس دور میں پروفیسر سید حسن صاحب صاحب شعبہ فارسی کے صدر تھے جبکہ ان کے دیگر اساتذہ میں پروفیسر انوار صاحب، پروفیسر محمد صدیق صاحب اور پروفیسر فیاض الدین حیدر صاحب شامل تھے۔ ان کے معاصرین میں متین احمد صبا صاحب، عبدالغفار صاحب، اطہر شیر صاحب اور علی حیدر نیر صاحب وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ حبیب المرسلین صاحب نے پٹنہ یونیورسٹی سے ہی عربی زبان و ادب میں ۱۹۶۷ء میں دوسری بار ایم اے کیا۔ پھر پروفیسر عطاء الرحمٰن عطا کاکوی کی نگرانی میں انہوں نے 'ثنائی مشہدی۔ حیات و کارنامے' کے موضوع پر تحقیقی مقالہ لکھا اور ۱۹۷۳ء میں پی ایچ ڈی کی سند سے سرفراز ہوئے۔

۲/فروری ۱۹۷۵ء کو پٹنہ یونیورسٹی میں وائس چانسلر کے ایک حکمنامہ ( V C Appointment ) کے تحت لکچرر کی حیثیت سے ان کا انتخاب ہوا اور پھر کچھ ہی دنوں کے بعد یونیورسٹی سروس کمیشن میں انٹرویو کے بعد باضابطہ ان کی تقرری عمل میں آئی۔ بعد میں بتدریج ترقی حاصل کرتے ہوئے وہ ریڈر اور پھر پروفیسر کے منصب پر فائز ہوئے۔اس دوران مجھ جیسے بے شمار طلبہ نے ان سے استفادہ کیا اور کئی طلبہ نے ان کی نگرانی میں تحقیقی مقالہ لکھ کر پی ایچ ڈی کی سند بھی حاصل کی۔ ان میں محمد کمال الدین مضطر بھی شامل ہیں جنہوں نے مرزا ارادت خاں واضح کی حیات وخدمات پر ان کی نگرانی میں مقالہ لکھا تھا اور ۱۹۸۰ء میں پی ایچ ڈی کی سند سے سرفراز ہوئے تھے۔۳۱/جنوری ۲۰۰۱ء میں پروفیسر مرسلین صاحب ساٹھ سال کی عمر میں ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔ملازمت کے دوران انہوں نے ایران کلچر ہاؤس ،نئی دہلی سمیت ملک کی مختلف دانشگاہوں میں ہونے والے سیمینار اور کانفرنس میں شرکت کی اور تحقیقی مقالہ پیش کیا۔فارسی زبان وادب کے حوالے سے ان کی بیش بہا خدمات کے اعتراف کے طور پر ۲۰۱۶ء میں انجمن استادان فارسی ہند کے زیر اہتمام منعقد پٹنہ یونیورسٹی کے ایک بین الاقوامی سیمینار میں انہیں 'استاد ممتاز' کے ایوارڈ سے نوازا گیا۔حکومت ایران کی جانب سے بھی انہیں وہاں کی مختلف دانشگاہوں کا علمی دورہ کرنے کے لئے مدعو کیا گیا تھا،لیکن پٹنہ یونیورسٹی کے ارباب اقتدار کی جانب سے اجازت نہیں ملنے کی وجہ سے وہ ایران کا سفر نہیں کر سکے۔ ضلع مظفر پور کے ایک گاؤں رامپور سلہری میں ۱۹۶۹ء میں حبیب المرسلین صاحب کی شادی ہوئی۔اللہ نے انہیں تین بیٹے اور چار بیٹیوں سے نوازا۔۲۰۱۸ء میں ان کی اہلیہ کا انتقال ہوا۔

پروفیسر حبیب المرسلین صاحب کے لکھنے پڑھنے کا سلسلہ ان کے دور طالب علمی سے ہی شروع ہو گیا تھا۔عالمیت کے دوران مدرسہ سلفیہ دربھنگہ میں سالانہ تحریری مقابلہ ہوا کرتا تھا۔اس میں وہ نثر اور نظم دونوں میں اپنی تخلیقات پیش کر کے ہمیشہ انعام کے مستحق قرار پاتے تھے۔ان میں سے کئی تخلیقات رسالہ 'الہدیٰ' میں شائع بھی ہوئیں جو وہیں سے شائع ہوتا تھا۔تاہم بعد میں نظم کی دیوی نے انہیں ایسا اسیر کیا کہ پھر وہ نظم ہی کے ہو کر رہ گئے۔فارسی اور اردو دونوں میں انہوں نے غزلیہ شاعری بھی کی ہے اور نظمیں بھی کہی ہیں۔ان سب کی روشنی میں وہ ہندوستانی فارسی شعرا میں ممتاز مقام کے حامل نظر آتے ہیں۔لیکن افسوس ہے کہ ان کا کلام منظر عام پر نہیں آنے کی وجہ سے نہ تو ان کا اعتراف ہو سکا اور نہ ان کی شناخت بن سکی۔حالانکہ برسوں پہلے وہ اپنی اردو اور فارسی شاعری دونوں کا مجموعہ مرتب کر چکے ہیں ،لیکن ان کی علالت اور گرتی ہوئی صحت کو دیکھ کر اب ایسا امکان نظر نہیں آتا کہ ان کی زندگی میں یہ دونوں مجموعے چھپ سکیں گے۔فارسی کلام کا مجموعہ 'نغمات شیرین شیدا معروف بہ قند شیراز' کے نام سے انہوں نے ترتیب دیا ہے۔جبکہ اردو کلام کے مجموعہ کو انہوں نے 'ملہمات' کے نام سے موسوم کیا ہے۔فارسی کلام میں ان کے تیور کا اندازہ اُس شعر سے ہوتا ہے جو سرورق پر درج ہے ۔

گشای چشم معنی را اگر خواهی مرا بینی

بایں بی برگیم صد شان دارائی که من دارم

یہ مجموعہ حمد ونعت کے علاوہ بیشتر اصناف سخن مثلاً غزل،نظم،مثنوی،قصیدہ اور قطعہ وغیرہ پر مشتمل ہے۔فکری وفنی جہات سے یہ مجموعہ پڑھنے والے کو متاثر کرتا ہے کہ ایک طرف دلکش انداز واسلوب کے سبب اس میں ترنم اور نغمگی کی کیفیت

پیدا ہوگئی ہے اور دوسری طرف عربی آمیز الفاظ اور آیات و احادیث کے استعمال نے اس میں ایک قسم کی فلسفیانہ اور تلمیحاتی شان پیدا کردی ہے۔مثال کے طور پر ان کی وہ غزل دیکھی جاسکتی ہے جس میں انہوں نے اس حدیث کی منظوم تشریح کی ہے کہ دنیا میں مسافر کی طرح رہو۔(کن فی الدنیا کانک غریب)۔

زندگانی چیست جاناں بشنو از من یك سفر
می کشد منزل به منزل مرگ ما نزدیك تر
شد غبار آرزوهایت غشاوت بر بصر
می نیاید ابر مبرم مرگ یعنی در نظر
غافل از انجام بودن در جوانی هم بتر
گر به پیری هم همین است و چه پرسی از ضرر
ساز تقویٰ ساز کن شیدا ز دنیا در گذر
عمر طولانیت روزی چند قصه مختصر

مجموعہ کا آغاز روایتی انداز میں حمد و نعت سے ہوتا ہے۔بطور نمونہ چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

حمد

دلم صد داغ می چیند ز باغ روی خندانش
هزاراں زخم بر دارد ز نوك خار مژگانش
دو قسمت شد زمانه از وجود ذات یکتایش
سواد زلف شب گوئی ز رویش صبح تابانش
چها گویم که چونست او که از تشخیص بیرونست
مپرس از وصف حیرت زاش بیں پیدا و پنهانش

نعت

زهی حسن جهاں آرا و شان دلبری دارد
که بر خوبان عالم مهتری و سروری دارد
بطوف موکب اجلال ختمی مرتبت بنگر
سر عزت بلند از بسکه چرخ چنبری دارد
سرش بر دوش وی شیدا وبال دوش وی باشد
که بی عشق محمد ﷺ جان و تن دارد سری دارد

پروفیسر حبیب المرسلین شیدا کی غزلیہ شاعری،عشق و محبت اور دلسوزی و جاں سپاری کے انہی جذبات سے عبارت

ہے جس سے فارسی کی پوری شعری روایت بہار بداماں ہے۔ اس میں کہیں حافظ، کہیں خسرو اور کہیں دوسرے کلاسیکی شعرا کے اثرات کا پرتو بھی نظر آتا ہے جو فطری بھی ہے کہ ان سب شعرا کو انہوں نے پڑھا بھی ہے اور پڑھایا بھی ہے۔ ان کی غزلوں سے متفرق اشعار بطور نمونہ اور بلا تبصرہ پیش خدمت ہیں جس سے قارئین کو ان کے رنگ سخن کا اندازہ ہوگا۔

بازار سخن گرم است از گرمی بازارم
صد خرمن دل سوزد زیں آہ شرر بارم
با خوی کم آمیزی پیش آئی و بر گردی
ای خضر و مسیحائی در پہلوی بیمارم
دردم ز دوا رفتہ گم کرد اثر آہم
وقت است کہ در یابی محتاج بہ تیمارم

☆☆☆

دل بُرد از من زیبا نگاری
با ناز و عشوہ با سحر کاری
باشد کہ بیند با چشم احساں
بر من فتد چوں روزی گذاری
گیسوی شبگوں با روی زیبا
زیر وزبر بیں لیل و نہاری

☆☆☆

دلم بردی و جاں را ہم بیک غمزہ چناں کردی
نشان خویش چوں دادی مرا خود بی نشاں کردی
بہر چیزی کہ می نگرم نشانت را دراں یابم
چہا با ایں ہمہ عریانیت خود را نہاں کردی
عنان کا ر از دستش رود دریاب شیدا را بشد
عمری بصد نوعی بہ ہجرش امتحاں کردی

☆☆☆

از دل نشد قرارم ای یار مہربانم
عمری شدہ کہ از تو در رنج انتظارم
از نور ماہ رویت ایں خانہ روشنم بود

اکنون نگر کہ بی تو شد تیرہ روزگارم
وقتی بہ پرسشم آ، بر حال من ببخشای
دل چوں اسیر کردی جاں ہم بتو سپارم

☆☆☆

مجو مہر و وفا از سنگدل یاری کہ من دارم
نشاں از صبح کی جوید شب تاری کہ من دارم
ہمی پیوستہ کوشیدم مسلط بر خودم باشم
عیاں شد راز دل از چشم غمازی کہ من دارم
بجز ایں آہ سوزانم، بدون ایں چشم گریانم
چہ باشد در جہاں از جملہ دارائی کہ من دارم
نگردد مشتری گرد متاع درد دل یارب
بایں درجہ ز قیمت رفت کالائی کہ من دارم

پروفیسر حبیب المرسلین صاحب کی نظمیہ شاعری بنیادی طور پر موضوعاتی شاعری ہے جس میں کسی نہ کسی اہم واقعہ کو موضوع بنایا گیا ہے۔ مثلاً ایران میں امام خمینی کی آمد اور رضا شاہ پہلوی کے زوال کے موقع پر کہی گئی ان کی ایک نظم کے چند اشعار دیکھئے ۔

ای خمینی پاسدار امت خیرا لانام
ای گل باغ حسین ای ملك و ملت را قوام
ای وجودت کشت دیں را ابر نیساں و بہار
بر سر اعدای دیں چوں تیغ حیدر بی نیام
فتنہ الحاد یکسر سر فرو بردہ بجیب
کار ملت از شکوہ و فرّ تو گیرد نظام
ای مبارز ای مجاہد حامی دین متیں
ماحی بدعات و باطل مقتدای خاص و عام
در مصاف حق و باطل پای محکم دار و گیر
باج از شاہاں بی دیں تاج از خاقان خام
چوں پیادہ شد بدورت حکم قرآں بر زمیں
نی عجب گر آسماں گردد بدل خواہت بکام

مـــی رســد از فــضــل حــق شیـدا بـــزودی روزگـــار
مـــی نهـد عـــالــم بـواقــع ســر بــه فـرمــان امـام

اسی طرح انجمن استادان فارسی ھند کے زیر اہتمام پٹنہ میں منعقد بین الاقوامی کانفرنس کے موقع پر انہوں نے اس میں شرکت کرنے والے اساتذہ کا استقبال کرتے ہوئے یہ نظم کہی تھی ؎

مـــرحبـــا اهلاً و سهلاً پـــاســدار عـــلــم و فــن
حـــافــظ نـــامــوس اصــنـــاف ادب شعــر و سـخـن
از وجــود تـــان گـــرامـــی عــلـم و عــرفــان را بهــار
مـــفتـــخـــر بـــر ذات والای شـمـــا خـــاك بهـــار
از صـــریـــر کـــلك تـــان رنـگیـن نـوا گـوهـر نثـار
گـــوهــر افــکـــار را صـد جـامـــه هـــای زر نـگـــار
بـــالاخـــص از حـــضـــرت از ایـــران زمیـــن
کـــز ورود بـــا سـعــودش خـــاك مـــا چـــرخ بـریـن
آن ســـفیـــر دولـــت جـــمهـــوریـــه اســـلام را
پـــختـــه ســـازد صـحبتــش هـر نـــا تـمـام و خـام را
رای زن فـــرهـــنـگـــی فـــرهــنگ را شـــاهـنـگیـــان
مـــایـــه بـــخــش آب و رنگ ا یـں بـزم رنـگـا رنگ مـا
صــد هـــزاران سبـد گـــلهـــای تشــکـر در حـضـور
از مـــن و از دوستـــانـــم هـــم ز اربـــاب شـعـــور
هـــمـــچـنیـــن تـقـدیـم تبــریك و تشـکـر فــرض مـــا
در حـــضـــور عـــابـــدی و بـــرق و اظهــر بـــا صـفـــا
آن امـــامـــان عـــلـــوم وذی فـــنـــون و اصــل فـــن
ذات شـــان در بـــزم دانـــش زیـنـــت اهـل سـخـن
هـــم نــذیـــر احــمــد ولـــی الــحـق امیـن و مـقـتـصـد
مـــحتســـب ســـرمـــایـــه شعـــروسـخـن را منتـقـد
هـــم امیـــن قـــادری وهـــم شـعیـــب و هـــم کـــلیـم
خـــادم مـــخـــلـــص ادب را بـــی ریـــا زیـــر گـــلیـم
نیـــز یـوسف هـــم شـریف الـــقـــاسـمی عبـد الـمتیـن

هر یکی شان محفل دانشوری را زیب و زین
همچنیں صدیق صاحبدل خدای فکر و فن
باعنان دانش و زلف سخن را شانه زن
صاحب طبع رواں فیاض چوں گنگ وجمن
محسن علم و ادب روح و روان انجمن
باز پس انوار احمد نور ایوان ادب
گرمی بازار دانش بی ریا و بی طلب
نیز استاذی حسن سید ،عطای کاکوی
پشت شان از زور دانش گرم و هم بازو قوی
در حضور ایں همه و جمله حضار کرام
در حضور جمله آقایان نامی نیك نام
در حضور جمله خانم های ذی حشمت بنام
از من و از دوستانم از بزرگاں صد سلام

*اس میں جتنے اساتذہ کے نام آئے ہیں،ان میں سے دواساتذہ پروفیسر محمد صدیق صاحب اور پروفیسر عطا کاکوی صاحب کی تجلیل میں پروفیسر مرسلین صاحب کے قلم سے الگ الگ دو نظمیں بھی یادگار ہیں۔عطا کاکوی صاحب کی نگرانی میں انہوں نے اپنا تحقیقی مقالہ(برائے پی ایچ ڈی) بھی لکھا تھا۔انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے وہ کہتے ہیں ۔*

چه نظری بود یارب آنکه چوں بر من نظر کردی
خذف بودم به فیض تربیت ما را گهر کردی
ز دودی زنگ جهل آنگه بنور دانش و بینش
مجلیٰ ساختی آئینه ام صاحب نظر کردی
توئی آن مرد دانای رموز عقلی و نقلی
که صدها همچو من را از یك نظر صاحب نظر کردی
همه نقش علوم و فن که شد فرسوده و کهنه
به تجدید ضیای فکر خویشش تازه تر کردی
چساں از عهدهٔ شکر تو بر آید که بر شیدا
از آنچه گفته آید لطف خاصت بیشتر کردی

*اور پروفیسر صدیق صاحب کے سانحۂ ارتحال پر ان کی ایک تعزیتی نظم کے چند اشعار یہ ہیں ۔*

بــود مـــرد صـــادقـــی صـــدیــق بــود نـــامـــش بـحـق
پـــاســـدار عـــلـــم و دانــــش صـــاحـــب نـظــر ادق
بـــــر فـــــراز ذروۂ اوج عـــــلا اورا مـــقـــــام
کـــی تـــواں ســـنـجـیـد شـخـصـش را بـمـیـزان و سبـق
شـد رئـیـس جـامـعـه دانشـکـده و مـرکـز تحقیق را
دستـــگـــاه عـــلـــم و فـــن زو یـــافتـــه زیـــب و نسـق
بـــر روان پـــاك تـــو صـدیــق حــق رحــمــت کــنــاد
شبـــنـــم رحـــمـــت بـــخـــاك روز و شـــب ریــزد افـق

اپنے اساتذہ کے علاوہ امیر خسرو اور علامہ اقبال کی مدح وتوصیف میں بھی پروفیسر مرسلین صاحب کی نظمیں خواندنی ہیں۔ پہلے خسرو کی مدح میں یہ اشعار۔

آذر الـــفـــاظ و مـــعـــنـــی شـــاعـــر ذی شـــاں جـلـیـل
خســـرو افــکـــار تـــازه حسـن مـعـنـی را دلـیـل
ای اسیــــر زلف و ابـــــروهـــــای لیـــلای غـــزل
شیـــوه هـــــای دلستـــــان دلبـــــراں را تـــو قتیـــل
مـجـمـع اوصـاف خـوبـی مـخـزن عـلـم و هـنـر
بـــا هـــزاراں رنگ و بـــوئـــی در هـــزاراں بـــی بـدیـل
مـــی نـخـیـزد از لبـــش اوصـــاف و خـوبیهـای تـو
در ثـنـایـت هسـت شیـدا بـی زبـاں چوں سنگ میل

اور اب علامہ اقبال کی مدح وتوصیف میں مرسلین صاحب کے یہ اشعار۔

صـفـحـه احـوال خـود بـا سیـم و زر انـدوده ای
گـفـتـه هــایـت را بـه فـکـر و فـلـسـفـه آموده ای
مسـلك صـد گـوسـفـندی را زدی چوں پشت پـا
در مـصـــاف حـق و بـــاطـل آستیـن هـا چیـده ای
در شـدی میـخـانـه عـطـار و رومـی شیـخ جـام
ســـاغـــر لبـــریـــز عـــرفـــاں بـــی ریـــا نـوشیـده ای

ممتاز افراد کے حوالے سے ان کی دو اور نظمیں قابل ذکر ہیں۔ان میں سے ایک ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کی شان میں ہے جس کا عنوان انہوں نے قصیدہ رکھا ہے۔ یہ کلام اس وقت کی یادگار ہے جب کلام صاحب نے صدر مملکت کا

عہدہ سنبھالا تھا۔ حبیب المرسلین صاحب کہتے ہیں۔

ای سـریـر آرای عـزوشـان صـدر مـمـلـکـت
ای فـروغ عـلـم و دانـش ذات والا مـرتبـت
ای سـرت گـردم ریـاسـت را زتـو صـد عـز و شـاں
بـر قـد مـوزون تـو زیـد قبـای مـکـرمـت
عـلـم و حـکـمـت بر تـو بـالا بـر تـو نـازاں هـنـدیاں
ای شـکـوه مـلـك و مـلـت ای خـدای مـنـزلـت
چشـم دارم کـار کشـوراز تـو مـی گیـرد بھـی
کـارهـای پیـچ خـورده وا شـود از نـاخـنـت
ای بـذاتـت مـفتـخـر علـم و هـنـر فـضـل و نبـوغ
ای بـزور عـلـم و حـکـمـت شـاه کیـواں مـقـدرت

دوسرا کلام محترمہ اندرا گاندھی کے نام ہے جب وہ وزارت عظمیٰ کے منصب پر فائز تھیں۔ پروفیسر حبیب المرسلین صاحب کو اُس وقت جامعہ میں کچھ مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور اور یونیورسٹی کوارٹر خالی کرنے کا حکم صادر کر دیا گیا جہاں وہ اہل وعیال کے ساتھ قیام پذیر تھے۔ کہیں سے مدد کی امید نہ دیکھ کر اور ہر طرف سے مایوس ہو کر انہوں نے براہ راست محترمہ اندرا گاندھی کے نام فارسی میں ایک منظوم عریضہ لکھا۔ اسے دیکھ کر مرزا غالب کے اُس 'گہار' کی یاد تازہ ہو جاتی ہے جو انہوں نے اپنے وظیفہ کی بازیابی کے لئے انگریزوں سے لگائی تھی۔ پڑھئے اور لطف لیجئے۔

پـاسبـان کشـور هـنـدوستـاں
حـافـظ نـامـوس ونـنگ مـلتـان
کـاروان سـالار فـخـر سـروراں
ای وجـودت خـلـق را کیف الامـاں
هـر کـرا سـنـجیـم بـا تـو بـی گـمـاں
نسبـت کـاه اسـت بـا کـوه گـراں
نـاخـنـت تـا شـد کـلیـد فتـح بـاب
کـار کشـور رو بـره شـد بـی گـمـاں
تـا زمـام کـار در دسـت نهـاد
فـارغ از غـمهـا نشستـه هـنـدیـان
بـا هـمـه سـرمـایـه هـای مـدح تـو

سخت ندارم خان و مان
در یکی از خانه های جامعه
رفت سالی چار بگرفتم امان
همچوں من هم دیگراں بودند مر
کمتر از من مدت خدمات شاں
آن که کمتر بود کام دل بیافت
شد رئیس من بمن نا مهرباں
خواست تا هر جور که ممکن بود
باز بستاند ز من ایں خانماں
من که هیچم هیچ جایم خانه نیست
کی توانستم کنم نقل مکاں
گر گناهم هست بس اینست ایں
بهر ایں تقصیر محرومم ز ناں
کاملا یکسال می گذرد که من
با زن و فرزند ام فاقه کناں
رشته تحصیل طفلاں شد قطع
از صحت محروم شد پیرو جواں
تا دعای دولت تو روز و شب
می کنم در حضرت خلاّق جاں
شاد باش و دیر زی و میر زی
تا به فردای قیامت کامراں

میرے استاد گرامی پروفیسر محمد شرف عالم صاحب جب مولانا مظہر الحق عربی فارسی یونیورسٹی کے شیخ الجامعہ ہوا کرتے تھے تو انہوں نے یونیورسٹی میں ایک سال جشن نوروز منانے کا منصوبہ بنایا تھا۔ اگر چہ یہ منصوبہ کسی وجہ سے عملی جامہ نہیں پہن سکا، تاہم اس تقریب کے حوالے سے 'نوروز نامہ' کے عنوان سے پروفیسر حبیب المرسلین صاحب نے جو نظم کہی تھی، وہ ہمیشہ کے لئے محفوظ ہوگئی ہے

روز نوروز آمده با کر و فر
با حریر و پرنیان سبز وتر

نغمه شادی چو بر شد از زمین
گنبد افلاك شد زیر و زبر
شاخها با گلعذار سرخ گل
سبز پوشان چمن با تاج زر
نوجوانان دست اندر جام می
بچه ها با جامۂ زیبا ببر
مرد وزن پیر و جوان خرد و کلان
صف کشیده گرد خوان پهن تر
پنج روز اولی نوروز شد
اولاً نوروز نامه نام بر
پنج ششمیں روز ناؤ نوش شاه
با ندیمان و خواص و با ظفر

بظاہر یہ تمام مثالیں روایتی انداز کی شاعری کا عکس جمیل پیش کرتی ہیں۔لیکن ایسا بھی نہیں کہ یہ مجموعہ یکرنگی کا حامل ہے اور صرف کلاسیکی فارسی شاعری کا نمونہ ہے۔ پروفیسر حبیب المرسلین صاحب نے جدید رنگ و آہنگ میں اور نظم معریٰ کی ہیئت میں بھی نظمیں کہی ہیں جس نے اس مجموعہ کا رشتہ جدید شاعری سے بھی جوڑ دیا ہے۔ان کی ایسی ہی نظموں میں 'شکوہ' کے عنوان سے ایک نظم ہے جس میں انہوں خدا سے اپنی ناقدری اور دنیا کی بے مہری کا شکوہ کیا ہے ۔

خداوندا!
ازاں الوان نعمتها
که بخشیدی بخر سندم
شگفتم آید و از بسکه حیرانم
نمی دانم
چها از عهدۂ شکر تو بر آیم
ولی با ایں همه منت پذیریها ز تو یك شکوه ای دارم
که نتوانم بلب آرم
ولی از دست دل مغلوبم و اینك بگفت آرم
چرا؟
مارا به عهدی آفریدستی

که نام عدل تنها زینت فرهنگها بینم

به دنیای عمل از وی نشانی در نمی یابم

بدل گنجینۂ دانش بدامن شبنمی ریزم

کجا عرض هنر دارم بکه عرضه دهم فن را

که در کنعان چو یوسف هستم و اما خریداری نمی دارم

کدامیں جور و سختی هست کز اخوان بد گهراں نمی بینم

خداوندا! خداوندا! خداوندا!

جہاں تک حبیب المرسلین صاحب کی اردو شاعری کا تعلق ہے تو اس کو خود انہوں نے 'ھندوی' کا نام دیتے ہوئے اس کو 'بی رنگ' کہا ہے۔اور دوسری طرف اپنی فارسی شاعری پر فخر کرتے ہوئے دعوی کیا ہے کہ میری شاعری میں سینکڑوں رنگوں کا نظارہ کرنا چاہتے ہو تو میری فارسی شاعری کو دیکھو۔زادۂ طبعم بہ صد ہا رنگ ہیں در فارسی۔اپنے اردو مجموعہ کلام 'ملہمات' کے دیباچہ (عنوان 'اعتراف') میں اس کی وجہ تسمیہ بیان کرتے ہوئے پروفیسر حبیب المرسلین صاحب نے لکھا ہے کہ شاعری چونکہ الہامی کیفیت کی حامل ہوتی ہے،اس لئے انہوں نے اس شعری مجموعہ کا نام 'ملہمات' رکھا ہے۔اس مجموعہ کی ابتدا ان کے ایک عربی کلام سے ہوتی ہے جس سے عربی زبان پر ان کے عبور کامل کا اندازہ ہوتا ہے۔بعد ازاں حمد و نعت سے اس مجموعہ کی باضابطہ ابتدا ہوتی ہے جس کے چند اشعار یہ ہیں ؎

☆ شروع کرتا ہوں اس کے نام سے جس کی خدائی ہے
وہی جس نے زمیں کی گود پھولوں سے سجائی ہے

وہ خالق ہے وہ مالک ہے وہ رازق سب کا ہے تنہا
بنایا آسماں اس نے زمیں اس نے بنائی ہے

نصیب اس کو ہوئی عزت جسے اس تک رسائی ہے
ہوا جو دور اس سے جگ میں اس کی جگ ہنسائی ہے

☆ محمد سے ہم کو محبت نہ کیوں ہو
مری زندگی وقف مدحت نہ کیوں ہو

ہوئے جب وہ محبوب خلاق عالم
تو گردوں پہ ان کی ضیافت نہ کیوں ہو

ہوئی جس پہ تکمیل دین ھدی کی
تو پھر ختم اس پر رسالت نہ کیوں ہو

پروفیسر حبیب المرسلین صاحب کی بیشتر اردو غزلیں روایتی انداز کی ہیں اور عشق و محبت کے اسی جذبہ کی عکاسی کرتی ہیں جس سے اردو کی کلاسیکی شاعری عبارت ہے۔مثلاً ؎

جب یاد تری آ جاتی ہے دل تھام کے پہروں روتا ہوں

اور توڑ کے پلکوں سے تارے دامن کو سجایا کرتا ہوں

ہے یاد ابھی تک رقص تمھاری پلکوں پر وہ اشکوں کا

احساس جدائی سے تیری جھک جانا وہ بھیگی پلکوں کا

تاہم ان کی بعض غزلیں مختلف رنگ و آہنگ کی بھی حامل ہیں جس میں زندگی کی بے ثباتی،حرص و ہوس اور خود

پسندی کی مذمت اور موت وزیست کے فلسفہ کی جھلکیاں نظر آتی ہیں۔ اس قسم کی ایک غزل کے یہ چند اشعار دیکھئے ؎

عمل کی گرمی و تابش ہے یہ اور زندگی کیا ہے ‏ اجل سے دور کچھ آرام اور آسودگی کیا ہے
حقیقت میں نظر والوں کو دو بینی نہیں آتی ‏ تمیز رنگ و بو اور ظلمت و تابندگی کیا ہے
ہوا و حرص کے ہاتھوں جو مجبوری ہے طاعت کی ‏ اسے تو خود پرستی ہی کہیں یہ بندگی کیا ہے
وہ دیوانے ہیں دیوانے جو دل کا کھیل کھیلے ہیں ‏ وگرنہ ماورائے مصلحت فرزانگی کیا ہے
حریف نار نمرودی و فرعونی جنوں شیدا ‏ خرد کے پاس جز مکر وفسون و گربگی کیا ہے

فارسی نظموں کی مانند پروفیسر حبیب المرسلین صاحب کی اردو نظمیں بھی کسی مخصوص واقعہ یا تقریب کے حوالے سے لکھی گئی ہیں۔ مثلاً ان کے شاگرد عزیز ڈاکٹر محمد لقمان سلفی نے جب جامعہ ابن تیمیہ کی بنیاد رکھی تو اس موقع پر ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہوں نے یہ اشعار قلم بند کئے ؎

عزم جواں کے سامنے کوہ و کمر نہیں ‏ ہمت کفیل ہو تو کہاں رہگذر نہیں
جوش جنوں کی راہ میں حائل خطر نہیں ‏ خالی ہو جذب و شوق سے تو وہ بشر نہیں
آغاز ہے سفر کا یہ ختم سفر نہیں

اسی طرح اکتوبر ۱۹۸۰ء میں مدرسہ شمس الہدی پٹنہ میں عالمی اسلامی نمائش کا انعقاد کیا گیا تھا۔ پروفیسر حبیب المرسلین صاحب کے یہ اشعار اسی تقریب کی یادگار ہیں ؎

یہ نمائش علم و فن کی پُر شکوہ و پُر وقار ‏ دیدۂ بینا میں سنگ سرمہ ہای اعتبار
شاہکار دست قدرت سب کریں اس کے نثار ‏ جس کی تابانی سے ماہ وخور بھی ہیں سرمایہ دار
علم وفن کی کوہ پیکر ہستیوں کی ہے نمود ‏ ہیں زر انجم بھی جن کی راہ کے گرد وغبار
کتنی صدیوں کا یہ تاریخی سفر انسان کا ‏ داستان عظمت رفتہ کی زندہ یادگار
تیرے جذب وشوق سے رہبر کمیٹی کے جواں ‏ بن گیا رشک ارم صحن نمائش لالہ زار

علمائے صادق پور کی تاریخ اور ان کی قربانیوں کے حوالے سے حالانکہ خاصا مواد دستیاب ہے۔ لیکن ان کی تجلیل میں حبیب المرسلین صاحب کے یہ اشعار ان کے منفرد عقیدتمندانہ جذبات کے مظہر ہیں ؎

اے زمین پاک صادقپور میں تیرے نثار ‏ تیرے فرزندوں کی قربانی ہے وجہ افتخار
خاندان صدق صادقپور کے یہ تاجدار ‏ مرد میدان عمل شیران صحن کارزار
سرفروشان وطن یہ حریت کے پاسدار ‏ صاحب دنیا و دیں، سیف وقلم تقوی شعار

اس کے علاوہ ادب وشعر اور صحافت وسیاست سے وابستہ کئی اہم شخصیات کے سانحہ ارتحال پر انہوں نے تعزیتی اشعار بھی کہے ہیں۔ ان شخصیات میں مولانا ابوالکلام آزاد اور پروفیسر احتشام حسین بھی شامل ہیں۔

پروفیسر حبیب المرسلین صاحب کے ان منظوم کارناموں کے علاوہ نثر میں ان کا ایک بڑا علمی کارنامہ ایران کے

معروف وممتاز شاعر خواجہ حسین ثنائی مشہدی کی حیات وشاعری کے حوالے سے اُن کا وہ بسیط مقالہ ہے جس پر پٹنہ یونیورسٹی نے انہیں پی ایچ ڈی کی سند سے نوازا ہے۔ پروفیسر سید شاہ عطاء الرحمٰن عطا کاکوی کی نگرانی میں لکھا گیا یہ مقالہ مجموعی طور پر چودہ ابواب رحصوں پر مشتمل ہے جس میں ثنائی کے حالات زندگی، اخلاق وعادات، دربار صفوی سے اس کا تعلق وارتباط، پھر ہندوستان میں اس کی آمد اور دربار کبری میں اس کی رسائی اور ملازمت کی تفصیلات پیش کرنے کے بعد یہاں اس کے سرپرستوں اور معاصرین کی حیات وخدمات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔آخر میں ثنائی کی شاعری کا تنقیدی جائزہ بھی لیا گیا ہے۔مقالہ کے آغاز میں 'امتنان وتشکر' کے عنوان سے حبیب المرسلین صاحب کی وہ مقدماتی تحریر شامل ہے جس میں انہوں نے اس موضوع کے انتخاب کے اسباب اور اس راہ کی مشکلات کو بیان کرنے کے ساتھ اپنے نگراں پروفیسر عطا کاکوی صاحب کی مہربانیوں کا خاص طور پر اعتراف کیا ہے۔ پروفیسر حبیب المرسلین صاحب نے ثنائی کے شاعرانہ کمالات کا اعتراف تو کیا ہے، مگر ساتھ ہی انہوں نے اہل ایران کی اس کی طرف سے عدم توجہی پر حیرت اور افسوس کا اظہار بھی کیا ہے۔ان کے بقول ثنائی کی طرف توجہ نہیں دی گئی اور تذکرہ نگاروں نے بھی انہیں نظر انداز کیا جس کی وجہ سے اس کے حالات بھی پردۂ خفا میں رہ گئے۔وہ لکھتے ہیں:

”از دانشمندان عصر هیچیك برآں همت نگماشت که از حیات و کائناتش ابنای علم وفن و تشنگان زبان و ادب را آشنائی بدهد تا عالمیان ویرا بدانند و کلامش را مورد استفاده قرار بدهند۔“

(خواجہ حسین ثنائی مشہدی۔حیات اور کارنامے۔تحقیقی مقالہ برائے پی ایچ ڈی)

لہٰذا انہوں نے ثنائی مشہدی کو نہ صرف قعر گمنامی سے نکالنے کا عہد کیا بلکہ اس کی حیات وخدمات اور اس کے شاعرانہ امتیازات پر ایک مبسوط مقالہ لکھ کر فارسی ادبیات کی تاریخ میں اس کا کھویا ہوا مقام اس کو دلانے کی کامیاب کوشش بھی کی۔مقالہ کا پیش لفظ ایران وہند کے قدیم روابط اور دونوں ملکوں کی تہذیبی وثقافتی مماثلتوں کے بیان پر مشتمل ہے۔اس سلسلے میں پروفیسر مرسلین صاحب نے نہ صرف ہندوستان کی فارسی ادبیات میں بلکہ یہاں کی تعمیرات میں بھی ایرانی نقوش اور اس کے اثرات کی نشاندہی کی ہے۔خاص طور پر عہد مغلیہ کے تین حکمرانوں بابر، ہمایوں اور اکبر کے ادوار پر روشنی ڈالتے ہوئے مرسلین صاحب نے شعروادب کے ساتھ دوسرے فنون لطیفہ کے فروغ وارتقا میں بھی ان کی فیاضانہ سرپرستی کا اعتراف کیا ہے۔اور نہ صرف ان کی سرپرستی کا بلکہ ان کے دربار سے وابستہ اُن امرا کی سرپرستی کو بھی سراہا ہے جنہوں نے اپنے اپنے طور پر شعرا وادبا کی قدردانی کی اور انہیں تخلیقی کام کرنے کے لئے ایک پُرسکون وپُر آسائش ماحول فراہم کیا۔ان امرا میں پروفیسر مرسلین صاحب نے حکیم ابوالفتح گیلانی اور عبدالرحیم خان خاناں کا خاص طور پر ذکر کیا ہے۔یہ دونوں دربار اکبری سے وابستہ تھے اور یہی وہ عہد زرّیں تھا جب خواجہ حسین ثنائی مشہدی کی ہندوستان میں آمد ہوئی۔اور ثنائی کی ہندوستان آمد کے اسی ذکر پر یہ پیش لفظ ختم ہوتا ہے۔پیش لفظ کے بعد مقالے کے مشمولات کو بارہ (۱۲) عنوانات کے تحت تقسیم کیا گیا ہے۔یہ عنوانات ذیل میں درج کئے جارہے جس سے بیک نگاہ مقالے کی پوری کائنات سامنے آجائے گی۔

۱-سولھویں صدی کے اندر ایران کے مختصر سیاسی وثقافتی حالات

۲-ثنائی کی پیدائش، اس کے آباواجداد، اس کی ابتدائی زندگی اور تعلیم

۳-ثنائی کا دربارِ صفوی سے تعلق اور اسماعیل ثانی سے ارتباط

۴-ثنائی سے اسماعیل ثانی کی خفگی کا سبب اور ہندوستان کی جانب اس کی ہجرت

۵-ہندوستان میں ثنائی کی آمد- بارگاہ اکبری میں اس کی رسائی اور ملازمت

٦-ثنائی کے آخری ایام اور اس کی موت

۷-ثنائی کے اخلاق وعادات

۸-معاصرین ثنائی اور ان سے اس کے تعلقات

۹-مربیان ثنائی

۱۰-ثنائی کی شاعری پر ایک نظر

۱۱-خاتمہ

۱۲-کیفیت نسخہائی دیوان ثنائی

پہلے عنوان کے تحت دورۂ صفویہ کے ایران کے سیاسی، تہذیبی، معاشرتی اور ثقافتی صورتحال پر روشنی ڈالی گئی ہے۔اس دور میں فنون لطیفہ کی حیرت انگیز ترقی کا ذکر کرتے ہوئے مصنف نے اس دور کی تعمیرات، نقاشی اور قالین بافی کے شعبوں میں صفویوں کی اختراعی ایجادات کا بھی ذکر کیا ہے۔اس کے بعد مشہد مقدس کے علمی ماحول کا تجزیہ بھی کیا ہے۔ بعد ازاں ثنائی کی حیات پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے اظہار افسوس کیا ہے کہ اس کے حالات بہت کم دستیاب ہیں۔ یہاں تک کہ اس کے سال ولادت پر بھی تذکرہ نگار متفق نہیں ہیں۔اس کے آباواجداد اور ابتدائی تعلیم وتربیت کے ذیل میں خود اس کے اشعار سے انہوں نے مدد لی ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ ثنائی کو اس دور کے متداول علوم وفنون پر کامل دستگاہ حاصل تھی۔ان اشعار میں ثنائی نے مذہبی اور تاریخی تلمیحات کے ساتھ علم ہندسہ اور نجوم کے مصطلحات کا ماہرانہ استعمال کیا ہے جس سے ان علوم پر اس کی قدرت کا اندازہ ہوتا ہے۔ثنائی کے دربارِ صفوی سے تعلق اور اسماعیل ثانی سے اس کے روابط کا ذکر کرتے ہوئے حبیب المرسلین صاحب نے خاص طور پر اس کے ساقی نامہ کا ذکر کیا ہے جس کو سلطان ابراہیم میرزا نے بہت پسند کیا تھا اور یہی اس سے قربت کا سبب بھی بنا تھا۔سلطان ابراہیم کے بعد وہ شاہ اسماعیل ثانی کے زیرِ سرپرستی آگیا جس کی شان میں اس نے قصیدہ بھی لکھا۔لیکن پھر کسی وجہ سے وہ اس سے کبیدہ خاطر ہوگیا اور ہندوستان میں دربار اکبری سے وابستہ ہوگیا۔ بعد میں حکیم ابوالفتح گیلانی اور عبدالرحیم خانخاناں کے درباروں سے بھی اس کی وابستگی رہی۔تاہم وہ یہاں بھی مطمئن نہیں رہا۔اس کے اسباب وعلل پر روشنی ڈالتے ہوئے اور اس دور کے حالات کا تجزیہ کرتے ہوئے پروفیسر حبیب المرسلین صاحب نے لکھا ہے کہ دراصل ثنائی کو جتنی مالی منفعت کی توقع تھی وہ پوری نہیں ہوئی۔اس کے علاوہ اس کو معاصر شعرا کی چشمکوں اور حسد ورقابت کا بھی سامنا کرنا پڑا جس میں عرفی اور فیضی جیسے شعرا بھی شامل تھے۔انہی سب اسباب کی بنا پر وہ یہاں بھی خوش

نہیں رہا اور بالآخر اسی حالت میں ۹۹۶ھ میں لاہور میں اس کا انتقال ہوگیا۔

ثنائی کے اخلاق و عادات پر روشنی ڈالتے ہوئے مصنف نے اسے عالی ظرف اور خوددار شاعر قرار دیا ہے جو بیجا قصیدہ خوانی سے گریز کرتا تھا۔ وہ قناعت پسند بھی تھا اور فطرتاً بے نیاز واقع ہوا تھا۔ صبر وتحمل اس کی سرشت کا ایک لازمی جزو تھا۔ اسی لئے طنز وتشنیع کے باوجود وہ ہمیشہ صبر وضبط کا مظاہرہ کرتا ہے۔ ثنائی کے معاصرین میں خاص طور پر حبیب المرسلین صاحب نے عرفی، فیضی، نظیری، قلی میلی اور غزالی مشہدی وغیرہ کا ذکر کیا ہے اور ان کے شاعرانہ امتیازات پر روشنی بھی ڈالی ہے۔ اسی طرح ثنائی کے سرپرستوں میں انہوں نے شاہزادہ ابراہیم میرزا، بادشاہ اکبر، حکیم ابوالفتح گیلانی اور عبدالرحیم خانخاناں وغیرہ کا ذکر کیا ہے جنہوں نے نہ صرف ثنائی مشہدی کو پناہ دی بلکہ بہت حد تک اس کو معاشی فکر سے آزاد بھی رکھا۔ مقالے کے آخری حصوں میں حبیب المرسلین صاحب نے ثنائی کی شاعری کا مفصل تجزیہ کیا ہے جس کے آغاز میں انہوں نے ایسے تمام تذکرہ نگاروں کی آراء کو بھی نقل کیا ہے جنہوں نے ثنائی مشہدی کے شاعرانہ کمال کا اعتراف کیا ہے۔ ثنائی کی قصیدہ نگاری پر اظہار خیال کرتے ہوئے مرسلین صاحب نے اس کی خوبصورت تشبیب کی تحسین کی ہے۔ اس کے قصائد میں جدید حسیت کی نشاندہی کرتے ہوئے انہوں نے اسے قدما سے مختلف قرار دیا ہے۔ اس ذیل میں انہوں نے فارسی کے کئی ممتاز قصیدہ نگاروں (مثلاً خاقانی وغیرہ) سے ثنائی کے قصائد کا موازنہ بھی کیا ہے۔ 'ثنائی کا تغزل' کے زیر عنوان اس کی غزلیہ شاعری پر روشنی ڈالتے ہوئے مرسلین صاحب نے اس کی غزلوں میں خیال بندی اور جدت ادا کی تحسین کی ہے۔ اس کے علاوہ اس کے یہاں حسن خیال اور مضمون آفرینی جیسی خوبیوں کا جائزہ بھی لیا ہے۔ ثنائی کی مثنوی نگاری اور رباعی نگاری کا مختصر سا جائزہ بھی اس تھیسس کی زینت ہے۔ خاتمہ کلام میں حبیب المرسلین صاحب نے ثنائی مشہدی کو اُن شعرا میں قرار دیا ہے جنہوں نے ہندو ایران دونوں ملکوں کے محفل شعر وسخن کو رونق بخشی ہے۔ تھیسس کے آخر میں ثنائی کے قصائد، غزلیات، مثنویات اور رباعیات کے مکمل متن کی ترتیب وتدوین کی گئی ہے اور حاشیہ میں اختلاف نسخ کو بھی درج کیا گیا ہے۔ ہندوستان میں ثنائی مشہدی کے کلام کو متعارف کرانے اور فارسی ادبیات میں اس کا مقام متعین کرنے کی غالباً یہ پہلی ایماندارانہ کاوش ہے جو ،افسوس ہے کہ اب تک تشنہ طبع ہے۔

نثر میں پروفیسر حبیب المرسلین صاحب کا یہ علمی وتحقیقی کارنامہ اپنی جگہ، لیکن سچ یہ ہے کہ ان کی علمی وادبی شخصیت کی بنیادی شناخت ان کی فارسی شاعری ہے۔ حالانکہ بدقسمتی سے یہ بھی اب تک تشنہ طبع ہی ہے۔ تاہم غنیمت ہے کہ ان کے کلام کا مسودہ ان کے پاس محفوظ رہ گیا جس سے ان کی شاعری کے کچھ نمونے یہاں پیش کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ ظاہر ہے ایک مختصر سے مضمون میں متفرق کلام سے کچھ جھلکیاں ہی پیش کی جاسکتی ہیں۔ ورنہ سچ تو یہ ہے کہ شاعری کا یہ وقیع سرمایہ فارسی کی رخصت ہوتی ہوئی شعری روایت کا عکس جمیل ہے، جس میں روایت کا احترام بھی ہے، صوفیانہ جذبات کی تابانی بھی اور جدید عصری حسیت کی ترجمانی بھی۔ اور خاص طور پر عربی آمیز الفاظ وتراکیب کے خوبصورت اور برجستہ استعمال نے ایک طرف ان کے کلام میں پختگی اور امتیازی شان پیدا کی ہے اور دوسری طرف اثر کی شدت میں اضافہ بھی کیا ہے۔ اور یہی ان کی شاعری کا نشان امتیاز ہے۔

## منابع


۱۔نغمات شیرین شیدامعروف بہ قند شیراز (مجموعہ کلام فارسی ۔غیر مطبوعہ ) پروفیسر حبیب المرسلین شیدا۔

۲۔ملہمات (مجموعہ کلام اردو۔غیر مطبوعہ ) پروفیسر حبیب المرسلین شیدا۔

۳۔ پاسداران زبان وادبیات فارسی در ہند۔تہیہ شدہ درمرکز تحقیقات زبان فارسی در ہند۔دہلی نو۔محرم الحرام۔۱۴۰٦ھ

۴۔خواجہ حسین ثنائی مشہدی: حیات اور کارنامے۔(مقالہ تحقیقی برائے پی ایچ ڈی۔غیر مطبوعہ ) پیشکش: حبیب المرسلین صاحب


☆☆☆

**ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں**
صدر شعبہ فارسی، مطالعات وسط اشیاء
مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد، تلنگانہ

## ڈاکٹر رضیہ اکبر- جامعہ عثمانیہ کی پہلی فارسی استاد

ڈاکٹر رضیہ اکبر کا شمار زبان فارسی کے ممتاز اساتذہ میں ہوتا ہے۔ وہ شعبہ فارسی جامعہ عثمانیہ کی پہلی خاتون استاد اور پہلی خاتون صدر شعبہ رہیں۔ شہر حیدرآباد دکن کی اہل قلم خواتین میں نمایاں حیثیت کی حامل رہیں۔ ڈاکٹر رضیہ اکبر کے اجداد عہد اکبری میں نیشاپور (ایران) سے ہندوستان آئے اور اتر پردیش میں کانپور اور لکھنؤ کے درمیان سون ندی کے کنارے آباد ایک قدیم بستی ''موہان'' میں سکونت اختیار کر لی۔ اور یہاں درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا کچھ ہی دنوں میں موہان علم و حکمت کا ایک بہت بڑا گہوارہ بن گیا اور خطہ یونان کہلانے لگا۔ ڈاکٹر رضیہ اکبر کے دادا سید سلطان حسن نے تلاش روزگار میں حیدرآباد کا رخ کیا اور یہیں منتقل ہو گئے۔ سید سلطان حسن جن کا گھرانہ مولوی گھرانہ کہلاتا تھا جبکہ دادی کبری بیگم کا تعلق امام باڑے سے تھا۔

سلطان حسن عربی و فارسی کے ماہر تھے جبکہ کبری بیگم اردو، فارسی کے علاوہ ترکی کی بھی ماہر تھی۔ غرض دونوں بڑے روشن خیال اور تعلیم کی اہمیت سے واقف تھے۔ ان کو تین لڑکے اور دو لڑکیاں تولد ہوئے۔ ان کے بڑے لڑکے سید اکبر حسن کی شادی کلیانی کے ایک گھرانے میں اقبال النساء سے ہوئی۔ ان کی اولاد میں چار لڑکیاں جمال النساء جو'باجی' کے نام سے مشہور ہیں۔ رضیہ اکبر، رابعہ برنی (یہ شاعری کا ذوق رکھتی تھی ان کا ایک شعری مجموعہ ''پرواز شوق'' شائع ہو چکا ہے) ذکیہ عادل اور پانچ لڑکے اکبر حسن (قطب شاہی دور کا فارسی ادب کے بشمول کئی کتابوں کے مصنف، مترجم اور صحافی تھے) مظہر حسن، ظفر حسن، انور حسن اور قمر حسن شامل تھے۔

رضیہ اکبر کا تعلق اردو کے نامور شاعر اور مجاہد آزادی مولانا حسرت موہانی کے خاندان سے ہے ان کے والد سید اکبر حسن اور سید فضل الحسن حسرت موہانی سگے چچا زاد بھائی تھے۔

رضیہ اکبر 1992ء میں حیدرآباد میں پیدا ہوئیں یہ اپنے والدین کی تیسری اولاد تھیں۔ ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔ 1938 میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ سائنس سے یف لیس سی کیا۔ بی اے میں اردو اور فارسی میں پوری یونیورسٹی میں ٹاپ کرنے اور مستحق وظیفہ قرار دئے جانے کے باوجود یونیورسٹی میں ایم اے فارسی میں داخلہ واحد امیدوار ہونے کی وجہ سے نہیں ہو پایا لہذا رضیہ اکبر نے پرائیویٹ ایم اے فارسی میں داخلہ لے لیا۔ ان دونوں ایم اے میں بھی مقالہ لکھا جاتا تھا رضیہ اکبر نے نظامی گنجوی پر مقالہ لکھا تھا کہا جاتا ہے کہ باہر کے ممتحن علی گڑھ کے پروفیسر ہادی حسن تھے انہوں نے اس مقالے پر یہ ریمارک لکھا تھا کہ ''میں سو سے زیادہ نمبر نہیں دے سکتا ورنہ اس مقالہ کو 125 نمبر دیتا''۔

رضیہ اکبر نے یہ مقالہ مولوی عبدالحمید خان کی نگرانی میں لکھا تھا بعد میں یہ مقالہ کتابی شکل میں ''نظامی گنجوی تحقیقی مطالعہ'' کے عنوان سے شائع ہوا اور اسکو حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے 1961 کی بہترین کتاب کے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ مولوی عبدالحمید خان شیروانی کا شمار جامعہ عثمانیہ کے معماران میں ہوتا ہے انہیں جامعہ عثمانیہ کی تاسیس کے بعد شعبہ فارسی کے قیام اور اس کے نصاب کی ترتیب اور تدریس کے لیے آگرہ سے بلوایا گیا تھا وہ وہاں وکٹوریہ کالج میں فارسی و عربی کے استاد تھے۔ رضیہ اکبر نے فارسی کی تعلیم باضابطہ طور پر انہیں سے حاصل کی تھی۔

کچھ یادیں کچھ باتیں (خودنوشت سوانح اختر حسن) میں اختر حسن لکھتے ہیں:

''عبدالحمید خان صاحب فارسی کے بہت بڑے اسکالر تھے اور بے حد دوست آدمی کلاس میں آتے تو پہلے ہر طالب علم کو ایک ایک نوٹ بک اور پنسل دیتے پھر لکچر شروع کرتے۔ قصیدے بڑھاتے تھے اور اس خوبی سے کہ مطلب دل پر نقش ہو جاتا۔ دادا میاں کے بعد کسی سے فارسی سیکھی تو وہ عبدالحمید خان صاحب تھے۔ وہ مجرد رہے اور سکندرآباد میں ان کا ایک چھوٹا سا گھر بہت خوبصورت سجا ہوا تھا کوئی طالب علم ان کے گھر جاتا تو اپنے ہاتھ سے چائے بنا کر پلاتے اس کی خاطر تواضع کرتے۔ میری بہن رضیہ کو باوجود بی اے میں اردو فارسی میں پوری یونیورسٹی میں ٹاپ کرنے اور مستحق وظیفہ قرار دئے جانے کے یونیورسٹی میں داخلہ نہیں دیا گیا۔ چونکہ ایم اے فارسی کے لیے وہ واحد امیدوار تھی اور اس کو مجبوراً پرائیویٹ ایم اے کرنا پڑا تو فارسی پڑھنے وہ عبدالحمید خان صاحب کے پاس سکندرآباد ملک پیٹ سے لوکل ٹرین پکڑ کر جاتی تھی اس وقت ہم ملک پیٹ کے ایک کرایہ کے مکان میں آگئے تھے جو اسٹیشن سے قریب تھا۔''

کتاب نظامی گنجوی کے مقدمہ میں رضیہ اکبر لکھتی ہیں:

''میں اپنے استادِ محترم مولوی عبدالحمید خان صاحب مرحوم پروفیسر شعبہ فارسی جامعہ عثمانیہ کا ذکر کیے بغیر نہیں رہ سکتی کہ اولاً نظامی پر اپنا ایم اے کا مقالہ میں نے صاحب موصوف کی نگرانی میں ہی لکھا تھا ان کی ذات بلاشبہ جامعہ عثمانیہ کے لیے باعث صد فخر تھی اور رہے گی انہوں نے جس مہربانی شفقت اور واقعی استادانہ ذوق کے ساتھ میری رہبری کی، میرے لیے سہولتیں فراہم کیں اپنی شعرفہمی اور ذوق نگاہ سے میرے ذہن ونظر کی تربیت کی میرے ذوق اور حوصلوں کو جگایا اس کی یاد میرے دل میں ہمیشہ تازہ رہے گی اور اگر میں کہوں تو کچھ غلط نہ ہوگا کہ یہ اسی محترم یاد کا فیض ہے کہ آج میں اپنی سولہ سال قبل کی ایک ''کوشش ناتمام'' کو نظرثانی کے بعد بہت سے نئے اضافوں اور نئی فہم کے ساتھ موجودہ صورت میں قارئین کے سامنے پیش کر رہی ہوں۔''

1963ء میں اسکالرشپ پر ایران گئیں اور تہران یونیورسٹی سے آقائی دکتر حسن منوچھر کی رہنمائی میں ''شرح احوال وسبک اشعار بابا فغانی شیرازی'' کے عنوان سے 1965 میں ڈکٹوریٹ کی سند حاصل کی۔ بعد میں یہ مقالہ 1974 میں کتابی

شکل میں شائع ہوا۔

ڈاکٹر رضیہ اکبر اردو، فارسی، انگریزی، ہندی کے علاوہ فرانسیسی وروسی زبان میں بھی دستگاہ رکھتی تھیں۔ یہ ایران جانے سے قبل ہی جامعہ عثمانیہ کے شعبہ فارسی سے منسلک ہوگئی تھیں۔ اسطرح سے ان کو جامعہ عثمانیہ کی پہلی فارسی کی خاتون استاد ہونے کا اور حیدرآباد دکن کی پہلی ایران جا کر ڈاکٹوریٹ کی ڈگری حاصل کرنے والی خاتون ہونے کا اعزاز حاصل تھا۔ اسکے علاوہ انہیں جامعہ عثمانیہ شعبہ فارسی کی پہلی خاتون صدر شعبہ ہونے کا بھی اعزاز حاصل تھا۔

تحریک آزادی کی کئی تنظیموں میں وہ مخدوم محی الدین، عصمت چغتائی، راج بہادر گوڑ، سرینواس لاہوتی، اختر حسن، جمال النساء اور زینت ساجدہ وغیرہ کے ساتھ کئی تحریکوں میں شریک رہیں اوراسی ضمن میں انہیں قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کرنی پڑی اسکے متعلق، اختر حسن اپنے سوانح میں لکھتے ہیں:

''جب ہم پولس کنٹرول روم پہنچے تو عجیب منظر تھا ہم سمجھ رہے تھے کے صرف ہماری گرفتاری عمل میں آئی ہے وہاں کیا دیکھتے ہیں ایک طرف سے عالم خوندمیری چلے آرہے ہیں ایک طرف سے میری بہن رضیہ اور میرے بھائی مظفر قمر مرحومین ایک طرف سے زینت ساجدہ اور کئی شناسا چہرے۔ ایک ہی پلہ میں سب کو گرفتار کیا گیا سب کو الگ الگ کمروں میں بٹھایا گیا اور کوئی نو گھنٹے تک باری باری ہر ایک سے introgation ہوا۔ زینت کا نمبر چوتھا تھا ان سے کچھ پوچھ ہوئی وہ بری طرح رونے لگیں تو ان کو حوالات سے ہی چھوڑ دیا گیا مگر رضیہ کو جیل بھیجا۔ مظہر قمر کو بھی پھر مجھے اور عالم کو رضیہ زینت ساجدہ اور عالم خوندمیری یونیورسٹی میں کارگزار تھے۔ زینت تو خیر حوالات سے ہی چھوٹ گئی تھیں مگر عالم اور رضیہ جیل میں ہی تھے اور ملٹری گورنر نے وائس چانسلر کو order دیا تھا کہ ان دونوں کی Service ختم کردی جائے علی یاور جنگ (وائس چانسلر) نے حکم کی تعمیل کی بجائے اسکا جواب دیا کہ ان پر مقدمہ چلایا جائے اگر وہ مجرم ثابت ہوں تو میں فوراً ان کی service ختم کردونگا۔ چنانچہ case تو چلا نہیں اور جب وہ لوگ چھوٹے تو continoity of Service کو باقی رکھتے ہوئے رضیہ اور عالم دونوں کو یونیورسٹی میں برقرار رکھا گیا۔''

اس واقعہ کے بارے میں جمال النساء لکھتی ہیں:

''یوں تو صحت ہمیشہ اچھی رہی لیکن جیل سے آنے کے بعد کئی ماہ بہت بیمار رہیں۔ جیل میں زمین پر سونا، بارش کا موسم ٹھنڈے پانی سے نہانا، مجرم قیدیوں کے ساتھ رہنا (سیاسی قیدیوں کے لیے کوئی علاحدہ انتظام نہیں تھا) ان باتوں کا ان کی صحت پر بہت برا اثر ہوا تھا۔ وہ ہمیشہ خاموشی سے سب کچھ برداشت کرنے کی عادی۔ یہاں سکینہ نامی ایک اچھے ڈاکٹر تھے ان کے علاج سے کئی ماہ بعد صحت یاب ہوئیں اور پھر ملازمت کے علاوہ لکھنے لکھانے کا مشغلہ۔''

یہ عجیب بات ہے کہ ڈاکٹر رضیہ اکبر باجی جمال النساء کے ساتھ ہر تحریک، ہر محاذ پر برابر شریک وشامل رہیں یہاں

تک کہ جیل بھی گئیں لیکن جوشہرت باجی جمال النساء اور دیگر آزادی خواہان کو ملی وہ رضیہ اکبر کو نہیں ملی۔ وہ کئی کتابوں کی مصنف ،مرتب اور مترجم کی حیثیت سے بھی اپنی ایک الگ شناخت رکھتی ہیں۔ انکے علمی و ادبی آثار کی فہرست بہت طویل ہے۔ جن میں شامل ہیں

* نظامی گنجوی: تحقیقی مطالعہ (اردو)1961
* تاثرات سفر ایران: (اردو)1970
* احوال وسبک اشعار بابافغانی شیرازی (فارسی)1974
* زبدہ فارسی ادب (برائے نصاب بی اے)1972
* پارسی نغز (برائے نصاب بی اے)1977
* ارشادات عالیہ شاہنشاہ آریامہر 1977
* یادواشتہ ہای بخارا صدرالدین عینی (فارسی سے اردو)1987
* نوائے پاسٹرناک (سویت روس کے نوبل انعام یافتہ ادیب بورس پوسٹر ناک کی آپ بیتی کا اردو ترجمہ)1980
* زبان وادبیات فارسی درقلمرو قطب شاہی (فارسی)
* ہمارے بچے آندھراپردیش مہیلا فیڈریشن کے زیر اہتمام بچوں کے بین الاقوامی سال 1979 کے موقعہ پر (اردو)1979
* ایران میں جدید فارسی ادب کے پچاس سال 1991
* ایڈورڈ کارپنٹر کی نظموں کا انگریزی سے اردو میں ترجمہ
* مکتوبات فارسی Montesquiev's Letter persons کا فرانسیسی سے اردو ترجمہ
* نسخہ درفن فلاحت۔ داراشکوہ (فارسی سے انگریزی)2000 وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

یہ نسخہ 17ویں صدی عیسوی میں شاہزادہ داراشکوہ کا فن زراعت پر لکھا گیا تھا۔ اسکا ڈاکٹر رضیہ اکبر نے ترجمہ کیا تھا اسے انکی آخری تحریر کہا جاسکتا ہے۔ اس کے متعلق جمال النساء باجی اپنی یاددواست بکھری یادیں میں لکھتی ہیں:

''باغبانی کے تعلق سے داراشکوہ کی فارسی میں ہاتھ سے لکھی ایک کتاب سنا تو یہ کہ یہ کتاب داراشکوہ کی زراعت کے موضوع پر لکھی ایک کتاب کا حصہ ہے بمبئی کے کسی ادارے سے متعلق ایک صاحب سے کتاب کا ترجمہ انگریزی میں کروانا چاہتے تھے انہوں نے اس کا ترجمہ کرنے کی خواہش رضیہ سے کی۔ کام مشکل تھا تحریر صاف نہیں تھی کہیں کہیں کوئی لفظ غائب رضیہ نے اس پر بڑی محنت کی۔ پہلے فارسی سے اردو میں ترجمہ کیا پھر انگریزی میں یہ ترجمہ بہت پسند کیا گیا اور کتاب چھپنے پر اس کی پانچ جلدیں انہوں نے رضیہ کو ارسال کیں۔ اس کتاب کا اردو مسودہ میرے پاس محفوظ ہے لیکن اردو پڑھنے والے

کتنے رہ گئے ہیں اوران میں کس کو باغبانی سے کیا دلچسپی ہوگی کہ اس کتاب کو شائع کروائیں۔“

بکھری یادیں سے ہی پتہ چلتا ہے کہ رضیہ اکبر کی کئی کتابیں اور مقالے ابھی غیر مطبوعہ ہیں کئی ماہناموں میں انکی تحریریں شائع ہوئیں۔ جیسے نگار لکھنو، صبا حیدرآباد، انڈو ارانیکا کلکتہ، آندھراپردیش، حیدرآباد، شعروحکمت حیدرآباد، مجلّہ عثمانیہ، اسلامک کلچر، کلپنا وغیرہ میں ان کے مقالے، انشائیہ، افسانے اور تبصرے شائع ہوئے ہیں۔

ان کی کئی کتابیں آج بھی عثمانیہ یونیورسٹی کے نصاب میں شامل ہیں۔ اور کئی کتابیں مختلف دانشگاہوں میں Reference Book کے طور پر موردِ استفادہ ہیں۔تقریباً 33 سال جامعہ عثمانیہ کے شعبہ فارسی سے منسلک رہیں۔ فارسی زبان وادب کی گرانقدر خدمات کے صلے میں آپ کو 1989 میں حکومت ہند کی جانب سے سرٹفکیٹ آف آنر President Award سے بھی نوازا گیا۔

ڈاکٹر رضیہ اکبر کی شاگردی کا شرف حاصل کرنے والی چند اہم شخصیات میں شامل ہیں۔

* پروفیسر رفیق فاطمہ (المتوفی 2021) سابق صدر شعبہ فارسی جامعہ عثمانیہ۔ 2005 میں وظیفہ حسن پر سبکدوش ہوئیں کئی کتابوں کی مصنفہ تھیں۔

* پروفیسر نجمہ صدیقہ، سابق صدر شعبہ فارسی جامعہ عثمانیہ۔ 2004 میں وظیفہ حسن پر سبکدوش ہوئیں کئی کتابوں کی مصنفہ ہیں۔ وظیفہ کے بعد امریکہ منتقل ہوگئیں ہیں۔ پروفیسر عزیز بانو، ڈین اسکول آف لینگویجز، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، ڈاکٹر سید اسحاق عالم، سابق استاد جامعہ عثمانیہ

* ڈاکٹر زرینہ پروین، ڈائریکٹر اے پی اسٹیٹ ارکائیوز (موجودہ تلنگانہ اسٹیٹ ارکائیوز) وغیرہ شامل ہیں۔

ڈکٹر رضیہ اکبر کو ایک استاد کی حیثیت سے بھی غیر معمولی مقبولیت وشہرت حاصل تھی جس کا اندازہ ان کے شاگردوں کی تحریروں سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔ ان کی شاگرد جامعہ عثمانیہ کی سابق صدر شعبہ پروفیسر رفیق فاطمہ اپنے ایک مضمون (مطبوعہ سب رس ستمبر 2001) میں لکھتی ہیں:

> ”رضیہ آپا نے اپنی گراں بہا خدمات شعبہ فارسی کے لیے انجام دیں جس کے لیے سب ان کے ممنون و احسان مند ہیں وہ ہمارے شعبے کی پہلی خاتون تھیں جو رئیس گروہ کے عہدہ پر فائز ہوئیں۔ وہ ہمیشہ شاگردوں کی ترقی کے لیے کوشاں رہتی تھیں۔ آپ ضرورت مند شاگردوں کا خیال رکھتی تھیں۔ مجھے بھی آپ کی شاگردی کا شرف حاصل ہے۔ اور میرے نظروں میں وہ تمام حسین اور یادگار لمحے تازہ ہیں جس کے ذریعہ میں نے ترقی کی منزلیں طے کیں اور آپ نے ایک شفیق استاد کے روپ میں ہمیشہ ہی حوصلہ بڑھایا۔ آپ کے شاگردوں کی فہرست طویل ہے جس میں وہ شاگرد بھی ہیں جنہوں نے آپ کی رہنمائی میں ایم فل اور پی ایچ ڈی کی ڈگریاں حاصل کیں جن میں اولیت مجھے حاصل ہے کہ میں نے آپ کی نگرانی میں پی ایچ ڈی کی تکمیل کی اس دوراں وہ ہر مشکل مسئلے کو کمال آسانی سے سلجھایا کرتی تھیں وہ معلومات کا خزانہ تھیں اور شخصیت ہمہ گیر جس سے ان کے تمام شاگرد مستفید

ہوئے ہیں وہ وسیع الذہن اور ترقی پسند تھیں اس کے علاوہ دوستوں میں مخلص اور پرخلوص رہتی تھیں۔
بھائی بہنوں کی خوشیوں کا محور تھیں وہ ایک ایسی شمع تھیں جو دوسروں کو خوشی اور روشنی عطا کرتی تھیں۔''

آپ کی ایک اور شاگرد ڈاکٹر زیب حیدر استاد فارسی جامعہ عثمانیہ اپنے ایک مضمون (مطبوعہ سب رس ستمبر 2001) میں لکھتی ہیں:

''رضیہ آپا کے متعلق کچھ کہنا چھوٹا منہ بڑی بات ہے۔ رضیہ آپا ہم سب کی استاد رہی ہیں اور بہت ہی سنجیدہ اور خاموش علم و ادب کی خدمت گزار رہی ہیں اس کے ساتھ ساتھ آپ میں وطن دوستی اور مادری زبان کی خدمت کا جذبہ بہ درجہ اتم موجود تھا۔''

ڈاکٹر زیب حیدر اپنے ایک اور مضمون (مطبوعہ ماہنامہ سب رس جولائی 2001) میں لکھتی ہیں:

''جب رضیہ آپا سے تلمذ کا شرف حاصل ہوا تو بہت کچھ ان سے پایا خصوصاً حافظ شیرازی پڑھاتی تو بڑا مزا آجاتا.........رضیہ آپا جب کلاس میں پڑھاتیں تو ایسا معلوم ہوتا کہ اطراف میں ایک ماحول پیدا ہوگیا ہے۔.......لوگ رضیہ آپا سے بات کرنے کے لیے جھجکتے تھے آپ کی شخصیت میں ایک ایسا رعب تھا کہ باوجود محبت و یگانگت کے سب شاگرد ایک فاصلہ قائم رکھتے حالانکہ رضیہ آپا کبھی کسی کو سخت الفاظ میں کچھ نہیں کہیں ان کی نگاہیں سب کچھ کہہ دیتی تھیں۔.........رضیہ آپا کا شمار ایسی عورتوں میں ہوتا ہے جنھوں نے پرانی روایتوں سے بغاوت کر کے گھر سے باہر قدم رکھا اور میدان علم میں اپنے رشحات قلم سے گھوڑے دوڑا دئے اور آپ کی ہمت افزائی آپ کے والد اکبر حسن اور بھائی اختر حسن صاحب نے کی رضیہ آپا کے سینہ میں ایک ہم درد دل ہے جو انسانیت پر ظلم و جبر سے بھڑک اٹھتا ہے آپ مختلف ادبی و تہذیبی انجمنوں کی روح رواں بھی رہ چکی ہیں۔''

ڈاکٹر رضیہ اکبر ایک ہونہار طالب علم، ایک مقبول استاد، ایک ممتاز ادیب، ایک بہترین مترجم اور ایک دلکش شخصیت کی مالک و حامل تو تھیں ہی ان کے علاوہ اگر ان کی نجی زندگی پر نظر ڈالی جائے تو وہ بہ حیثیت بیٹی اور بہن انہوں نے بہت اچھے سے اپنی ذمہ داریاں نبھائی ہیں۔

ڈاکٹر رضیہ اکبر نے شادی نہیں کی تھی اس کے متعلق ''بکھری یادیں'' میں جمال النساء لکھتی ہیں:

''رضیہ ابّی کی زندگی ہی میں تہران (ایران) سے پی ایچ ڈی کی ڈگری لے آئیں تھیں 1977ء سے یونیورسٹی کے شعبہ فارسی میں پروفیسر اور صدر شعبہ ہوگئی تھیں۔ گھر کے خرچ کی ذمہ داری ملازمت کے شروعات ہی سے وہی اٹھائے جارہی تھیں۔ ابّی کو اس کا اور اس کے گھر نہ بسنے کا بھی بڑا رنج تھا اس کی تنہائی کا احساس تو مجھے بھی۔ مگر چارہ ہی کیا ایک ذہن اور معیار بن جائے اور اس پیمانے پر کوئی نہ ملے یا مل بھی جائے اور نا قابل حصول ہو تو کیا کیا جائے......؟ موجودہ سماج اور حالات بدل جائیں تو شاید حل نکل آئے، مگر پھر بھی ـ ـ ـ۔ انسانی قدروں، ذمہ داریوں اور مجبوریوں کا احساس شاید

احساسات زندگی کے ضامن بن جاتے ہیں۔''

ڈاکٹر رضیہ اکبر کے والد اکبر حسن روشن خیال تھے انہوں نے خاندان بھر کی مخالفت کا سامنا کرتے ہوئے ڈاکٹر رضیہ اکبر کو اعلیٰ تعلیم دلوائی ڈاکٹر رضیہ اکبر نے بھی ایک سعادت مند بیٹی ہونے کا پورا فریضہ نبھایا جس کا اندازہ بکھری یادیں کے اس اقتباس سے لگایا جاسکتا ہے۔

''قمر کی جدائی کے ڈیڑھ دوسال بعد ابی بھی داغ مفارقت دے گئے مجھے تو یاد نہیں کہ وہ کبھی بیمار پڑے بس ایک بواسیر کی شکایت تھی۔ ذرا کمزور ہو رہے تھے عمر کا تقاضہ آخری دن تک دوپہر کا کھانا ہم سب کے ساتھ کھایا رات پیٹ میں درد بتایا۔ رضیہ ناشتے کے بعد دوا لینے گئی واپس آئی تو غافل تھے۔ تیرا ہی انتظار دیکھ رہے تھے رضو کہا اور پھر ہمیشہ کیلئے سو گئے۔''

ڈاکٹر رضیہ اکبر موذی مرض کینسر سے متاثر ہوگئیں تھیں۔ ان کی بیماری کی کیفیت کو جمال النساء ''بکھری یادیں'' میں بیان کرتے ہوئے لکھتی ہیں:

''ان ہی دونوں کینڈا سے شہلا اور ارزینہ بھی دو چار ماہ کیلئے آ گئے۔ اس طرح رابعہ کے ہاں چہل پہل سی نظر آئی۔ رضیہ اکبر وہاں جاتی رہتی ایک دن وہاں سے لوٹی تو بتایا کہ ہڈی میں کچھ درد سا محسوس ہو رہا ہے۔ اتفاق سے نوید بھی یہاں آیا ہوا تھا اس نے کسی ڈاکٹر کو دکھایا تو بتایا کہ پیٹھ کی ہڈی کو جھٹکا لگا ہے۔ درد اسی سبب سے ہے اور کچھ پٹی وغیرہ لگائی مگر درد بڑھتا گیا۔ نوید نے کسی اور ڈاکٹر کو دکھایا۔ ایکس رے وغیرہ کروایا غرض آخر میں پتہ چلا کہ کینسر ہے۔ رابعہ وغیرہ سب کا خیال کہ انہیں یہ بات نہ بتائی جائے اور مجھے یوں لگا کہ ان کے ذہن میں کبھی اس مرض کا خیال نہیں آیا رفتہ رفتہ حالت بگڑتی ہی گئی۔ شہلا کو نوکری پر جانا ضروری تھا وہ چلی گئی سیما اور ازرینہ بھی جا چکی تھیں۔ کچھ دنوں بعد شہلا نے کوشش کر کے چھٹی لی اور دوائیں لیے پھر یہاں آئی۔ اس وقت تک ان کی بیماری کو تقریباً سات آٹھ ماہ ہو رہے تھے۔ اس وقت تک تو یہ حالت ہوگئی تھی کہ نہ بول سکتی تھیں نہ کھا سکتی تھیں اور نہ اٹھ سکتی تھیں۔ ........اس دفعہ جب شہلا آئیں تو انہیں پہچان بھی نہ پائیں اور نہ بات کر سکیں۔ ڈاکٹروں نے جواب دے دیا تھا کہ جب تک سانس چل رہی ہے ٹھیک ہے۔ آخری ہفتہ عشرہ تو آکسیجن پر تھیں مگر شہلا کا اصرار ہاسپٹل لے جایا جائے انہوں نے اس پر عمل بھی کیا۔ آخری تین دن گھر سے پہلے بنجارہ ہلز لے گئیں اور پھر وہاں سے سیدھے ہاسپٹال۔ رابعہ اور ذکیہ نہ جا سکیں۔ میں کسی طرح چلی گئی۔ وہاں دیکھا کہ انھیں ہوش تو تھا نہیں بس پٹیوں میں جکڑی ہوی تھیں تیسرے دن صبح چار بجے کے قریب انہوں نے بھی ہم سب کو چھوڑ دیا............ میری اس بہن کو نام و نمود کی خواہش کبھی نہ رہی بڑی خاموشی سے اپنی زندگی اور اپنے بھائیوں کی دیکھ بھال کرتی رہیں اور چل بسیں۔''

یادنمی کنی وزیادم نمی روی

یہ نظام قدرت ہے ہر ذی روح کا انجام واتمام موت ہے ازل سے ایسا ہی ہوتا آرہا ہے اور حشر تک ایسا ہی چلتا رہے گا۔ قدرت کے اس قانون سے کسی بھی بندے کو مفر یا فرار حاصل نہیں ہے۔ ہر بندے و بشر کو اپنے وقت مقرر ہ پر اس دنیائے فانی سے رخصت ہونا ہی ہے۔ ڈاکٹر رضیہ اکبر اپنی زندگی کے 79 برس گزار کر 2001ء کو اس دنیائے فانی سے رخصت ہوئیں۔ اپنے پیچھے انہوں نے جو گرانبہا علمی وقلمی اپنی یادگار چھوڑیں ہیں وہ گرانقدر آثار دنیائے فارسی میں ہمیشہ انکی یاد کو تازہ وتابندہ اور ان کے نام کو زندہ وروشن رکھیں گے۔

ڈاکٹر رضیہ اکبر نے چودہ، پندرہ سال کی عمر میں قلم تھاما اور اپنی وفات سے ایک سال قبل تک مسلسل لکھتی رہیں۔ ابتدائی دنوں میں انہوں نے رضیہ بیگم کے نام سے کہانیاں، خاکے، انشائیے، اصلاحی مضامین وغیرہ لکھے جو اس زمانے کے رسائل وجرائد بچے، رسالہ شہاب، جن، ایوان، سہیلی، حریم، منادی، رسالہ زیب النساء، تہذیب النسواں وغیرہ میں شائع بھی ہوئے۔ پھر پیشہ تدریس سے وابستہ ہونے کے بعد بھی ان کا تصنیف وتالیف کا یہ سفر جاری رہا۔ چھ دہائیوں پر مشتمل ان کا یہ ادبی سفر مختلف زبانوں اور مختلف اصناف پر محیط رہا۔ جس بھی موضوع وصنف پر قلم اٹھا پوری طرح سے انصاف کیا یہی وجہ ہے کہ ہر تصنیف وتحریر کے متعلق بس بے ساختہ یہی کہا جا سکتا ہے کہ۔

زفرق تا بہ قدم ہر کجا کہ می نگرم

کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجاست

جنگ آزادی کے سلسلے میں بھی وہ کئی تحریکوں وتنظیموں کا حصہ رہی جیسے رضا کار تحریک، تلنگانہ تحریک، انجمن ترقی پسند مصنفین، ترقی پسند تحریک وغیرہ یہاں تک کے وہ جیل بھی گئیں لیکن اس سلسلے میں ان کے ساتھیوں کو جو شہرت ملی وہ اس سے بھی محروم رہیں۔ اس ضمن میں فہرست مجاہدین آزادی میں کبھی ان کا نام شامل رہتا ہے کبھی ندارد کبھی اختر حسن کی بہن اور کبھی جمال النساء باجی کی بہن کے طور پر ان کا تعارف ہوتا ہے۔ یہ کسی بھی طرح درست نہیں ہے۔ یہی حال ان کی ادبی خدمات کے سلسلے میں دیکھنے میں آتا ہے۔ اردو زبان میں انہوں نے بہت کچھ لکھا ہے لیکن جب دکن کی اہل قلم خواتین کا تذکرہ ہوتا ہے تو وہ بھی ان کے ذکر سے مبرا ہوتا ہے ہاں یہ ضرور ہے کہ وہ فارسی کی استاد تھیں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ان کی علمی وادبی خدمات کو یکسر نظر انداز کر دیا جائے۔ دنیائے فارسی میں انکی جو عزت وعظمت ہے اس سے کسی کو انکار نہیں ان کے گراں بہا آثار آج بھی اہل فارسی کیلئے مورد استفادہ ولائق امتنان ہیں۔

حالانکہ انہوں نے اردو زبان میں بھی بہت لکھا اور خوب لکھا ہے۔ اہل اردو کے لیے یہ امر مورد توجہ ہے۔ ڈاکٹر رضیہ اکبر کبھی نام ونمود اور شہرت کی خواستگار ومتمنی نہیں رہیں لیکن ان کی غیر معمولی علمی وادبی خدمات گرانبہا کارنامے وپرارزش آثار ہرگز بھی قابل فراموش نہیں ہیں۔ وہ ہمیشہ ان کی یاد دلاتے رہینگے۔

جسم پاکش شد نہاں درخاک ولیک

یاد او باشد بہ سینہ جاوداں

منابع:

1۔کچھ یادیں کچھ باتیں۔(خودنوشت سوانح اختر حسن)مرتب ڈاکٹر محمد شجاعت علی راشد2019،حیدرآباد

2۔بکھری یادیں۔جمال النساء2008،حیدرآباد

3۔خواتین عہد عثمانی-نصیرالدین ہاشمی،حیدرآباد

4۔ماہنامہ سب رس-جولائی2001،حیدرآباد

5۔ماہنامہ سب رس-ستمبر2001،حیدرآباد

6۔قند پارسی شمارہ ٨ بہار،دہلی

7۔تاثرات سفرایران:ڈاکٹر رضیہ اکبر1970،حیدرآباد

8۔ایران میں جدید فارسی ادب کے پچاس سال1950-1900،ڈاکٹر رضیہ اکبر1991،حیدرآباد

☆☆☆

**محمد ابرار رضا**
ریسرچ اسکالر، شعبہ فارسی
جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

# رفیق العارفین: تصوف کا ایک قدیم اور اہم ماخذ

ملفوظ نویسی کی تاریخ و روایت قدیم ہے۔ ہر دور میں مختلف سلاسلِ طریقت کے مخلص و وفا شعار مریدین و متوسلین اور باذوق و اہلِ علم حاضرینِ مجلس نے اپنے اپنے مشائخ طریقت اور پیرانِ سلاسل کے ملفوظات و ارشادات کی نقل و کتابت کا اہتمام کیا ہے اور انھیں محفوظ کر کے وابستگانِ سلسلہ اور نسلِ آئندہ کے لیے ایک یادگار تحفہ اور قیمتی سرمایہ فراہم کر دیا ہے۔ یہ علمی و ادبی، تاریخی و ثقافتی، اخلاقی و روحانی، سماجی و معاشرتی اور ملکی و سیاسی کئی جہتوں سے اہمیت کے حامل ہیں۔ ان سے صاحب ملفوظات کے احوال و مناقب، فضائل و کمالات، افکار و نظریات، معمولات و مشاغل، دعوتی و تبلیغی اسفار اور دینی و علمی آثار کے ساتھ ان کے عہد میں ملکی و سیاسی حالات و کوائف اور فکری و مذہبی میلانات و رجحانات وغیرہ کا بھی ایک جائزہ سامنے آتا ہے۔ ان کے مطالعے سے قلب کو تسکین و طمانیت اور روح کو کیف و سرور حاصل ہوتا ہے اور ان کا پڑھنے والا خود کو صاحب ملفوظات کی مجلس میں بیٹھا ہوا محسوس کرتا ہے اور ان کی روحانی و باطنی برکات سے خوب سرشار ہوتا ہے۔

اگر صاحب ملفوظات شریعت و طریقت دونوں علوم کے جامع ہوں تو ان کے ملفوظات کی اہمیت دوچند ہو جاتی ہے۔ عقلی و نقلی دلائل و براہین سے مدلل و مبرہن ہونے کے باعث ان کے ارشادات کو اہلِ علم و ادب میں اعتبار و استناد کا درجہ حاصل ہوتا ہے اور عوام و خواص سبھی ان سے محظوظ ہوتے ہیں۔ یہی حال زیرِ نظر کتاب ''رفیق العارفین'' کا ہے جو نویں صدی ہجری کے مستند عالم شریعت و طریقت اور سلسلۂ چشتیہ سراجیہ کے نامور بزرگ؛ سلطان العاشقین شیخ حسام الدین مانک پوری کے ارشاداتِ عالیہ اور ملفوظاتِ کریمہ کا وقیع مجموعہ ہے جس کے مرتب شیخ فرید الدین سالار عراقی ہیں جو ایک جید عالم و فاضل اور صاحب ملفوظات کے مرید و خلیفہ اور مجلس کے حاضر باش تھے۔

**صاحب ملفوظات:**

شیخ حسام الدین مانک پوری (متوفی ۸۵۳ھ) ایک جلیل القدر عالم و محقق اور عظیم المرتبت بزرگ تھے۔ مخدوم العالم شیخ علاء الحق پنڈوی کے خلف و جانشیں شیخ نور قطب عالم پنڈوی کے ممتاز مرید و خلیفہ اور دیارِ اودھ کی تاریخی و مرکزی خانقاہ؛ ''خانقاہ حسامیہ مانک پور'' کے مؤسس تھے۔

آپ کا اسم گرامی ''شیخ حسام الدین'' ہے۔ بعض تذکروں میں ''شیخ حسام الحق'' بھی ملتا ہے۔ نسباً فاروقی ہیں۔ سلسلۂ نسب اپنے مورثِ اعلیٰ مولانا شیخ اسماعیل فاروقی توسط سے امیر المومنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملتا ہے۔

آپ کا خانوادہ علمی، ادبی، دینی، روحانی، اخلاقی اعتبار سے بڑا عظمت اور تاریخی رہا ہے۔ آپ کے خاندان میں بڑے

بڑے علما و مشائخ ہوئے ہیں۔خود آپ کے والد گرامی مولانا خواجہ مانک پوری اور جدامجد مولانا شیخ جلال الدین مانک پوری اپنے دور کے عظیم علما و عرفا میں سے تھے۔ان دونوں کے احوال و کمالات پر شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اپنی شہرۂ آفاق تصنیف ''اخبارالاخیار'' میں خاصی روشنی ڈالی ہے۔چناں چہ مولانا خواجہ کے بارے میں فرماتے ہیں:

"مولانا خواجه والد شیخ حسام الدین مانك پوری دانش مند و متقی بود۔فقر بسیار می کشید"۔[۱]

نیز شیخ جلال الدین کے بارے میں رقم طراز ہیں:

"مولانا جلال الدین مانك پوری رحمة الله علیه جد شیخ حسام الدین مانك پوری مردی بزرگ و عالم و عابد و صابر و متقی بود"۔[۲]

آپ علوم و فنون کی تکمیل کے بعد درس و تدریس میں مشغول ہوئے۔اس وقت شیخ نور قطب عالم پنڈوی کی ولایت و قطبیت کا شہرہ تھا۔طالبین طریقت و حقیقت اور شایقین عشق و معرفت کشاں کشاں حضرت قطب کی بارگاہ میں چلے آتے اور شاد کام و فائز المرام ہو کر واپس ہوتے تھے۔جب آپ کے اندر روحانی کشش کا غلبہ اور تلاش شیخ کا جذبہ پیدا ہوا تو ہدایت باطنی اور اشارۂ روحانی کے مطابق آپ بھی پنڈوہ شریف (ضلع مالدہ، مغربی بنگال) پہنچے اور حضرت قطب کے دامن رشد و ہدایت سے وابستہ ہو کر ہمیشہ کے لیے انہی کے ہو کر رہ گئے۔اور پھر ایک مدت تک اپنے پیر و مرشد کی خدمت و تربیت میں رہ کر خلافت و اجازت اور روحانی نعمتوں سے بہرہ ور ہوئے۔

اس کے بعد پیر و مرشد نے آپ کو ولایت مانک پور سپرد کی اور خدمت خلق اور ارشاد و ہدایت کے لیے اپنے وطن روانہ فرمایا۔آپ عرض گزار ہوئے کہ مانک پور کی مسند ولایت پر تو مخدوم العالم شیخ علاءالحق پنڈوی کے مرید و خلیفہ شیخ نصیر الدین مانک پوری متمکن ہیں؟ پیر و مرشد نے ارشاد فرمایا: ''نصیر تا نصیر و حسام تا قیام'' اور پھر کچھ نصیحتیں اور ہدایتیں بھی کیں، چناں چہ شیخ حسام الدین فرماتے ہیں:

''جس وقت آپ نے مجھے رخصت کیا تو فرمایا کہ سخاوت میں آفتاب کی طرح، تواضع میں پانی کی طرح اور تحمل میں زمین کی طرح بنو اور خلق خدا کے جور و جفا کو برداشت کرو''۔[۳]

الغرض! آپ آستانۂ مخدوم سے رخصت ہو کر مانک پور آئے اور علم و معرفت کی تعلیم و تلقین کا سلسلہ شروع کیا۔کچھ دنوں کے بعد شیخ نصیرالدین کا انتقال ہو گیا۔آپ نے اپنی علمیت و روحانیت سے دیارِ اودھ کو رشد و ہدایت اور اخلاق و محبت کا گہوارہ بنا دیا۔شیخ محمد اکرام ''تاریخ ہندوستان'' میں شیخ نور قطب عالم کے ذکر میں لکھتے ہیں:

''آپ کے بعد آپ کا فیض آپ کے بیٹوں (شیخ رفقت الدین و شیخ انور) نے جاری رکھا۔ان کا رنگ بھی آپ جیسا تھا،لیکن آپ کے سب سے مشہور خلیفہ شیخ حسام الدین مانک پوری تھے جو ایک اہل علم اور صاحب ذوق خاندان کے چشم و چراغ تھے اور خود بھی منبع فیض ثابت ہوئے''۔[۴]

آپ کمالِ ادب اور خلوصِ ارادت کی وجہ سے اپنے پیر و مرشد اور تمام مخدوم زادگان کی نگاہ میں نہایت محترم و معزز اور محبوب و مقبول تھے، یہاں تک کہ اپنے پیر و مرشد کے بعد پیرزادگان کو دستِ بیعت و ارادت دینے کے ساتھ ان کو تعلیم و تربیت سے

آراستہ کرنے کی اہم خدمت بھی آپ کو عطا ہوئی ۔صاحب مرآۃ الاسرار لکھتے ہیں:

''آپ حضرت شیخ نور قطب عالم قدس سرہ کے خلیفۂ اعظم ہیں۔شیخ کے بعد ان کی مسند پر متمکن ہوئے اور ایک جہان آپ سے فیض یاب ہوا،اس حد تک کہ حضرت شیخ نور قطب عالم کے فرزند نے اپنے والد کے اشارہ کے مطابق خرقۂ خلافت مخدوم شیخ حسام الدین سے حاصل کیا اور آج تک ان کی اولاد حضرت شیخ حسام الدین کی اولاد سے خرقہ حاصل کرتی ہے''۔[۵]

آپ کے صاحب زادگان؛ شیخ فیض اللہ عرف قاضی شہ،شیخ احمد عرف شیخ بدھا اور شیخ نعمت اللہ عرف شیخ نھو علم وفضل،ورع وتقویٰ اور ولایت وروحانیت میں آپ کے عکس جمیل تھے۔شیخ فیض اللہ اپنی باطنی وروحانی کمالات کی وجہ سے اپنے والد کے جانشیں ہوئے۔

شیخ عبدالرحمٰن چشتی لکھنوی مرآۃ الاسرار میں لکھتے ہیں:

''شیخ حسام الدین نے آخری وقت میں مشائخ چشت کا خرقۂ خلافت اپنے فرزند قاضی شہ کو عطا فرمایا اور قسم قسم کی نعمتوں سے ان کو مالا مال کر کے فرمایا کہ میرے بیٹے قاضی شہ کا پہلا مرید مرتبۂ قطبیت کو پہنچے گا''۔[۶]

اور بقول شیخ محمد غوثی شطاری:

''آج تک شیخ فیض اللہ کے فرزند درجہ بدرجہ اپنے دادا کی جگہ سجادہ نشیں ہوتے چلے آئے ہیں''۔[۷]

واقعی شیخ فیض اللہ کی ذات سے سلسلۂ چشتیہ سراجیہ کی بڑی ترقی ہوئی اور طریقت وروحانیت اور اخلاق ومحبت کی اشاعت کا کام بڑے پیمانے پر ہوا ۔بڑے بڑے علما وفضلا آپ کے دامن ارشاد سے وابستہ ہوئے جنھوں نے علمی وتحقیقی دنیا میں اپنی مثال قائم کی ہے۔

شیخ حسام الدین علم وفضل،زہد وورع،ولایت ومعرفت اور مقام ومرتبہ میں عبقری زمانہ تھے۔اربابِ علم وطریقت اور اصحابِ تاریخ وتحقیق آپ کو سلطان العاشقین،حجۃ العارفین،برہان الصادقین،مَلِک المشائخ اور اکسیر عشق وغیرہ القاب سے یاد کرتے ہیں۔

مرتب گنج ارشدی شیخ غلام رشید عثمانی جون پوری کے حوالے سے وسیلۃ النجاۃ میں ہے:

شیخ حسام الدین را جمیع بزرگان آن وقت "اکسیر عشق" می گفتند"۔[۸]

یعنی: شیخ حسام الدین کو اُس عہد کے تمام بزرگان دین ''اکسیر عشق'' کہتے تھے۔

آپ نے علوم طریقت ومعرفت اور تعلیمات وہدایاتِ تصوف کی ترویج وتوسیع میں لازوال اور حیرت انگیز کارنامے پیش کیے ہیں۔آپ عمدہ تعلیم وتربیت اور روحانی صحبت ومجلس سے آپ کے صاحب زادگان اور خلفا ومریدین کمالات ومراتب کو پہنچے۔آپ کے خلفا کی تعداد کے بارے میں صاحب گلزار ابرار شیخ محمد غوثی شطاری مانڈوی بیان کرتے ہیں:

''تمام بنگالہ والے متفق اللفظ کہتے ہیں کہ مخدوم شیخ حسام الدین کے ایک سو بیس خلیفہ تھے جو صاحب کمال واکمال تھے''۔[۹]

اس کے بعد شیخ محمد غوثی نے آپ کے ۱۵؍خلفا کے اسما کو ذکر کرتے ہوئے ان کے مراتب وکمالات کا اظہار یوں کیا ہے:

''یہ تمام صدر الذکر اصحاب اکابر زمانہ کے پیشوا تھے۔بعض اہل باطن تھے اور بعض اہل ظاہر اور اہل بیان تھے''۔[۱۰]

آپ کے خلفا وفیض یافتگان نے عشق ومعرفت، اخلاق وتصوف، طریقت وحقیقت، تحقیق وتصنیف، شعروادب اور خدمت خلق کا قابل قدر فریضہ انجام دیا اور ہر شعبے میں اپنی عظمت ورفعت، انفرادیت وخصوصیت اور امامت وپیشوائی ثابت فرمائی۔چناں چہ شیخ شہاب الدین مانک پوری نے آپ کے مکتوبات کو یکجا کرکے انھیں کتابی شکل میں مرتب کیا ہے جو آپ نے اپنے پیرومرشد، مریدین ومتوسلین، خلفا ومجازین اور معاصر علما ومشائخ کے نام تحریر فرمائے تھے۔سید شاہ مسعود بن سید ظہیر الدین عرف شاہ سیدو فتح پوری کا فارسی مجموعۂ کلام قلمی شکل میں دیوانِ شاہ سیدو کے نام سے موجود ہے۔شیخ فرید الدین سالار عراقی نے آپ کے ارشادو فرمودات کو''رفیق العارفین'' کے نام سے مرتب کیا ہے جو شائع ہو چکا ہے۔آپ کے بھانجے اور مرید وخلیفہ شیخ کمال الدین مانک پوری نے جامع الفوائد کے نام سے آپ کے ارشادات ووظائف کو مرتب کیا ہے جو خطی شکل میں موجود ومحفوظ ہے۔آپ کے ایک مرید وفیض یافتہ شیخ عابد سوہانی بھی تھے جو صاحب دیوان شاعر تھے۔

آپ کے باکمال مرید وخلیفہ: راجی سید حامد شہ مانک پوری کی ذات وشخصیت سے سلسلۂ چشتیہ سراجیہ اوجِ کمال کو پہنچا ہے۔بڑے بڑے علما ومحققین اور صاحبانِ فقر وعرفان ان کے دامن سے وابستہ ہوکر مرتبۂ کمال کو پہنچے ہیں جن میں ان کے خلف وجانشیں راجی سید نور مانک پوری کے علاوہ ملا شیخ الٰہ داد جون پوری، ملا شیخ حسن طاہر جون پوری ثم دہلوی، شیخ بہاء الدین جون پوری وغیرہ مشاہیر علما ومحققین اور عرفا ومشائخ قابل ذکر ہیں۔راجی سید نور کے مریدین میں بندگی میاں شیخ نظام الدین امیٹھوی ، ملا حسن طاہر کے خلفا میں بندگی جلال الحق قاضی خاں ناصحی ظفرآبادی، شیخ بہاء الدین جون پوری کے خلفا میں شیخ اڈھن جون پوری ومیر سید علی قوام سرائے میری، شیخ الٰہ داد کے خلفا میں بندگی شیخ معروف جون پوری بڑے نامور ہوئے ہیں۔بندگی میاں نظام الدین کے خلف وجانشیں بندگی شیخ محمد امیٹھوی تھے جن کے مریدین وخلفا میں جمال الحق بندگی شیخ مصطفیٰ عثمانی جون پوری ثم پورنوی کافی مشہور ہوئے جن کے خلف وجانشیں شیخ محمد رشید عثمانی جون پوری برصغیر کی قدیم علمی و تاریخی خانقاہ؛ خانقاہ رشیدیہ جون پور کے بانی ہوئے اور ان کے سلسلۂ درس وتدریس اور ارشاد وہدایت سے باکمال علما ومشائخ وجود میں آئے اور علم وتصوف کی بڑے پیمانے پر توسیع واشاعت ہوئی ہے۔بندگی میاں نظام الدین کے خلفا میں شیخ فتح اللہ راج گیری، شیخ نظام الدین نارنولی اور قاضی مبارک گوپامئوی جیسے مشاہیر صوفیہ بھی جن میں شیخ فتح اللہ اور شیخ نظام نارنولی؛ بندگی شیخ مصطفیٰ عثمانی کے مرشدین طریقت میں شامل ہیں۔

شیخ حسام الدین نے علوم شریعت کی تعلیم وتدریس اور تعلیمات تصوف کی تلقین وہدایت کے ساتھ تصنیف وتالیف اور ادب وتحقیق کا بھی اہم فریضہ انجام دیا ہے۔چناں چہ نقوشِ قلم میں انیس العاشقین، رسالہ محویہ، خلاصۃ الاوراد اور مکتوبات ہیں۔رفیق العارفین آپ کے ملفوظات وارشادات کا مجموعہ ہے جس کو آپ کے مرید وخلیفہ شیخ فرید سالار عراقی نے مرتب کیا ہے۔خلاصۃ الاوراد قدیم فارسی زبان میں بشکل مخطوطہ ۱۴۸؍اوراق (۲۹٦؍صفحات) پر مشتمل ایک گراں قدر تالیف ہے جب

کہ مکتوبات بھی بحالت قلمی ۲۳۳/اوراق (٤٦٦/صفحات) پر محتوی ہے جس کو آپ کے مرید وخلیفہ شیخ شہاب الدین مانک پوری نے مرتب کیا ہے۔

شیخ غوثی مانڈوی مکتوبات کے بارے میں رقم طراز ہیں:

> 'ان مکتوبات میں زیادہ حصہ ان مکتوبات کا ہے جو مولانا نے اپنے بڑے بیٹے اور عزیز ترین فرزند شیخ فیض اللہ کے نام لکھے تھے۔شیخ فیض اللہ ''قاضی شاہ'' کے نام سے نام زد ہیں۔ چند خط اپنے دوسرے بیٹے شیخ احمد کے نام بھیجے تھے۔شیخ احمد کو آپ ''شیخ بدہا''، ''نور دیدہ'' اور ''دیدۂ نور'' کہا کرتے تھے۔بعض خطوط شیخ نعمت اللہ کے نام ہیں۔شیخ نعمت اللہ لوگوں میں شیخ نھو کے نام سے مشہور ہیں ،اور کچھ حصہ خطوں کا ایسا ہے جو شیخ زاہد، شیخ اکمل، شیخ راجن اور شیخ خواند عالم مشہور بہ ''عاشق'' کے نام بھی لکھے گئے ہیں۔ یہ سب شیخ نور قطب عالم کے نواسے ہیں''۔[۱۱]

آپ کی تصانیف میں ''انیس العاشقین'' اور ''رسالہ محویہ'' اور مجموعۂ ملفوظات ''رفیق العارفین'' ہی شائع ہوئے ہیں۔انیس العاشقین کا اردو ترجمہ مفتی اسحاق رضوی مصباحی نے کیا ہے جو خانقاہ حسامیہ مانک پور (ضلع پرتاب گڑھ یوپی) سے ۲۰۱۹ء میں شائع ہوا ہے۔رسالہ محویہ کا اردو ترجمہ ڈاکٹر عبدالواسع کے ہاتھوں خانقاہ حسامیہ مانک پور سے ۲۰۱۸ء میں شائع ہوا ہے جب کہ انگریزی ترجمہ ڈاکٹر سجاد عالم رضوی مصباحی کے ہاتھوں خانقاہ حسامیہ مانک پور کے زیر اہتمام شاہ عبدالعلیم آسی فاؤنڈیشن دہلی سے ۲۰۲۲ء میں شائع ہوا ہے۔رفیق العارفین ڈاکٹر سجاد عالم رضوی مصباحی کے اردو ترجمے کے ساتھ خانقاہ حسامیہ مانک پور کے زیر اہتمام شاہ عبدالعلیم آسی فاؤنڈیشن دہلی سے ۲۰۲۲ء میں اشاعت سے ہم کنار ہوا ہے جب کہ خلاصۃ الاوراد اور مکتوبات کی تدوین وتحقیق اور ترجمہ کا کام جاری ہے۔

خلاصہ یہ کہ شیخ حسام الدین کی ذاتِ بابرکات سے معرفت وروحانیت، علم وادب اور تحقیق وتصنیف کا تاریخی کام سرانجام پایا۔آپ نے اپنی تصانیف اور مکتوبات کے ذریعے حقائق سلوک، معارفِ طریقت اور غوامض تصوف کو جس محققانہ انداز میں پیش کیا اور اصولِ طریقت، آدابِ مریدین، آدابِ مشائخ، تعلیماتِ تصوف، اصطلاحاتِ معرفت وغیرہ پر جامع اور فاضلانہ گفتگو فرمائی ہے، وہ قابل دید اور لائق مطالعہ ہے۔آپ کا مزار اقدس مانک پور (ضلع پرتاپ گڑھ یوپی) میں مرجع خلائق ہے۔

**مرتب ملفوظات:**

شیخ فریدالدین بن سالار عراقی تھے جو ایک جید عالم وبزرگ اور شیخ حسام الدین مانک پوری کے سعادت مند مرید وخلیفہ اور خادم وحاضر باش تھے۔آپ نے اپنے پیرومرشد کی مبارک صحبت اور بافیض مجلس میں نہ صرف حاضر رہ کر اپنے اندر روحانی وباطنی کمال پیدا کیا بلکہ ان کے بیان کردہ علمی نکات، روحانی افادات، ناصحانہ کلمات اور سبق آموز حکایات اور درسِ عبرت واقعات کو تحریری شکل میں محفوظ فرما کر ایک عظیم اور تاریخی کام سرانجام دیا اور مریدین ومتوسلین کے لیے ایک بیش قیمت سرمایہ مہیا کردیا۔

مرتب کے تفصیلی حالات نہیں مل سکے اور نہ ہی ان کے سنہ ولادت و وصال اور مرقد کا کوئی ذکر ملا، البتہ مرزا لعل بیگ بدخشی ''ثمرات القدس من شجرات الانس'' میں شیخ فرید سالار کے ذکر میں لکھتے ہیں:

" شیخ فرید الدین سالار بن محمد بن محمود عراقی قدس سره،وی مرید اکمل و اعظم مولانا حسام الدین است-وی بعد از ارادت از خدمت پیر خود لمحه ای جدا نمی بوده وهر چه از سخنان بلند ومعارف ارجمندوی شنیده آن را جمع نموده موسوم گردانیده به رفیق العارفین و آن را به چهل فصل منقسم ساخته"-[۱۲]

مرتب کے کچھ حالات رفیق العارفین میں بھی ملتے ہیں-مرتب نے دیباچے میں شیخ حسام الدین کی بارگاہ میں اپنی حاضری و ارادت، مجلس کے فوائد و برکات اور ملفوظات کی تحریر و ترتیب کے اسباب وغیرہ کو بیان کیا ہے، چناں چہ وہ لکھتے ہیں:

''فقیر حقیر، امیدوارِ رحمت معبودِ حقیقی و باقی فرید بن سالار بن محمد محمود عراقی......عرض گزار ہے کہ جب میں نے حضرت با عظمت...... کے سلسلے سے خود کو وابستہ کیا اور آپ کے خاص وفاداروں کے زمروں میں شامل ہو کر عام خدام کے درمیان ایک مقام پایا اور آپ کے خوش بیان کلمات اور دل آویز الفاظ جو حلاوت و شیرینی کے بحرِ ناپیدا کنار ہیں، کو ہوشِ جان اور گوشِ دل سے سنا اور روح کو طمانیت و سکون اور دل کو فرح و سرور حاصل ہوا تو میں نے چند گراں قدر موتیوں اور بیش بہا گوہروں کو جمع کر کے زیورِ خاص اور آرائش عام کے لیے تحریر کی لڑی میں پرو دیا اور ''رَفِیْقُ الْعَارِفِیْنَ عَلٰی اِرْشَادِ الطُّرُقِ وَمَقْصَدِ الْعَاشِقِیْنَ'' کے نام سے اس کو چالیس فصول پر مرتب کر دیا تا کہ سالکانِ راہِ طریقت اور واصلانِ گوہرِ حقیقت اسے اپنا رفیق و ساتھی بنا کر سفر میں ساتھ لے جائیں''-[۱۳]

مرتب کے والد شیخ سالار اور جد امجد شیخ محمد بن محمود عراقی تھے لیکن مصنف ثمرات القدس نے شیخ محمد بن محمود کو مرتب کا والد قرار دیا ہے جب کہ خود مرتب نے ''فرید بن سالار'' سے صراحت کر دی ہے کہ شیخ سالار ان کے والد تھے-غالباً والد کی نسبت کے ساتھ تذکروں میں ان کا پورا نام ''شیخ فرید الدین سالار'' ذکر کیا گیا ہے جیسا کہ جامع مکتوبات نے فہرست مکتوبات میں کسی مکتوب میں ان کا نام ''شیخ فرید الدین سالار'' اور کسی میں ''مولانا فرید الدین سالار'' درج کیا ہے، وہ بیان کرتے ہیں:

"مکتوب چهل و نهم بجانب شیخ فرید الدین سالار......—مکتوب پنجاهم بجانب مولانا فرید الدین سالار"-[۱٤]

رفیق العارفین کے مرتب مولانا شیخ فرید الدین ہی ہیں ان کے علاوہ کوئی اور نہیں جیسا کہ بعض تذکرہ نگاروں نے رفیق العارفین کے بارے میں لکھا ہے کہ اسے شیخ حسام الدین کے کسی مرید نے جمع کیا ہے اور بعض نے بیان کیا ہے کہ اسے شیخ کے کچھ مریدوں نے جمع کیا ہے؛ مثلاً شیخ حسام الدین کے حالات میں شیخ عبد الحق محدث دہلوی فرماتے ہیں:

"اورا ملفوظات است مسمی برفیق العارفین بعضی از مریدان او جمع کرده

است"۔[١٥]

اسی طرح شیخ محمد غوثی شطاری مانڈوی ''گلزار ابرار'' میں رقم طراز ہیں:

''ایک رسالہ ہے رفیق العارفین نام جس میں ایک مرید نے آپ کی دل نشیں باتیں فراہم کی ہیں ''۔[١٦]

تذکرہ نگاروں میں صاحب ثمرات القدس؛ مرزا لعل بیگ بدخشی واحد تذکرہ نویس ہیں جنھوں نے رفیق العارفین کے مرتب کا تعین کرتے ہوئے اس کا نام شیخ فریدالدین ذکر کیا ہے۔

واضح رہے کہ مصنف ثمرات القدس مانک پور شریف ہی میں پروان چڑھے ہیں اور شیخ حسام الدین کے روضے کی انھوں نے زیارت بھی کی ہے جیسا کہ شیخ کے حالات میں ایک جگہ لکھتے ہیں:

"کاتب دران جا نشو ونما یافته و اکثر به مزار وی میرفته"۔[١٧]

مصنفِ ثمرات القدس نے شیخ حسام الدین کے مرید وخلیفہ شاہ سیدو فتح پوری کے مزار پر بھی حاضری دی ہے جیسا کہ شاہ سیدو کے حالات میں وہ لکھتے ہیں:

"وکاتب در سنه هزارو چهار به طواف مزارفایض الانوار وی مشرف گشت۔ گنبد عالی که پادشاهان آن وقت بر قبر وی بنا نهاده بودند،از کثرت باران فرو ریخته بود،آن را از سر تعمیر نموده چنان که بود راست نموده در سنۂ هزار و نه اتمام رسید"۔[١٨]

رفیق العارفین قدیم فارسی زبان و بیان میں نہایت علمی وتاریخی مواد اور اخلاقی وروحانی تعلیمات وہدایات کا ایک بیش قیمت سرمایہ اور اہم ماخذ ومصدر ہے جس کا اصل نام ''رَفِیْـقُ الْعَارِفِیْنَ عَلَی اِرْشَادِالطُّرُقِ وَمَقْصَدِ الْعَاشِقِیْنَ'' ہے۔ یہ کتاب قدیم فارسی زبان میں بشکل مخطوطہ تھی جس کا اردو ترجمہ ڈاکٹر محمد سجاد عالم رضوی (صدر شعبۂ تاریخ: پریسیڈینسی یونی ورسٹی کولکاتا) نے کیا ہے جو خانقاہ حسامیہ مانک پور کے زیر اہتمام شاہ عبدالعلیم آسی فاؤنڈیشن دہلی سے ٢٠٢٢ء میں شائع ہو چکا ہے ۔

یہ کتاب ٢٣٢ صفحات پر محیط مجموعی طور پر چالیس (٤٠) فصلوں پر مشتمل ہے جن میں پہلی فصل توبہ، دوسری ارادت، تیسری ذکر، پانچویں منازلِ سلوک، چھٹی مراقبہ، ساتویں عشق وشوق، آٹھویں مشاہدہ، نویں توحید ومعرفت، دسویں سماع، گیارہویں یقین، بارہویں توکل، تیرہویں قناعت، چودہویں نفاق، پندرہویں تقدیر پر ایمان ویقین، سولہویں ترکِ دنیا، سترہویں انکسارِ نفس، اٹھارہویں ایمان، انیسویں خوف ورجا، بیسویں غیرت، اکیسویں شب بیداری، بائیسویں تقویٰ وورع، تیئیسویں روزہ، چوبیسویں اَوراد، پچیسویں نمازِ شب جمعہ، چھبیسویں قضائے حاجات وکفایت مہمات کے لیے دعا ونماز، ستائیسویں نمازِ معکوس، اٹھائیسویں ستر عورت، انتیسویں تحمل وتواضع، تیسویں محبت ومدارات، اکتیسویں لباس، بتیسویں سوزشِ نفس، تینتیسویں فتوح، چونتیسویں اعراس، پینتیسویں صدقہ، چھتیسویں رضا وتسلیم، سینتیسویں اُنسیت ومحبت، اڑتیسویں وصال، انتالیسویں آداب اور چالیسویں متفرق فوائد پر محیط ہیں ۔

آخری فصل میں دیگر چیزوں کے ساتھ صاحب ملفوظات کے والدین کے روضے کی زیارت وتفصیلات اور آدابِ فاتحہ وطریقۂ ایصال ثواب وغیرہ سے متعلق خاصی معلومات درج ہیں۔اس میں سرزمین مانک پور اور اس کے مضافات و دیہات میں وقوع پذیر کئی اہم تاریخی واقعات بھی درج ہیں اور مرتب ملفوظات پر صاحب ملفوظات کی الطاف وعنایات کا ذکر بھی۔ملفوظات میں کچھ ارشادات مکرر بھی آ گئے ہیں مثلاً ایک اعرابی کا بارگاہ نبوی میں حاضر ہوکر السام علیک یا رسول اللہ کہنے اور حضرت عائشہ صدیقہ کا وعلیک السام یا اعرابی سے جواب دینے پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ناراض و برہم ہوکر حضرت عائشہ کو تنبیہ کرنے کا واقعہ ۲۹ رویں فصل میں بھی درج ہے اور ۴۰ رویں فصل میں بھی۔

رفیق العارفین علوم طریقت اور معارف تصوف کا ایک مستند ومعتبر مجموعہ ہے۔اس کے مرتب ایک صاحب علم وفن ہونے کے ساتھ تصوف وطریقت کے بھی رمز شناس تھے اور شیخ کامل کی بافیض صحبت ومجلس کے مخلص حاضر باش اور وفا شعار مرید ومعتقد۔پیرومرشد سے خط وکتابت کے ذریعے بھی گہرا رابطہ وتعلق تھا۔اپنے پیرومرشد کے اسرارِ باطنی کے راز دار اور معتمد وبھروسہ مند تھے۔طریقت ومعرفت کی رازدارانہ باتیں آپ سے بذریعۂ مکتوب بھی فرماتے۔اپنے پیرومرشد کے سفروحضر میں اکثر رفیق وساتھی ہوتے۔اپنے شیخ سے متعلق کئی اہم واقعات کے چشم دید تھے جو انہی کی موجودگی میں ظہور پذیر ہوئے تھے۔

ان ملفوظات کی استنادی اہمیت اس اعتبار سے بھی ہے کہ مرتب نے ان کو شیخ کی مجلس مبارک میں بنفس نفیس بیٹھ کر اور فیض ترجمان سے براہ راست سن کر ہی ان کو قلم بند کیا ہے اور تمام ملفوظات کو''ارشاد فرمان شد'' یا''فرمان شد'' سے ہی بیان کیا ہے۔اس کی اہمیت وعظمت اس اعتبار سے بھی کافی ہے ہر دور کے علما ومحققین نے اس سے استفادہ کیا ہے اور اپنی اپنی تصنیفات اور تذکروں میں جا بجا اس کے حوالہ جات اور اقتباسات نقل کیے ہیں اور اس کی اہمیت وافادیت اور استنادی حیثیت کو اجاگر کیا ہے۔تذکرۂ مشائخ شیراز ہند میں ہے:

> ''ان کے مریدوں نے ان کے ملفوظات رفیق العارفین کے نام سے جمع کیے ہیں جن میں ان کے حالات کے علاوہ اس دَور کی سماجی وثقافتی اقدار کا بھی پتا دیتا ہے۔شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے بھی رفیق العارفین کی تعلیمات کا اپنی اخبار الاخیار میں ذکر کیا ہے''۔[۱۹]

تاریخ وتذکرہ کی جن کتابوں میں بکثرت اس کے حوالے ملتے ہیں،ان میں جامع الفوائد از شیخ کمال الدین مانک پوری،ثمرات القدس من شجرات الانس از مرزا لعل بیگ بدخشی،اخبار الاخیار از شیخ عبدالحق محدث دہلوی،گلزار ابرار از شیخ محمد غوثی شطاری مانڈوی،مرآۃ الاسرار از شیخ عبدالرحمٰن چشتی لکھنوی،گنج ارشدی از شیخ غلام رشید عثمانی جون پوری،وسیلۃ النجاۃ از شیخ احسن اللہ علوی جون پوری،بحر زخار از شیخ وجیہ الدین اشرف لکھنوی،تاریخ ہندوستان[آب کوثر] از شیخ محمد اکرام،تذکرۂ صوفیہ بنگال از ڈاکٹر اعجاز الحق قدوسی،تذکرۂ مشائخ شیراز ہند جون پور از میاں محمد سعید،تذکرۂ علمائے ہند از مولانا رحمٰن علی،تذکرۂ مشائخ شیراز ہند از میاں محمد سعید وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

یہ ملفوظات قرآنی آیات،احادیث رسول،آثارِ صحابہ،ارشاداتِ صوفیہ،اقوالِ عرفا اور مستند حق آگاہ شعرا کے کلام سے مبرہن ہیں۔ قرآن،تفسیر،حدیث،فقہ،تصوف،اخلاق،شعر وادب،اوراد و وظائف وغیرہ مختلف علوم وفنون اور مضامین وموضوعات کا ان میں ذکر ہے۔مناسب مقام شیخ سعدی شیرازی اور امیر خسرو دہلوی وغیرہ کئی صوفی ومستند شعرا کے

کلام درج ہیں اسی طرح حسب حال متعدد مقامات پر عربی اشعار اور ہندوی کلام بھی شامل ہیں۔

تصوف و روحانیت کے تحت تصوف کے اصول وقواعد، اصطلاحاتِ تصوف اور ان کی تشریح وتوجیہ، آدابِ ارادت، صحبت و خدمتِ شیخ، آدابِ مشائخ، آدابِ مریدین، مسئلہ سماع، معمولاتِ صوفیہ، مراسم اہل سنت اور اوراد واذکار وغیرہ کا ذکر ہے۔ چناں چہ صوفیہ کو تلقین وہدایت کرتے ہوئے صاحب ملفوظات فرماتے ہیں کہ صوفی کو چاہیے کہ کوئی اس پر لاکھ جفا کرے لیکن وہ اس کے ساتھ وفا کرے اور بھلائی کے ساتھ پیش آئے۔ درویشی تحمل کرنے اور تواضع اختیار کرنے ہی کا نام ہے۔ درویشوں کا کام برداشت کرنا ہے۔ ان کے لیے بدلہ لینا جائز نہیں۔ پیر کو چاہیے کہ وہ مرید کو اپنے سامنے کسی چیز کا حکم نہ فرمائے اس لیے کہ اگر وہ اسے نہیں کرے گا تو وہ عاق اور نافرمان ہوگا۔ حضرت قطب عالم شیخ نور الحق والشرع والدین قدس سرہ کسی کو کچھ کہتے تو فرماتے تو اگر ایسا کرے تو ایسا ہوگا۔

اسی طرح مریدین کو ہدایت وتنبیہ کرتے ہوئے صاحب ملفوظات فرماتے ہیں کہ ارادت کے بعد پیر ومرشد کی خدمت شرط ہے۔ پیر کے پاس زیادہ رہے تاکہ اسے درویشوں کی روش، سند اور مذہب کا علم حاصل ہو اور معلوم ہو کہ درویشی یہی ہے محض نماز اور روزے کا نام درویشی نہیں۔ مرید کو چاہیے کہ جب وہ پیر کی خدمت میں رہے تو اپنے کو ہمیشہ نیا خریدا ہوا غلام سمجھے تاکہ اس سے لغزش کا صدور نہ ہو۔ ارادت کے بعد مرید نماز بہت زیادہ پڑھے اور تلاوت بھی خوب کرے۔ روز وشب کا کوئی وقت بے کار نہ چھوڑے۔ اپنے پرانے حریفوں کے ساتھ بالکل نشست وبرخواست نہ کرے۔

ملفوظات میں جا بجا بصیرت افروز اور حکمت آمیز باتیں بھی مذکور ہیں جو بڑی اہمیت کی حامل ہیں مثلاً یہ کہ کم عقل کی پہچان ہے کہ وہ خود کو بڑا گمان کرتا ہے اور کسی سے کم نہیں سمجھتا ہے۔ جو شخص بچوں کو خوش رکھتا ہے، چاہے وہ اپنے ہوں یا دوسروں کے، کل قیامت میں بہشت کے فرشتے اس کو آواز دیں گے کہ اے فلاں! اس دروازہ سے آؤ کہ تمہارا راستہ ادھر ہی ہے۔ جو شخص دنیا میں شفاعت کرتا ہے، آخرت میں بھی اسے مقام شفاعت حاصل ہوگا۔

صاحب ملفوظات نے سماع پر بھی جامع گفتگو کی ہے اور اس کی اہمیت وعظمت کو بیان کیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ سماع میں زمان، مکان اور اخوان کی شرط ہے۔ اگر محرک مباح ہو تو سماع بھی مباح ہوگا اور اگر محرک حرام ہو تو سماع بھی حرام ہوگا۔ سماع میں اجتماع چاہیے، ہوسکتا ہے جماعت کے درمیان کوئی دردمند اور اہل ذوق ہو اور اس کا درد دوسرے پر بھی اثر کرے اس لیے کہ جماعت اس سے خالی نہیں۔ سماع میں قوال جو کہے اسی کو سنیں فرمائش نہ کریں اس لیے کہ قوال بغیر طلب وقصد کے جو کہتا ہے وہ اسی کی طرف سے متصور ہے اور سامع کو چاہیے کہ منتظر ہو تاکہ غیب سے پردہ اُٹھ جائے۔

آپ نے بعض مقامات پہ حکایات صوفیہ کو نقل کرنے کے بعد ان کی دل نشیں تشریح اور عمدہ توجیہ بھی بیان فرمائی ہے مثلاً سلسلۂ ارادت کی صحت و درستگی اور اس کی اہمیت پر گفتگو کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

> ''سلسلے کی کڑی درست اور سیدھی ہے تو اگر کسی ایک کی دعا قبول نہ ہو تو دوسرے کی قبول ہو جاتی ہے اور اگر نعوذ باللہ کسی کی بھی دعا قبول نہ ہو تو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا رد نہیں ہوتی اور بلا شک وشبہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا قبول ہوتی ہے۔ پس ہر حال میں درست کڑی درکار ہے''۔[۲۰]

ملفوظات میں نماز پنج گانہ کے بعد پڑھی جانے والی دعاؤں اور وظیفوں اور روز وشب کے معمولات اور ان کے

اوقات اور نوافل وغیرہ کا بھی ذکر ہے ۔نوافل میں صلاۃ المحبۃ،صلاۃ العشق،صلاۃ الصلات،صلاۃ القربۃ،صلاۃ الاعراب،نمازِ معکوس،نمازِ رضاے والدین ،نمازِ حفظ ایمان،نمازِ ہزار سجدہ وغیرہ مذکور ہیں۔ان عبادات ومعاملات کے ذیل میں جگہ جگہ شرعی وفقہی مسائل کا بھی بیان ہے مثلاً ایک جگہ شیخ حسام الدین فرماتے ہیں:

''حضرت قطب عالم نے سب سے پہلے مجھ سے یہ فرمایا:''نماز عشا کی چار رکعت سنت کے بعد کوئی بات نہ کرے''۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سنت زائدہ کے بعد بات کرنے کو فقہا منع کرتے ہیں۔ سنت مؤکدہ کے بعد بات نہ کرنا طریق اولیٰ پر ہوگا۔اس روز سے فرض نمازوں کے بعد کی سنتوں میں کوئی بات نہیں کی جاتی ہے۔اگر کوئی بات کی جاتی ہے تو پھر اس سنت کا اعادہ کرلیا جاتا ہے''۔[۲۱]

اس میں کئی سلاطین سے متعلق ملکی وسیاسی واقعات کا ذکر ہے ،ساتھ ہی بہت سے مشاہیر ارباب علم وبصیرت اور اساطین طریقت ومعرفت کی فکری و اصلاحی تعلیمات پر مبنی ان کے دلچسپ واقعات اور سبق آموز حکایات بھی درج ہیں۔ یہ مجموعۂ ملفوظات خصوصاً شیخ نور قطب عالم پنڈوی اور شیخ علاء الحق پنڈوی وغیرہ بزرگانِ دین اور اکابر واسلافِ طریقت کے احوال وآثار،افکار ونظریات اور ارشادات وتعلیمات پر بھی ایک عظیم اور مستند ماخذ ہے۔اس میں شیخ نور قطب عالم کے معمولات ومشاغل اور عادات وخصائل پر بھی خاصی معلومات ملتی ہیں جو دیگر کتابوں میں نہیں ہیں۔ساتھ ہی اس میں شیخ نور کے صاحب زادگان اور صاحب ملفوظات کے مخدوم زادگان؛شیخ رفعت الدین پنڈوی عرف بڑے میاں اور شیخ انور پنڈوی عرف چھوٹے میاں کے حالات وواقعات اور افکار وخیالات کا بھی جا بجا ذکر ہے۔سرزمین پنڈوہ کے حوالے سے کئی نادر معلومات بھی فراہم ہوتی ہیں جو علمی وتاریخی اور ثقافتی لحاظ سے کافی اہم ہیں۔

اس طرح رفیق العارفین مختلف علوم وفنون اور متعدد تحقیقی موضوعات خصوصاً تصوف وسلوک کے لحاظ سے ایک نہایت علمی ،تاریخی اور اہم کتاب ہے۔ ہر دور کے اہل علم ومعرفت اور اصحاب تاریخ وتحقیق نے اس کو اہمیت دی ہے اور بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے۔

## حوالہ جات


[۱]اخبار الاخیار[فارسی]،تصنیف؛شیخ عبدالحق محدث دہلوی،ص:۱۷۸،ناشر:نوریہ رضویہ پبلشنگ کمپنی لاہور،سنہ طبع:۲۰۰۹

[۲] نفس مصدر

